ان يواظب على الاذكار التي سنها رسول الله صلى الله عليه وسلم في اثناء كان الصلاة وان يسلم على كل ركعتين، ثم يدعو بين يديه يقول يا رب يا رب يتبرئ في الدعاء، وكان في دعائه صلى الله عليه وسلم اللهم اجعل في قلبي نورا وفي بصري نورا وفي سمعي نورا وعن يميني نورا وعن يساري نورا وفوقي نورا وتحتي نورا وامامي نورا وخلفي نورا واعظم لي نورا واجعل لي نورا وقد صلاها النبي صلى الله عليه وآله وسلم على وجوه، والكل سنة والاصل ان صلاة الليل هو الوتر

لا اله الا انت ولا اله غيرك ۔

اور اذکار میں جملہ یہ ہے کہ اللہ اکبر دس بار اور الحمد للہ دس بار کہے اور سبحان اللہ وبحمدہ دس بار کہے اور استغفر اللہ دس بار اور لا الہ الا اللہ دس بار کہے اس کے بعد دس بار یہ پڑھے۔ اللھم انی اسئلک من ضیق الدنیا وضیق یوم القیمۃ، اور اذکار میں جملہ یہ ہے لا الہ الا انت سبحانک اللھم وبحمدک استغفرک لذنبی واسألک رحمتک اللھم زدنی علما ولا تزغ قلبی بعد اذ ھدیتنی وھب لی من لدنک رحمۃ انک انت الوھاب۔

اور اس جملہ پر ہے کہ یہ آیت پڑھے ان فی خلق السموت والارض واختلاف اللیل والنھار لایات لاولی الالباب الخ سورۃ تک اس کے بعد مسواک کرے اور وضو کرے اور وتر سمیت گیارہ یا تیرہ رکعتیں پڑھے،

اور تہجد کی نماز کے آداب میں سے یہ ہے

اور نماز تہجد کے آداب میں سے یہ ہے کہ ان اذکار پر مداومت کرے جن کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس نماز میں مسنون کیا ہے اور ہر دو رکعت پر سلام پھیرے اور یوں کہے یا اللہ یا رب یا رب گڑگڑائے اور دعا مانگے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم جو دعا اس نماز میں کہتے تھے یہ اللھم اجعل فی قلبی نورا وفی بصری نورا وفی سمعی نورا وعن یمینی نورا وعن یساری نورا وفوقی نورا وتحتی نورا وامامی نورا وخلفی نورا واعظم لی نورا واجعل لی نورا اور اس نماز تہجد کو جس طرح نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مختلف طریقوں سے پڑھا ہے اور سب طریقے مسنون ہیں مگر اصل یہ ہے کہ شب کی نماز وتر ہے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول کے یہی معنی ہیں کہ حقیق اللہ تعالیٰ نے تمہاری ایک نماز کے ساتھ مدد کی ہے اور وہ وتر ہے

وهو معنى قوله صلى الله عليه وآله وسلم ان الله امدكم بصلاة هي الوتر فصلوها ما بين العشاء الى الفجر، وانما شرعها النبي صلى الله عليه وسلم وترا لان الوتر عدد مبارك، وهو قوله صلى الله عليه وسلم ان الله وتر يحب الوتر فاوتروا يا اهل القرآن لكن لما رأى النبي صلى الله عليه وسلم ان القيام لصلاة الليل جهد لا يطيقه الانسان ونفق له لم يشرعه كشرعا عاما، ورخص في تقديم الوتر اول الليل ورغب في تاخيره وهو قوله صلى الله عليه وسلم من خاف ان لا يقوم من آخر الليل فليوتر اوله، ومن طمع ان يوتر آخره فليوتر آخره فان صلاة آخر الليل مشهودة وذلك افضل، والحق ان الوتر سنة هو اكد السنن بينه علي وابن عمر، وعبادة بن صامت رضي الله عنهم قوله صلى الله عليه وآله وسلم ان الله امدكم بصلاة هي خير لكم من حمر النعم

اقول هذه اشارة الى ان الله تعالى لم يفرض عليهم الا مقدارا يأتي منهم نفرض عليهم اولا احدى عشرة ركعة ثم اكملها بباقي الركعات في الحضر ثم امدها بالوتر للمحسنين لعلمه صلى الله عليه وسلم ان المستعدين للاحسان يحتاجون الى مقدار زائد

پس اس کو عشاء سے فجر تک کے درمیان پڑھ لیا کرو۔" اور اس کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے طاق اس واسطے مقرر کیا ہے کہ طاق مبارک عدد ہے چنانچہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اللہ تعالیٰ طاق ہے طاق کو پسند کرتا ہے۔ اس واسطے اے اہل قرآن تم نماز طاق پڑھا کرو۔" لیکن جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ نماز تہجد کے لئے اٹھنے میں مشقت ہوتی ہے اور اس کی برداشت نہیں کر سکتے ہے جس کو خدا تعالیٰ نے توفیق عطا کی ہو اس لئے اس کو تمام امت پر لازم نہیں کیا اور اول رات میں وتر پڑھنے کی اجازت دی اور تاخیر سے پڑھنے کی رغبت دلائی، چنانچہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کو یہ خوف ہو کہ اخیر شب میں نہ اٹھ سکے گا تو اول شب میں وتر پڑھ لے اور جس کو اخیر شب میں پڑھنے کی امید ہو تو وہ اخیر شب میں وتر پڑھے کیونکہ شب کی نماز پر ملائکہ حاضر ہوتے ہیں اور وہ افضل ہے۔"

اور حق یہ ہے کہ وتر سنت ہیں اور وہ سب سنتوں سے زیادہ مؤکد ہیں، حضرت علی، ابن عمر اور عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہم نے اس کو بیان کیا ہے، نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "خدا تعالیٰ نے تم کو ایک ایسی نماز زیادہ دی جو تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔"

میں کہتا ہوں: یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر نماز کی وہ مقدار فرض کی ہے جس کو وہ ادا کر سکیں پس اول ان پر گیارہ رکعتیں فرض کیں بعد ازاں حضرت کے اندر باقی رکعات سے ان کو پورا کر دیا پھر محسنین کے لئے ان کو وتر کے ساتھ اور بڑھا دیا کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس بات کو جانتے تھے کہ جو لوگ احسان کے درجہ کی استعداد رکھتے ہیں

فجعل الزيادة بقدر الاصل احدى عشرة ركعة وهو قول ابن مسعود رضى الله عنه للاعرابي ليس لك ولا صحابك ومن اذكار الوتر كلمات علمها النبي صلى الله عليه وسلم الحسن بن علي رضى الله عنهما فكان يقولها في قنوت الوتر. اللهم اهدني فيمن هديت وعافني فيمن عافيت وتولني فيمن توليت وبارك لي فيما اعطيت وقني شر ما قضيت فانك تقضي ولا يقضى عليك انه لا يذل من واليت ولا يعز من عاديت تباركت ربنا وتعاليت ومنها ان يقول في اخره اللهم اني اعوذ برضاك من سخطك واعوذ بمعافاتك من عقوبتك واعوذ بك منك لا احصي ثناء عليك انت كما اثنيت على نفسك، ومنها ان يقول اذا سلم سبحان الملك القدوس ثلاث مرات يرفع صوته في الثالثة وكان النبي صلى الله عليه وسلم اذا صلاها ثلاثا يقرأ في الاولى سبح اسم ربك الاعلى وفي الثانية قل يا ايها الكافرون وفي الثالثة قل هو الله احد والمعوذتين، ومنها قيام شهر رمضان والسر في مشروعيته ان المقصود من رمضان ان يلحق المسلمون بالملائكة ويتشبهون بهم، فجعل النبي صلى الله عليه وسلم ذلك على درجتين درجة العوام وهي صوم رمضان والاكتفاء على الفرائض ودرجة المحسنين

وہ زائد مقدار کے حاجت مند ہیں اس واسطے اصل نماز کے برابر گیارہ رکعتیں زیادہ کر دیں اسی وجہ سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اعرابی سے کہا تھا کہ تیرے لئے اور تیرے ساتھیوں کے لئے یہ نہیں ہیں اور وتر کے اذکار میں سے وہ کلمات ہیں جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو تعلیم فرمائے پس آپ قنوت وتر میں یہ پڑھا کرتے تھے۔ اللھم اھدنی فیمن ھدیت وعافنی فیمن عافیت وتولنی فیمن تولیت وبارک لی فیما اعطیت وقنی شر ما قضیت فانک تقضی ولا یقضی علیک انہ لا یذل من والیت ولا یعز من عادیت تبارکت ربنا وتعالیت،

اور ان اذکار میں سے یہ ہے جس کو آپ آخر میں پڑھتے تھے۔ اللھم انی اعوذ برضاک من سخطک واعوذ بمعافاتک من عقوبتک واعوذ بک منک لا احصی ثناء علیک انت کما اثنیت علی نفسک

اور ان اذکار میں سے یہ ہے جسکو آپ سلام پھیرنے کے بعد پڑھتے تھے۔ سبحان الملک القدوس تین بار، تیسری مرتبہ میں آپ بآواز بلند کہتے تھے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب وتر کی تین رکعت پڑھتے تھے تو پہلی رکعت میں سورہ سبح اسم ربک الاعلی اور دوسری رکعت میں سورہ قل یا ایھا الکافرون اور تیسری رکعت میں سورہ قل ھو اللہ احد اور سورہ قل اعوذ برب الفلق اور سورہ قل اعوذ برب الناس پڑھتے تھے،

اور ان نوافل میں سے ماہ رمضان میں نماز تراویح کا قیام ہے اور اس کے مشروع ہونے میں یہ راز ہے کہ رمضان سے شارع کا مقصود یہ ہے کہ مسلمان ملائکہ کے ساتھ ملحق ہو جائیں اور اوصاف میں ان کے مشابہ

وهي صوم رمضان وقيام ليلة القدر. وتحريم اللسان مع الاعتكاف وسنة تعجيل الفطر الاواخر وقد علم امر صلى الله عليه وسلم ان جميع الامة لا يستطيعون الاخذ بالدرجة العليا وانه لا بد من ان يفعل كل واحد بحسبه قول صلى الله عليه وآله وسلم ما نهيتكم عنه فاجتنبوه وما امرتكم به فاتوا منه ما استطعتم وقوله صلى الله عليه وسلم دعوني ما تركتكم انما هلك من كان قبلكم بكثرة سؤالهم واختلافهم على انبيائهم فاذا امرتكم بشيء فاتوا منه ما استطعتم واذا نهيتكم عن شيء فدعوه وقوله صلى الله عليه وسلم ان الله كتب عليكم الحج فحجوا فقال رجل اكل عام يا رسول الله فسكت حتى قالها ثلاثا فقال لو قلت نعم لوجبت ولما استطعتم ثم قال ذروني ما تركتكم فانما هلك من كان قبلكم بسؤالهم وباختلافهم على انبيائهم فاذا امرتكم بشيء فاتوا منه ما استطعتم واذا نهيتكم عن شيء فاجتنبوه وقوله صلى الله عليه وسلم ان الله فرض عليكم فرائض فلا تضيعوها وحد لكم حدودا فلا تعتدوها وحرم عليكم اشياء فلا تنتهكوها وسكت عن اشياء رحمة بكم من غير نسيان فلا تبحثوا عنها وقوله صلى الله عليه وسلم ما احل الله في كتابه فهو حلال وما حرم فهو حرام وما سكت عنه فهو عفو فاقبلوا من الله عافيته فان الله لم يكن لينسى شيئا وتلا هذه الآية وما كان ربك نسيا وقوله صلى الله عليه وسلم ان الله فرض فرائض فلا تضيعوها وحد حدودا فلا تعتدوها ونهى عن اشياء فلا تنتهكوها وسكت عن اشياء من غير نسيان فلا تتكلفوها وقوله صلى الله عليه وسلم ان الله تجاوز لامتي عما وسوست به صدورها ما لم تعمل به او تتكلم به ؛

اعلم ان العبادات لا توقت عليهم الا بما اثبتت به نفوسهم وشحذتهم الى ذلك وبحسب ما تهيأ لهم من ذلك وقد علم النبي صلى الله عليه وسلم ان [illegible] ذلك [illegible] وبحسب ما تهيأ لهم من ذلك [illegible] فيهم [illegible] سنة سؤالهم [illegible] الفرائض [illegible] وان [illegible] دلائل [illegible] تشريعها [illegible] وان [illegible] دلائل [illegible] وقوله صلى الله عليه وسلم [illegible] الله عز وجل [illegible] المؤمنين [illegible] من وقوله صلى الله عليه وسلم [illegible] مالا خلق له الدرجة اسكن من

ہو جائیں پس اس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دو دفعہ حرام میں کر دیا یک درجہ عوام کا ہے اور وہ رمضان کے روزے رکھنا اور فرائض پر اکتفا کرتا ہے اور وہ سوا دو نہیں کا ہے اور وہ رمضان کے روزہ رکھنا، راتوں میں عبادت کرنا اور اعتکاف کے ساتھ زبان کو بچانا اور عشرہ اخیرہ میں نہایت آمادگی ظاہر کرنا ہے، اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم جانتے تھے کہ تمام امت اس درجہ علیا پر قائم نہ ہو سکے گی اور یہ ضروری تھا کہ ہر شخص اپنی طاقت کے موافق عمل کرے،

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس کام کو تم نے ہمیشہ کیا میں اس کو دیکھتا رہا ہوں یہاں تک کہ مجھ کو خوف ہوا کہیں تم پر فرض نہ ہو جائے اور اگر فرض ہو جاتا تو تم [illegible]

[illegible] عبادات کی توقیت بندوں پر کسی قدر [illegible] [illegible] مطمئن ہیں اس کے [illegible] اور [illegible] عبادت کی کرنے سے اپنے دل میں طاعت [illegible] [illegible] عبادت شمار کریں میں [illegible] [illegible] تعلق [illegible] نازل [illegible] [illegible] [illegible]

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس شخص نے ایمان کے ساتھ اور ثواب کی نیت سے رمضان کے اندر قیام کیا تو اس کے سب پہلے گناہ بخشے گئے" اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اس نے اس درجہ کو حاصل کر کے اپنے نفس کو ان برکات الٰہیہ کا مورد بنالیا جو ظہور ملکیت اور گناہوں کے مٹنے کا باعث ہیں، صحابہ اور تابعین نے قیام رمضان میں تین چیزیں اور زیادہ کی ہیں، اول مساجد میں اجتماع قیام کے لئے جمع ہونا تاکہ ہر خاص و عام کو آسان ہو جائے، دوم اول شب میں ادا کرنا باوجودیکہ سب لوگ کہتے ہیں کہ اخیر شب کی نماز میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں اور وہ افضل ہے جیسا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسی آسانی پر جس کی طرف ہم اشارہ کر چکے ہیں متنبہ کیا ہے، سوم بیس رکعت کے ساتھ اس کی تعداد مقرر کرنا، اور اس کی وجہ یہ ہوئی کہ انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے رمضان کے لئے تمام سال میں گیارہ رکعتیں مقرر کی ہیں اس پر انہوں نے یہ فیصلہ کیا کہ رمضان کے اندر قیام کا حصہ جبکہ وہ تشبیہ بالملکوت کے سمندر میں داخل ہونے کا قصد کرے گیارہ رکعت سے دو حصے سے کم نہیں ہونا چاہئے،

اور ان فوائد میں سے چاشت کی نماز ہے اور اس میں یہ راز ہے کہ حکمت الٰہیہ کا مقتضی ہوا کہ دن کے چاروں حصوں میں سے کوئی حصہ نماز سے خالی نہ ہو جو حس کو دن کی روشنی میں دکھائی دیا ہے یاد دلا دے کیونکہ چوتھائی حصہ تین ساعت کا ہے اور یہ تین ساعت اس مقدار کی جو دن کے حصوں میں تمام عرب و عجم کے نزدیک مستعمل ہے بہت کثرت ہے اور اسی لئے چاشت کی نماز ان صالحین کی سنت ہے جن صلے اللہ علیہ وسلم نے بشیر کئے، اور نیز دن کا اول حصہ وہ ہے جس میں تلاش کرنے کا اور معاش میں سعی کرنے کا اس واسطے اس وقت میں ایک نماز مسنون کی

والنبی صلی اللہ علیہ وسلم لمن اخل السوق من ذکر لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ الخ ۔

وللضحی ثلاث درجات ادنیہا رکعتان، وفیہا اجزئ عن الصدقۃ الواجبۃ علی کل سلامی ابن آدم وذلک ان ابقاء کل مفصل علی صحتہ السابقۃ نعمۃ عظیمۃ تستوجب الحمد باداء الحسنات للہ، والصلاۃ اعظم الحسنات تاتی بجمیع الاعضاء الظاہرۃ والقوی الباطنۃ، واوسطہا اربع رکعات، وفیہا عن اللہ تعالی یا ابن آدم ارکع لی اربع رکعات من اول النہار اکفک آخرہ ۔

اقول معناہ ان لہ نصابا صالحا من تہذیب النفس وان لم یعمل عملا مثلہ الی آخر النہار، وان لہا ما زاد علیہا کمثالی رکعات وقتہا عشرۃ واکمل اوقاتہ حین یترحل النہار وترمض الفصال، ومنہا صلاۃ الاستخارۃ، وکان اہل الجاہلیۃ اذا عنت لہم حاجۃ من سفر او نکاح او بیع استسموا بالازلام فنہی عنہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم لانہ فعل غیر معتمد علی اصل وانما ہو محض اتفاق ولانہ افتراء علی اللہ بقولہم مرنی ربی ونہانی ربی نعوضہم من ذلک بالاستخارۃ، وان الانسان اذا استمطر العلم من ربہ وطلب منہ کشف مرضاۃ اللہ فی امر ولج قلبہ بالوقوف علی بابہ

تاکہ وہ اس غفلت کے زہر کا تریاق ہو جائے جو اس وقت میں نفس پر طاری ہوتی ہے جس طرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بازار میں جانے والے کے لئے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ الخ تک پڑھنا مسنون کیا،

چاشت کی نماز کے لئے تین درجے ہیں اس کا اقل درجہ دو رکعتیں ہیں اور اس میں یہ بات حاصل ہو جاتی ہے کہ یہ نماز ان صدقات کا بدل ہو جاتی ہے جو بنی آدم پر ہر ہر عضو کے مقابلہ میں واجب ہے اور یہ اس لئے کہ ہر عضو کا اس کی صحت پر جو اس کے مناسب ہے باقی رکھنا خدا تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے جس کے شکریہ میں اللہ تعالیٰ کے لئے حسنات کر کے حمد کرنا واجب ہے اور نماز تمام نیکیوں سے بڑھ کر عبادت ہے جو تمام اعضاء ظاہرہ اور قوی باطنہ سے ادا ہوتی ہے،

اس کا دوسرا درجہ چار رکعات ہیں اور اس کے متعلق اللہ تعالیٰ کی طرف سے منقول ہے کہ اے ابن آدم تو اول دن میں میرے لئے چار رکعت ادا کر میں اخیر دن تک تیرے لئے کافی ہوں گا"

میں کہتا ہوں اس سے مراد یہ ہے کہ تہذیب نفس کے لئے یہ ایک کامل نصاب ہے اگرچہ اخیر دن تک اس جیسا کوئی اور عمل نہ کرے،

اور تیسرا درجہ یہ ہے کہ چار رکعت سے زیادہ پڑھے۔ مثلاً آٹھ رکعات یا بارہ رکعات، اور چاشت کامل کا وقت وہ ہے کہ جب دن چڑھ جائے اور اونٹنیوں کے بچے گرمی کے سبب سے بیٹھ جائیں،

ان نوافل میں سے نماز استخارہ ہے اہل جاہلیت کی یہ عادت تھی کہ جب ان کو کوئی حاجت مثلاً سفر یا نکاح یا بیع کی درپیش آتی تھی تو وہ تیر ڈالا کرتے تھے پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا کیونکہ وہ ایک بے اصل اور محض اتفاقی چیز ہے اور نیز اس میں اللہ تعالیٰ

لم يتراخ من ذلك فيضان سر الهي، وأيضا فمن اعظم فوائدها ان ينفي الانسان عن مراد نفسه وانقياده بهيميته لملكيته ويسلم وجهه لله، فاذا فعل ذلك صار بمنزلة الملك في انتظار هم لالهام الله فاذا الهموا سعوا في الامور بداعية الهية لا داعية نفسانية ؛

وعندي ان اكثار الاستخارة في الامور تريا ق مجرب لتحصيل شبه الملائكة، وضبط النبي صلى الله عليه وسلم آدابها ودعاءها في امور كهذين، وعلمنا اللهم اني استخيرك بعلمك واستقدرك بقدرتك واسألك من فضلك العظيم فانك تقدر ولا اقدر وتعلم ولا اعلم وانت علام الغيوب اللهم ان كنت تعلم ان هذا الامر خيرلي في ديني ومعاشي وعاقبة امري او قال في عاجل امري واجله فاقدره لي ويسره لي ثم بارك لي فيه، وان كنت تعلم ان هذا الامر شر لي في ديني ومعاشي وعاقبة امري او قال في عاجل امري واجله فاصرفه عني واصرفني عنه واقدر لي الخير حيث كان ثم ارضني به، قال ويسمي حاجته، ومنها صلاة الحاجة والاصل فيها التي الابتغاء من الناس وطلب الحاجة منهم منقصة ان يبري

پر ہیبان باندھنا پایا جاتا ہے کیونکہ وہ کہا کرتے تھے کہ مجھ کو میرے رب نے یہ حکم دیا اور مجھ کو میرے رب نے اس سے منع کیا۔ پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کی بجائے استخارہ مقرر فرمایا کیونکہ جب انسان اپنے رب سے کسی شئی کے علم کا فیضان چاہتا ہے اور اس امر میں اللہ تعالےٰ کی مرضی کا انکشاف چاہتا ہے اور اس کا دل اس کے دروازہ پر قیام چاہتا ہے تو بلا تاخیر سر الٰہی کا فیضان ہو جاتا ہے اور نیز استخارہ کے بڑے فوائد میں سے یہ ہے کہ انسان اپنے نفس کی مراد کو فنا کر دیتا ہے اور اس کی بہیمیت ملکیت کے تابع ہو جاتی ہے اور وہ اپنے آپ کو خدا تعالےٰ کے سپرد کر دیتا ہے پس جب وہ ایسا کرتا ہے تو اس کی حالت فرشتوں کی سی ہو جاتی ہے جو اللہ تعالےٰ کے الہام کے منتظر رہتے ہیں پس جب ان کو الہام ہوتا ہے تو وہ اس کام میں ارادۂ خداوندی کی وجہ سے سعی کرتے ہیں نہ کہ نفسانی ارادہ کی وجہ سے

اور میرے نزدیک امور میں کثرت سے استخارہ کرنا ملائکہ کے ساتھ مشابہت حاصل کرنے کے لئے تریاق مجرب ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے استخارہ کے آداب اور دعا کو منضبط کر دیا ہے، پس اولاً دو رکعت نماز مشروع فرمائی اور یہ دعا تعلیم فرمائی: اللھم انی استخیرک بعلمک و استقدرک بقدرتک واسألک من فضلک العظیم فانک تقدر ولا اقدر وتعلم ولا اعلم وانت علام الغیوب اللھم ان کنت تعلم ان ھذا الامر خیر لی فی دینی ومعاشی وعاقبة امری، یا آپ نے یہ فرمایا: فی عاجل امری واجلہ فاقدرہ لی ویسرہ لی ثم بارک لی فیہ، وان کنت تعلم ان ھذا الامر شر لی فی دینی ومعاشی وعاقبة امری، یا یہ فرمایا: فی عاجل امری واجلہ فاصرفہ عنی واصرفنی عنہ واقدر لی الخیر حیث کان ثم ارضنی بہ۔ اور اپنی حاجت کا نام ان نوافل میں سے نماز حاجت ہے اور اس میں اصل

اعانة ما من غير الله تعالى فيحل بتوجيه
الاستعانة فشرع لهم صلاة ودفع
اليد فوعنهم هذا الشر ويصير وتوجه
الحاجة مؤيدا له فيما هو بسبيله
من الاحسان، فسن لهم ان يركعوا
ركعتين ثم يثنوا على الله ويصلوا
على النبي صلى الله عليه وسلم ثم
يقولوا لا اله الا الله الحليم الكريم
سبحان الله رب العرش العظيم
والحمد لله رب العلمين اسألك
موجبات رحمتك وعزائم مغفرتك
والغنيمة من كل بر والسلامة
من كل اثم لا تدع لي ذنبا الا غفرته
ولا همما الا فرجته ولا حاجة هي لك
رضا الا قضيتها يا ارحم الراحمين
ومنها صلاة التوبة، والاصل
فيها ان يرجع الى الله لا سيما عقيب الذنب
قبل ان يوسخ في قلبه رين الذنب
فيكفر بذلك عنه السوء ومنها صلاة
الوضوء، وفيها قول صلى الله عليه وسلم
لبلال رضي الله عنه اني سمعت دف
نعليك بين يدي في الجنة؛

اقول وسرها ان المواظبة على
الطهارة والصلاة عليها نصاب
صالح من الاحسان لا يتأتى الا من
ذي حظ عظيم، وقوله صلى الله عليه
وسلم لبلال سبقني الى الجنة؛

اقول معناه ان السبق في هذه
الواقعة يشبه التقدم في الاحسان،

یہ ہے کہ لوگوں سے مدد چاہنا اور ان سے اپنی حاجت طلب
کرنا اس بات کا مظنہ ہے کہ یہ شخص غیر اللہ سے مدد
کو جائز سمجھتا ہے، پس صورت توحید استعانت میں عمل
اس واسطے آپ نے لوگوں کے لئے دعا مسروع
تاکہ ان سے یہ شر دور ہو اور دفع حاجت حالت حسنہ
میں اس کی مدد ہو جائے پس ان کے لئے مسنون ہے
کہ اول دو رکعت پڑھیں خیر خدا کی ثنا کریں اور نبی
اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھیں پھر کہیں لا الہ الا اللہ
الحلیم الکریم سبحان اللہ رب العرش العظیم
والحمد للہ رب العلمین اسألک موجبات رحمتک و
معفرتک والغنیمۃ من کل بر والسلامۃ من کل اثم لا تدع لی ذنبا
الا غفرتہ ولا ہما الا فرجتہ ولا حاجۃ ہی لک
رضا الا قضیتہا یا ارحم الراحمین،

اور ان نوافل میں سے نماز توبہ ہے اور اس
میں اصل یہ ہے کہ خدا کی طرف رجوع کرنا بالخصوص گناہ
کے بعد پیشتر اس کے کہ گناہ کا زنگ دل میں جمے، اس سے
گناہ کو مٹانے والا اور دور کرنے والا ہے،

اور ان نوافل میں سے نماز وضو ہے اس کے بارے
میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ
سے فرمایا، جنت میں میں نے اپنے سامنے تیرے جوتیوں
کی آواز سنی؛

میں کہتا ہوں اس کا راز یہ ہے کہ طہارت پر مداومت
کرنا اور اس کے بعد نماز پڑھنا احسان کے درجہ کے
ایک کامل نصاب ہے جو اسی سے ہو سکتا ہے جو بڑا نیک
ہو، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بلال سے کہا کہ میں نے تیرے
وضو سے تو مجھ سے پہلے جنت میں گیا؛

میں کہتا ہوں اس کا مطلب یہ ہے کہ اس واقعہ میں
سبقت کرنا تقدم فی الاحسان کی صورت ہے اور اما
المحسنین نے حضرت بلال کے سابقت کرنے میں یہ راز ہے

والسر فی تقدم بلال علی امام المحسنین
ان لیکمل بانواع کل کمال من شعب شتی
تدلیہ ھو مکشاف حالہ، ومنہ یفیض
علی قلبہ معرفۃ ذلک الکمال ذوقا ووجدانا
نظیر ذلک من المألوف ان زید الشاعر
المحاسب ربما یحضر فی ذھنہ کونہ
شاعرا، وانہ فی حالۃ منزلۃ من الشعر
حیذھل عن الحساب وربما یحضر فی
ذھنہ کونہ محاسبا فیستغرق فی
بھجتھا ویذھل عن الشعر، والانبیاء
علیھم السلام اعرف الناس بتدلی
الایمان العالی لان اللہ تعالی اراد ان
یتبینوا حقیقتہ بالذوق فیسنوا
للناس سنتھم فیما منوبھم تلک
المرتبۃ وھذا سر ظھور الانبیاء
علیھم السلام من استیفاء اللذات
الحسیۃ وغیرھا فی صورۃ عامۃ
ملزمتین، فرأی رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم تدلیہ الایمانی
بتقدمۃ بلال، فعرف سر سبق قدمہ
فی الاحسان، ومنھا صلاۃ التسدیۃ
سرھا انہ صلاۃ ذات حظ حسی
من الذکر فبھا نزلت الصلاۃ التامۃ
الکاملۃ التی سنھا رسول اللہ علیہ
وسلم ماذا ترضا للمحسنین، فما
یلفی عبدہ بمن لم یحظ بھا، ولذلک امر
النبی صلی اللہ علیہ وسلم عشر خصال
فی فضلھا، ومنھا صلاۃ الآیات کالکسوف
والخسوف، والظلمۃ، والاصل فیھا

کہ ہر کامل کو انسان کے شعبوں میں سے ہر کمال کے بدلہ میں
ایک تقرب حاصل ہوتا ہے جس کا اس کو حال منکشف ہوتا
ہے اور جس سے اس کے قلب پر اس کمال کی معرفت کا ذوق
و وجدان میں فیضان ہوتا ہے، اس کی نظیر یہ ہے کہ زید جو شاعر
محاسب ہے کبھی اس کے ذہن میں یہ بات حاضر ہوتی ہے
کہ وہ شاعر ہے اور شعر کا فلاں درجہ اس کو حاصل ہے پس
اس وقت حساب سے وہ بالکل غافل ہوجاتا ہے اور
کبھی اس کے ذہن میں یہ بات حاضر ہوتی ہے کہ وہ حساب
داں ہے اور اس کی خوشی میں اس قدر غرق ہوجاتا ہے کہ
شعر سے بالکل غافل ہوجاتا ہے، اور انبیاء علیہم السلام
ایک عام انسان کے ایمان کے اعلیٰ مرتبہ کو تمام لوگوں سے
زیادہ جانتے ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کا یہ منشور تھا کہ
انبیاء کو ذوق سلیم سے اس کی حقیقت معلوم ہوجائے
تاکہ وہ لوگوں کے لئے ان کے طریقہ کو اس امر میں جو ان کو
اس مرتبہ میں پہنچاتا ہے مقرر کردیں اور عام مسلمانوں
کی صورت میں لذات حسیہ وغیرہ حاصل کرنے سے انبیاء
علیہم السلام کے پاک ہونے کی یہی وجہ ہے پس رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے تقرب الہامی کو بلال کے
قدم کی سبقت میں دیکھا اور آپ نے احسان میں
اپنی ثابت بھائی کو پہچان لیا۔

اور ان افعال میں سے صلوٰۃ التسدیہ ہے جس کا راز
یہ ہے کہ ایک انسان میں دو الٰہی ایک جبلت
پیدا ہوتے ہیں اس کا اعلیٰ مرتبہ ان کو
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو ان کے لئے
فرمایا ان کے لئے صلوٰۃ
ہوجاتی ہے اس
صلی اللہ علیہ
دس خصلتیں ارشاد فرمائی ہیں۔

اور ان نوافل میں سے صلوٰۃ آیات ہے جیسا کہ

ان الآيات اذا ظهرت انقادت لها النفوس والتجأت الى الله وانفكت عن الدنيا فوقع انفكاك، فتلك الحالة غنيمة المؤمن ينبغي ان يتحفظ في الدعاء والصلاة وسائر اعمال البر، وايضا فهذا وقت قضاء الله الحوادث في عالم المثال ولذلك يستشعر فيها العارفون الفتوح، وقد وقع ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عندها لاجل ذلك، وهي اوقات سريان الروحانية في الارض فالمناسب المحسن ان يتقرب الى الله في تلك الاوقات، وهو قول صلى الله عليه وآله وسلم في الكسوف في حديث نعمان بن بشير فاذا تجلى الله لشيء من خلقه خشع له، وايضا فالكفار يسجدون للشمس والقمر فان من حق المؤمن اذا رأى اية علم استحقاقها العبادة ان يتضرع الى الله ويسجد له، وهو قوله تعالى لا تسجدوا للشمس ولا للقمر واسجدوا لله الذي خلقهن ليكون شعار للدين وجوابا مسكتا للمنكر فيه وقد صح عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قام نحو من ركوعين حملا لهما على السجدة في موضع الاطالة، فانه خضوع مشبه فينبغي تكريرها وانه صلاها جماعة، وامر ان ينادى لها ان الصلاة جامعة، وجهر بالقراءة فمن اتبع فقد احسن ومن صلى صلاته

کسوف، خسوف اور تاریکی کی مناسبت ہے، اور اس میں اصل یہ ہے کہ جب حق تعالیٰ کی نشانیاں ظاہر ہوتی ہیں تو ان کی وجہ سے نفوس مطیع اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع ہو جاتے ہیں اور ان کو دنیا سے ایک قسم کی جدائی ہو جاتی ہے پس ایمان والے کے لئے یہ وقت بہت غنیمت ہے اس کو چاہئے کہ ایسے وقت میں دعا، نماز اور تمام اعمال صالحہ میں کوشش کرے، اور نیز اس وقت میں اللہ تعالیٰ عالم مثال میں حوادث مقدر کرتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ اہل معرفت کو بینائی کی مدد ہوتی ہے اور اسی لئے ایسے اوقات میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم گھبرا جاتے تھے اور یہ اوقات زمین میں روحانیت کے اترنے کے ہوتے ہیں، پس نیک آدمی کے لئے ان اوقات میں اللہ تعالیٰ کی طرف قریب حاصل کرنا بہت مناسب ہے، چنانچہ نعمان بن بشیر کی حدیث میں کسوف کے بارے میں صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "پس جب خدا تعالیٰ کی اپنی مخلوق میں سے کسی چیز پر تجلی ہوتی ہے تو وہ چیز اس کے سامنے جھک جاتی ہے" اور نیز کفار لوگ آفتاب و ماہتاب کو سجدہ کرتے ہیں لہٰذا ایماندار کو لازم ہے کہ جب وہ کوئی علامت ان کے عدم استحقاق عبادت کی دیکھے تو اللہ تعالیٰ کی طرف التجا کرے۔ اور اس کو سجدہ کرے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا "نہ سورج کو سجدہ کرو اور نہ چاند کو جس اللہ تعالیٰ نے اس کو پیدا کیا ہے اس کو ہی سجدہ کرو" تاکہ یہ سجدہ کرنا دین میں شعار بن جائے، اور منکرین کے لئے جواب مسکت ہو جائے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح حدیث مروی ہے کہ آپ نے اس نماز میں دو قیام اور دو رکوع ان دونوں کو سجدہ پر قیاس کر کے تطرع کے وقت میں کئے ہیں کیونکہ قیام اور رکوع خضوع کے اندر سجدہ کے مانند ہیں لہٰذا ان کی تکرار بھی مناسب ہے اور حدیث صحیح میں یہ بھی ہے کہ آپ نے اس نماز کو جماعت پڑھا

معتدا بها فی الشرع فقد عمل بقوله علیه السلام فاذا رأیتم ذلك فادعوا الله وکبروا وصلوا وتصدقوا، ومنها صلاة الاستسقاء، وقد استسقی النبی صلی الله علیه وسلم لامته مرات علی انحاء کثیرة لکن الوجه الذی سنه لامته ان خرج بالناس الی المصلی متبذلا متواضعا متضرعا فصلی بهم رکعتین جهر بهما بالقراءة ثم خطب واستقبل فیها القبلة یدعو ویرفع یدیه ویحول رداءه، وذلك لان لاجتماع المسلمین فی مکان واحد واعتبین فی شئ واحد بالقصد همتهم واستغفارهم وفعلهم الخیرات اثر اعظیما فی استجابة الدعاء، والاقرب احد الامرین من الله، ورفع الیدین کنایة عن التضرع التام والابتهال العظیم تنبیها التقدیر علی التخشع، وتحویل رداءه کنایة عن تقلب احوالهم کما یفعل المستغیث بحضرة الملوك، وکان من دعائه علیه السلام اذا استسقی اللهم اسق عبادك وبهیمتك وانشر رحمتك واحی بلدك المیت، ومنه ایضا. اللهم اسقنا غیثا مغیثا مریئا مریعا نافعا غیر ضار عاجلا غیر اجل نسقیها صلاة العبدین، وسیأتیك بیانها.

ومنها صلاة سجود الشکر عند کل امر تیسیر او اندفاع نقمة او عند سلمه باحد الامرین لان المتکلم فعل

اور حکم دیا کہ اس بات کی منادی کی جائے "الصلوٰۃ جامعۃ" اور قرآن کو نماز میں پکار کر پڑھا پس جس نے اتباع کیا تو وہ درجۂ احسان کو پہنچا اور جس نے وہ نماز پڑھی جو شرع میں معتبر ہے تو اس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول پر عمل کیا "جب تم ایسا حادثہ دیکھو تو تکبیر کہو اور نماز پڑھو اور صدقہ دو"

اور ان نوافل میں سے نماز استسقاء ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کے لئے دعاء استسقاء کئی بار مختلف طور سے کی ہے لیکن وہ طریقہ جس کو امت کے لئے مقرر فرمایا یہ ہے کہ آپ عیدگاہ کی طرف لوگوں کے ساتھ نہایت عجز اور تواضع اور انکساری کے ساتھ تشریف لے گئے اور وہاں جاکر دو رکعت نماز پڑھائی، اور ان دو رکعتوں میں جہر کیا بعد ازاں خطبہ پڑھا اور خطبہ میں قبلہ کی طرف منہ کرکے دعاء مانگی اور ہاتھ اٹھائے اور اپنی چادر مبارک کو پھیرا اور یہ اسلئے کہ ایک ہی جگہ ایک ہی چیز کی آرزو میں نہایت اہتمام اور گناہوں کی مغفرت طلب کرنے کے ساتھ اور نیک عمل کرنے کے ساتھ مسلمانوں کے اجتماع کو دعاء کے قبول ہونے میں بہت بڑا اثر ہے اور چادر کی تمام حالتوں میں سے اللہ تعالیٰ سے قریب ترین حالت نماز ہے اور ہاتھوں کو اٹھانا نہایت تضرع اور نہایت عاجزی کی علامت ہے جس سے نفس کو خضوع اور فروتنی برداری پر تنبیہ ہوتا ہے اور چادر کا پلٹنا ان کے احوال کے بدلنے کی نقل ہے جیسا کہ مستغیث بادشاہوں کے دربار میں کیا کرتے ہیں،

اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم استسقاء میں یہ دعا بھی کیا کرتے تھے: اللھم اسق عبادك وبھیمتك وانشر رحمتك واحی بلدك المیت، اور یہ دعا بھی پڑھتے تھے: اللھم اسقنا غیثا مغیثا مریئا موئا نافعا غیر ضار عاجلا غیر اجل،

القلب ولا دلالة من سجدة في اظاهر ليعتضد به، وكان منعم بطرا فيعالج بالتذلل لله منعم. فهذه هي الصلوات التي سنها رسول الله صلى الله عليه وسلم لمستعدي الاحسان والسبق من امته زيادة على الواجب محتوم على خاصتهم وعامتهم ثم الصلاة خير موضوع، فمن استطاع ان يستكثر منها فليفعل غير انه نهى عن خمسة اوقات ثلاثة منها وكد نهيا عن لباقيين، وهي الساعات الثلاث اذا طلعت الشمس بازغة حتى ترتفع، وحين يقوم قائم الظهيرة حتى تميل وحين تتضيف للغروب حتى تغرب لانها اوقات صلاة المجوس، وهم قوم حرفوا الدين جعلوا يعبدون الشمس من دون الله واستحوذ عليهم الشيطان، وهذا معنى قوله صلى الله عليه وآله وسلم تطلع حين تطلع بين قرني الشيطان، وحينئذ يسجد لها الكفار فوجب ان يميز امة الاسلام في ملة الكفر في اعظم الطاعات من جهة الوقت بهذا، وبما اخر نقول صلى الله عليه وسلم لا صلاة بعد الصبح حتى تزغ الشمس ولا بعد العصر حتى تغرب ؛

اقول انما نهى عنهما لان الصلاة فيهما تفتح باب الصلاة في الساعات

اور ان نوافل میں سے تحیۃ المسجد ہے اور ان کا بیان عنقریب آتا ہے اور نوافل سے مناسب سجدۂ شکر ہے جبکہ کوئی خوشی حاصل ہو یا کوئی تکلیف دور ہو یا ان دونوں میں سے کسی کا علم ہو۔ اس واسطے کہ شکر قلب کا فعل ہے اور ظاہر میں اس کے لئے کوئی صورت ضرور ہونی چاہیے تاکہ اس سے قلب کے فعل کو قوت حاصل ہو۔ اس کے علاوہ نعمتوں کے حاصل ہونے سے کس قدر تکبر ہو جاتا ہے پس اس کا علاج منعم کے سامنے ذلیل اور عاجز بنکر کرے پس یہ وہ نمازیں ہیں جن کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کے لئے جو درجہ احسان میں مستعد ہیں اور آپ کی امت میں سے سابقین ہیں فرض نماز پر جبر کا کرنا ہر خاص و عام پر ضروری ہے زیادہ کرنے کے مسنون ہونے کی یہ نماز ایسی چیز ہے جو کہ اس کی وضع ہوگئی ہے پس جو شخص اس کی کثرت کرنا چاہے اس کو کرنا چاہیے مگر پانچ وقتوں میں جن کی صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔ ان پانچ اوقات میں سے تین اوقات میں باقی وقتوں کی بہ نسبت بہت سخت ممانعت ہے اور وہ تین وقت یہ ہیں ایک وہ وقت ہے کہ آفتاب برآمد ہو حتی کہ بلند ہو جائے دوسرا وہ وقت ہے کہ بالکل دوپہر ہو حتی کہ سورج ڈھل جائے تیسرا وہ وقت ہے کہ آفتاب قریب الغروب ہو حتی کہ بالکل چھپ جائے پس کہ ان اوقات خمسہ کی نماز کے ہیں وہ ایسی قوم سے جنہوں نے دین کو بدل ڈالا اور اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر آفتاب کی پرستش کرنے لگے اور ان کے اوپر شیطان کا غلبہ ہو گیا اور یہ اسی صلے اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث کا یہی مطلب ہے جب آفتاب طلوع ہوتا ہے تو شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے اور اس کو سجدہ کرتے ہیں لہٰذا اس وقت نماز پڑھنا [illegible] وقت میں [illegible] وقت سے اور باقی تین وقت سے [illegible] نماز ہو

ثلاث، وذلك صلى فيهما النبي صلى الله عليه وسلم تارة لانه مامون ان يجد عليه المكروه، وروى استثناء نصف النهار يوم الجمعة، واستنبط جوازها في الاوقات الثلاث في المسجد الحرام من حديث يا بني عبد مناف من ولي منكم من امر الناس شيئا فلا يمنعن احدا طاف بهذا البيت و صلى اي ساعة شاء من ليل او نهار، وعلى هذا فالسر في ذلك انهما وقت ظهور شعائر الدين ومكانه فعارضا مانع من الصلاة ؛

ان تین کے علاوہ دو اور وقات یہ ہیں:- نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "صبح کی نماز کے بعد کوئی نماز نہیں ہے یہاں تک کہ آفتاب روشن ہو جائے اور عصر کی نماز کے بعد کوئی نماز نہیں ہے یہاں تک کہ آفتاب غروب ہو جائے"۔ میں کہتا ہوں ان دونوں وقتوں میں نماز پڑھنے سے اس لئے منع فرمایا کہ ان میں نماز پڑھنے سے ان تینوں اوقات ممنوعہ میں نماز پڑھنے کی راہ نکل آتی ہے اور اسی وجہ سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں وقتوں میں کبھی کبھی نماز پڑھی ہے کیونکہ آپ ان اوقات میں داخل ہونے سے محفوظ تھے۔ اور جمعہ کے روز نصف النہار میں نماز پڑھنا بعض روایات سے مستثنیٰ معلوم ہوتا ہے، اور مسجد حرام کے اندر اوقات ثلثہ میں نماز پڑھنے کا جواز اس حدیث سے مستنبط ہے "اے بنی عبد مناف! تم میں سے جو کوئی شخص لوگوں کے امور میں سے کسی امر کا سردار ہو تو وہ کسی کو اس گھر کے طواف سے منع نہ کرے اور نہ نماز سے روکے، رات و دن میں جس وقت چاہے نماز پڑھے" اور اس تقدیر پر اس میں یہ راز ہے کہ جمعہ شعائر دین کے ظاہر ہونے کا وقت ہے اور مسجد حرام شعائر دین کے ظاہر ہونے کی جگہ ہے اس سبب سے یہ دونوں نماز سے مانع کے معارض ہو گئے،

الاقتصاد في العمل

اعلم ان اداء الطاعات ملال للنفس، فانها اذا ملت لم تتنبه لصفة الخشوع، وكانت تلك المشاق خالية عن معنى العبادة، وهو قوله صلى الله عليه وسلم ان لكل شئ شرة وان لكل شرة فترة، ولهذا السر كان اجر الحسنة عند اندراس الرسم بعملها وظهور التهاون فيها مضاعفا اضعافا كثيرة لانها في هذه الحالة لا تتجشم الا من تنبه بشديد

اعمال کے اندر میانہ روی کا بیان

واضح ہو کہ عبادت کے اندر سب سے بڑا مرض دل کی تنگی ہے کیونکہ جب دل تنگ ہو جاتا ہے تو اس کو خشوع کی کیفیت معلوم نہیں ہوتی اور وہ مشقت عبادت کے معنی سے خالی رہ جاتی ہے اسی لئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ہر چیز کو ایک حرص ہوتی ہے اور ہر حرص کو کمی ہوتی ہے"۔ اور یہی وجہ ہے کہ کسی عمل صالح کے رواج کے مٹ جانے کے وقت اور اس عمل میں لوگوں کے سست ہو جانے کے وقت اس نیکی کے کرنے کا اجر چند در چند ہو جاتا ہے کیونکہ ایسی حالت میں یہ عمل بغیر سخت تنبہ کے اور بغیر مستحکم ارادہ کے ظہو

وعزم مؤكد، ولهذا جعل الشارع
للطاعات قدر اكمقدار الدواء في حق
المريض لا يزاد ولا ينقص. وايضا
فالمقصود هو تحصيل صفة الاحسان
على وجه لا يفضي الى اهمال الارتفاقات
اللازمة ولا الى غمط حق من الحقوق
وهو قول سلمان رضي الله عنه ان
لعينيك عليك حقا وان لزوجك
عليك حقا، فصدقه النبي صلى الله عليه
وسلم وقول النبي صلى الله عليه وسلم
اصوم وافطر واقوم وانام وتزوج النساء
فمن رغب عن سنتي فليس مني،

وايضا فالمقصود من الطاعات
هو استقامة النفس ودفع اعوجاجها
... لا الاخصاء فانه كالمستعذر في
حق الجمهور، وهو قوله صلى الله
عليه وسلم استقيموا ولن تحصوا
واتوا من الاعمال بما تطيقون، و
الاستقامة تحصل بمقدار معين ينبه
النفس لالتذاذها بلذات الملكية
وتألمها من خسائس البهيمية، وتفطنها
بكيفية انقياد البهيمية لسكينة الملكية
اكثر منها اعتادتها النفس واستحلتها
فلم تتنبه لشمرتها، وايضا فمن
المقاصد الجليلة في التشريع ان
يسد باب التعمق في الدين لئلا
يعضوا عليها بنواجذهم فيأتي من بعدهم
قوم فيظنوا انها من الطاعات العبادية
المفروضة عليهم، ثم تأتي طبقة اخرى

میں نہیں آسکتا اور اسی لئے شارع نے عبادات کی
مقدار مقرر کی ہے جیسے مریض کے حق میں دوا کی مقدار
ہوتی ہے جس میں کمی بیشی نہیں کی جاتی۔

اور نیز مقصود صفت احسان کا اس طرح پر حاصل
کرنا ہے جس سے تدابیر ضروریہ کا ترک یا حقوق میں سے
کسی حق کا تلف نہ لازم آئے، اور اسی لئے حضرت سلمان
رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا: تیری آنکھوں کا تجھ پر حق ہے
اور تیری بیوی کا تجھ پر حق ہے

پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کی تصدیق فرمائی
اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "میں روزہ بھی رکھتا
ہوں اور افطار بھی کرتا ہوں، قیام بھی کرتا ہوں اور سوتا بھی
ہوں اور عورتوں سے نکاح بھی کرتا ہوں پس جس نے میری سنت سے
اعراض کیا تو وہ میرا نہیں ہے"

اور نیز عبادات سے مقصود نفس کا راستی پر لانا
اور اس کی کجی کا دور کرنا ہے نہ کہ تمام عبادات کا ساقط
کرنا۔ کیونکہ تمام لوگوں کے حق میں یہ بات دشوار سی معلوم
ہوتی ہے، چنانچہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا استقامت
اختیار کرو، اور تم ہرگز احاطہ نہ کر سکو گے، اور جس قدر
اعمال کی طاقت رکھتے ہو اسی قدر کرو، اور استقامت
ایک مقدار معین سے حاصل ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے
لذات ملکیہ سے لذت حاصل کرنے پر اور بہیمیت کے خسائس
سے منجذب ہونے پر نفس کو تنبہ ہو اور جس کی وجہ سے
نفس کو بہیمیت کی ملابست کے لئے تابع ہو جانے کی
کیفیت کا ادراک ہو جائے، پس اگر وہ اس کی کثرت
کرے گا تو نفس اس کا عادی ہو جائے گا اور اس
عبادت کے ثمرہ پر نفس کو تنبہ نہ ہوگا

اور نیز تشریع کے اندر مقاصد جلیلہ میں سے یہ بھی ہے
کہ دین میں تعمق کا دروازہ بند کر دیا جائے تاکہ لوگ ایک
عمل کو اپنے اوپر محبوب لازم نہ کر لیں پھر اس کے بعد

فیصیر الظن عندھم یقیناً، والمحتمل مطمأناً به فیظل الدین محرّفاً، وھو قول تعالیٰ رھبانیۃ ابتدعوھا ما کتبناھا علیھم، وایضاً فمن ظن من نفسه، وان اقرّ بخلاف ذلک من لسانه ان اللہ لا یرضی الا بتلک الطاعات الشاقۃ وانه لو قصر فی حقھا فقد وقع ببینه وبین تھذیب نفسه حجاب عظیم، وانه فرط فی جنب اللہ فانه یؤاخذ بمظنونه وبطالبه بالخروج عن التفریط فی جنب اللہ حسب اعتقاده، فاذا قصر انقلبت علومه علیه صارۃ مظلمۃ فلم تقبل طاعاته لھسۃ فی نفسه، وھو قوله صلی اللہ علیه وسلم ان الدین یسر ولن یشاد الدین احد الا غلبه، فھذہ المعانی عزم النبی صلی اللہ علیه وسلم علی امته ان یقتصدوا فی العمل ولا یجاوزوا حدا یفضی الی ملال واشتباه فی الدین واھمال الاوفق بالنفوس وبین تلک المعانی تصریحا او تلویحا قوله صلی اللہ علیه وسلم احب الاعمال الی اللہ ادومھا وان قل قوله ذلک اما امتھا، والموظبۃ علیھا بیّنۃ کونه راغباً فیھا، وایضاً فالنفس اذا قبلت اثراً عادتھا واقتضت فوائدہا لا بعد مدۃ وھی طیبۃ واطمئنان بھا وجریان وقت تصادف من النفس فراغاً بمنزلۃ الفراغ الذی

ایسے لوگ پیدا ہوں جو اس کو عبادات شاقہ میں سے سمجھیں اور اپنے اوپر فرض جانیں بعد ازاں اور لوگ پیدا ہوں پس ان کے نزدیک یہ ظن یقین بن جائے، اور جس عبادت کی فضیلت کا احتمال تھا اب ان لوگوں کو اس کی فرضیت پر اطمینان ہی ہو جائے پس اس طرح دین میں تحریف ہو جائے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا" ورہبانیت جو انہوں نے اپنی طرف سے ایجاد کی ہے ہم نے ان پر فرض نہیں کی تھی"

اور نیز جو شخص اپنے دل میں یہ گمان کرے اگرچہ زبان سے اس کے خلاف کہتا ہو کہ خدا تعالیٰ عبادات شاقہ کے بغیر راضی نہیں ہوتا اور جو شخص ان میں کمی کرتا ہے تو اس میں اس کے نفس کی تہذیب میں ایک حجاب عظیم حائل ہو جاتا ہے اور خدا تعالیٰ کی جناب میں کوتاہی ہوتی ہے تو اس شخص سے اس کے ظن اور اعتقاد کے موافق مواخذہ کیا جائے گا اور اس کے اعتقاد کے موافق اس سے اس کی زیادتی کا مطالبہ ہوگا پس اگر اس میں کمی کرے گا تو اس کے علوم اس کے حق میں سفر اور موجب ظلمت بن جائیں گے اور اس سستی کی وجہ سے اس کے اعمال مقبول نہ ہوں گے چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" دین آسان ہے اور جو دین میں تشدد اختیار کرے گا تو دین اس پر غالب آجائے گا" ان وجوہات کی بنا پر نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت پر حیرہ ری کر دیا کہ وہ عمل میں میانہ روی اختیار کریں اور اس قدر تجاوز نہ کریں جس سے ملال اور دل میں اشتباہ پیدا ہو یا تدابیر ضروریہ متروک ہو جائیں اور ان امور کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے صراحۃ یا اشارۃً بیان فرمادیا ہے، نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" اللہ تعالیٰ کو اعمال میں سب سے زیادہ وہ اعمال پسند ہیں جو ہمیشہ کئے جائیں اگرچہ اس کی مقدار قلیل ہی ہو"

میں کہتا ہوں ان اعمال کا زیادہ پسندیدہ ہونا اس لئے

يكون سببا لانطباع العلوم من الملاء الاعلى في روعه، وذلك غير معلوم المقدار، فلا سبيل الى تحصيل ذلك الا الادامة والاكثار، وهو قول لقمان عليه السلام وعود نفسك كثرة الاستغفار فان لله ساعة لا يرد فيها سائلا، قوله صلى الله عليه وسلم خذوا من الاعمال ما تطيقون فان الله لا يمل حتى تملوا، اى لا يترك الاثابة الا عند ملال لهم فاطلق الملال مشاكلة قوله صلى الله عليه وآله وسلم ان احدكم ذاصلى وهو ناعس لا يدري لعله يستغفر فيسب نفسه ؛

قول يريد انه لا يميز بين الطاعة وغيرها من شدة الملال، فكيف يتسنى له حقيقة الطاعة، قوله صلى الله عليه وسلم فسددوا يعني خذوا طريقة السداد وهي التوسط الذي يمكن مراعاته والمواظبة عليه وقاربوا، يعني لا تظنوا انكم بعدم لا تصلون الا بالاعمال الشاقة، وابشروا يعني حصلوا الرجاء والنشاط، واستعينوا بالغدوة والروحة وشيء من الدلجة، هذه الاوقات اوقات نزول الرحمة وصفاء لوح القلب من احاديث النفس وقد ذكرنا من ذلك فصلا، قوله صلى الله عليه وسلم، من نام عن حزبه او عن شيء منه فقراه فيما بين صلاة الفجر وصلاة الظهر كتب له كانما

ہے کہ ان کو ہمیشہ عمل میں لانا اور ان پر مواظبت کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ اس کو ان اعمال میں رغبت ہے اور نیز نفس طاعت کا اثر جب ہی قبول کرتا ہے اور اس کے فائدہ سے مستفیض ہوتا ہے کہ ایک مدت گذر جائے اور اس پر مطمئن ہو کر ہمیشہ اسکو عمل میں لایا جائے اور اس کو ایسے اوقات میں جن میں نفس کو اس قسم کی فراغت اور تخلیہ حاصل ہو جیسے خواب میں ہوتا ہے جس کے سبب سے عالم بالا سے علوم منتشر ہو جاتے ہیں اور اس کی مقدار معلوم نہیں ہے کہ نفس کے لئے کتنی مدت درکار ہے اس واسطے اس کے ہونے کا یہی لائق ہے کہ وہ کام ہمیشہ اور بکثرت کیا جائے چنانچہ حضرت لقمان علیہ السلام کا قول ہے "اپنے نفس کو زیادہ استغفار کرنے کا عادی بنا کیونکہ اللہ تعالیٰ کے پاس ایک ایسا وقت ہے جس میں وہ سائل کی درخواست کو رد نہیں کرتا ہے" نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اعمال میں سے اس قدر اختیار کرو جس کی تم طاقت رکھتے ہو پس تحقیق اللہ تعالیٰ ملول نہیں ہوتا یہانتک کہ تم تنگدل ہو جاؤ" یعنی اللہ تعالیٰ عمل پر ثواب دینا ترک نہیں کرتا مگر جبکہ لوگ عمل کرنے سے تنگدل ہو جائیں پس ترک ثواب کو مشابہت کی وجہ سے ملال کہدیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جب تم میں سے کوئی شخص سوئے کی حالت میں نماز پڑھتا ہے تو اس کو معلوم نہیں رہتا کہ وہ استغفار کی بجائے اپنے حق میں بددعا کر رہا ہے"

میں کہتا ہوں کہ آں حضرت کی مراد یہ ہے کہ اس کو یہ سبب شغب ملکہ عبادت اور غیر عبادت میں تمیز نہیں رہتی پس وہ عبادت کی حقیقت کو کیونکر جان سکتا ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا قول ہے "پس تم راہ راست اختیار کرو" یعنی میانہ روی کا طریقہ اختیار کرو جس کی نگرانی ہو سکے اور اس کو ہمیشہ عمل میں لا سکو، وقاربوا، یعنی یہ نہ سمجھو کہ تم خدا تعالیٰ سے اس قدر دور ہو کہ بغیر اس شاق کے نہیں پہنچ سکتے، وابشروا یعنی امید اور سرور حاصل کرتے رہو اور صبح

قراءة من الليل ؛

اقول السبب الاصلي في القضاء شيئان احدهما ان لا تسترسل النفس بترك الطاعة فيعتاده ويعسر عليه التزامها من بعد، والثاني ان يخرج عن العهدة ولا يضمر انه فرط في جنب الله فيؤاخذ عليه من حيث يعلم او لا يعلم ؛

اور تھوڑی سی آخری شب کے ساتھ مدد حاصل کرو ان اوقات میں رحمت الٰہی نازل ہوتی ہے اور دل کی لوح نفسانی تذکروں سے پاک وصاف ہوتی ہے اور اس کے متعلق ہم ایک فصل بیان کر چکے ہیں ،

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " جو شخص سونے کے سبب سے اپنا وظیفہ یا اس میں سے کچھ حصہ فوت کر دے پھر وہ اس کو نماز فجر اور ظہر کے درمیان میں پڑھے تو اس کیلئے اس کا ثواب ایسا ہی لکھا جاتا ہے کہ گویا اس کو رات میں ہی پڑھا تھا "

میں کہتا ہوں قضاء کے باب میں دو چیزیں سبب اصلی ہیں، ایک یہ ہے کہ نفس عبادت کے ترک کرنے میں بے پرواہ نہ ہو کہ وہ اس کے ترک کا عادی ہو جائے اور بعد میں اس طاعت کی پابندی کرنا اس پر دشوار ہو جائے، دوسرے یہ کہ نفس اس کو کر کے بری الذمہ ہو جائے اور یہ امر دل میں نہ رکھے کہ اس نے خدا تعالیٰ کی جناب میں کوتاہی کی ہے اور خدا تعالیٰ اس کے علم یا بے علمی کی حالت میں اس سے مواخذہ کرے گا ،

صلاة المعذورين

معذور لوگوں کی نماز کا بیان ؛

ولما كان من تمام التشريع ان يبين لهم الرخص عند الاعذار لبقي المكلفون من الطاعة بما يستطيعون ، يكون قدر ذلك مفوضا الى الشارع ليراعي فيه التوسط لا الهم فيفرطوا او يفرطوا اعتنى رسول الله صلى الله عليه وسلم بضبط الرخص والاعذار ومن اصول الرخص ان ينظر الى اصل الطاعة حسبما تأمر به حكمة البر فيعض عليها بالنواجذ على كل حال ، و ينظر الى حدود وضوابط شرعها الشارع ليتيسر لهم الاخذ بالبر فينصرف فيها استقاطا وابدالا حسبما تؤدي اليه الضرورة ؛

جبکہ شریعت کی تکمیل کے لئے یہ بات ضروری تھی کہ عذر پیش آنے کے وقت لوگوں کے لئے رخصتیں بیان کی جائیں تاکہ مکلفین جس قدر طاقت رکھتے ہوں عبادت ادا کر سکیں اور ان رخصتوں کا اندازہ شارع پر موقوف ہونا چاہیے تاکہ شارع اس میں اعتدال کا لحاظ کر سکے اور لوگوں پر موقوف ہونا نہیں چاہیے کیونکہ وہ ان میں کبھی زیادتی کریں گے اور کبھی کمی کریں گے اسی واسطے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے رخصتوں اور عذروں کے انضباط کا اہتمام فرمایا، اور رخصتوں کے اصول میں سے یہ بات ہے کہ اصل طاعت کو اس طرح پر دیکھا جائے جس کا کہ حکمت حکم دیتی ہے پس ہر حال میں اس کا التزام کیا جائے اور اسکے ان حدود اور ضوابط کو دیکھا جائے جن کو شارع نے اصل نیکی پر عمل کرنے کی آسانی کے لئے مقرر فرمایا ہے، پس ان حدود میں ضرورت کے موقع پر بعض کو ساقط اور بعض کو بعض سے مبدل کیا جائے،

فمن الاعذار السفر. وفيه من الحرج مالا يحتاج الى بيان، فشرع رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لنا رخصا منها القصر فابقى اصل اعداد الركعات وهى احدى عشرة ركعة واسقط مازيد بشرط الطمانينة والحضر، ولما كان هذا العذر فيه شائبة العزيمة لم يكن من حقه ان يقدر بقدر الضرورة و يضيق فى ترخيصه كل التضييق فلذلك بيّن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان شرط الخوف فى الآية لبيان الفائدة ولا مفهوم له، فقال صدقة تصدق الله بها عليكم فاقبلوا صدقته والصدقة لا يضيق فيها اهل المروءات ولذلك ايضا واظب رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم على القصر وان جوّز الاتمام فى الجملة فهو سنة مؤكدة، ولا اختلاف بين ما روى من جواز الاتمام، وان الركعتين فى السفر تمام غير قصر لانه يمكن ان يكون الواجب الاصلى هو ركعتين ومعذلك يكون الاتمام مجزئا بالاولى كالمريض والعبد يصليان الجمعة فيسقط عنهما الظهر. او كالذى وجب عليه بنت مخاض فتصدق بالكل ولذلك كان من حقه انه اذا صلح على المكلف اطلاق اسم المسافر جاز له القصر الى ان يزول عنه هذا الاسم بالكلية لا ينظر فى ذلك الى وجود

پس عذروں میں سے ایک سفر ہے اور اس میں جو حرج ہے وہ محتاج بیان نہیں ہے، اس واسطے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس میں چند رخصتیں مشروع فرمائی ہیں۔ ان رخصتوں میں سے ایک تو ہے پس رکعات کی جملہ تعداد کو جو گیارہ رکعت ہے باقی رکھا، اور اطمینان اور قیام کی شرط کے ساتھ جو زیادہ تھیں ان کو ساقط کر دیا اور چونکہ گیارہ رکعتوں میں عزیمت کا احتمال تھا اس لئے مناسب نہ تھا کہ بقدر ضرورت اندازہ کیا جائے اور رخصت دینے میں زیادہ تنگی نہ کی جائے پس اسی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا کہ آیت میں خوف کی شرط فائدہ بیان کرنے کے لئے ہے اور اس کا کوئی مفہوم نہیں ہے پس آپ نے فرمایا "یہ خدا کا صدقہ ہے جو خدا تعالیٰ نے تم کو دیا ہے پس اس کے صدقہ کو قبول کرو" اور صدقہ میں اہل مروت تنگی نہیں کرتے اسی لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ نماز بالقصر ہی پڑھی اگرچہ پوری نماز پڑھنا بھی کسی قدر جائز رکھا۔

پس نماز میں قصر کرنا سنت مؤکدہ ہے، اور اس روایت میں کہ نماز میں اتمام جائز ہے، اور اس روایت میں کہ سفر میں دو رکعتیں پڑھنا پوری نماز ہے قصر نہیں ہے، کوئی اختلاف نہیں ہے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ واجب اصلی وہ صرف دو رکعتیں ہوں اور اس کے باوجود پوری پڑھنا بدرجہ اولیٰ کافی ہو جیسے مریض اور غلام جو جمعہ پڑھتے ہیں ان سے ظہر کی نماز ساقط ہو جاتی ہے، یا جیسے وہ شخص جس پر زکوٰۃ میں بنت مخاض واجب ہو اور وہ اپنا تمام مال صدقہ کر دے اسی لئے اس کا یہ حق ہے کہ جب تک مکلف پر سم مسافر کا اطلاق صحیح ہے۔ اس کے لئے قصر جائز ہے یہاں تک کہ اس سے یہ نام بالکل زائل ہو جائے، قصر میں نہ تو حرج کے پائے جانے کا لحاظ رکھا گیا ہو اور نہ ہی پوری نماز پڑھنے میں ہرقدم پر حرج کا لحاظ رکھا گیا ہے کیونکہ دو رکعت ابتدا ہی سے مسافر

کے لئے مقرر ہیں، اور حضرت .....

الحرج ولا الی عدم تقدرۃ علی الاتمام لانہ وظیفۃ من ھذا شانہ ابتداءا وھو قول ابن عمر رضی اللہ عنہ سن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلاۃ السفر رکعتین وھما تمام غیر قصر۔

واعلم ان السفر والاقامۃ والزنا والسرقۃ وسائر ما اراد الشارع علیہ الحکم امور یستعملھا اھل العرف فی مظانھا ویعرفون معانیھا ولا ینال حدہ الجامع الا بضرب من الاجتھاد والتأمل ومن المھم معرفۃ طریق الاجتھاد فنحن نعلم نموذجا منھا فی السفر فنقول ھو معلوم بالقسمۃ، والمثال یعلم جمیعا اھل اللسان ان الخروج من مکۃ الی المدینۃ، ومن المدینۃ الی خیبر سفرا لمحالۃ وقد ظھر من فعل الصحابۃ وکلامھم ان الخروج من مکۃ الی جدۃ الی طائف والی عسفان وسائر ما یکون المقصد فیہ علی اربعۃ برد سفر، ویعلمون ایضا ان الخروج من الوطن علی اقسام تردد الی ھذہ الثلاثۃ والبساتین، وھیھنا بدون تعیین مقصد وسفر، ویعلمون ان اسم احد ھذہ لا یطلق علی الآخر وسبیل الاجتھاد ان یستقرا الامثلۃ التی یطلق علیھا الاسم عرفا وشرعا، ان یسبر الاوصاف التی بھا یفارق

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے اس قول کا یہی مطلب ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سفر کی نماز میں دو رکعتیں مقرر فرمائی ہیں اور وہ دونوں پوری نماز ہیں۔ قصر نہیں،

واضح ہو کہ سفر اور اقامت اور زنا اور چوری اور وہ تمام امور جن پر شارع نے حکم کا مدار رکھا ہے ایسی چیزیں ہیں جن کو اہل عرف ان کے مواقع میں استعمال کرتے ہیں اور ان کے معانی جانتے ہیں لیکن ان کی جامع مانع تعریف جب ہی حاصل ہو سکتی ہے کہ ان میں ایک قسم کا اجتہاد اور تأمل کیا جائے، اور طریق اجتہاد کی معرفت ایک دشوار امر ہے پس ہم اس میں سے نمونہ کے طور پر سفر کے اندر بیان کرتے ہیں:۔

پس ہم کہتے ہیں، سفر تقسیم اور مثال سے معلوم ہو سکتا ہے، ہر اہل زبان جانتا ہے کہ مکہ سے مدینہ تک جانا اور مدینہ سے خیبر تک جانا ضرور سفر ہے اور صحابہ کے فعل اور ان کے کلام سے بھی ظاہر ہے کہ مکہ سے جدہ تک جانا اور طائف تک جانا اور عسفان تک جانا اور تمام ان مواضع تک جانا جو اڑتالیس میل کے فاصلہ پر ہیں سفر ہے اور یہ بھی جانتے ہیں کہ وطن سے نکلنا کئی طور سے ہوتا ہے، ایک تو اپنی کھیتی اور باغات تک آمد و رفت کرنا اور ایک بغیر تعیین مقصد اور سفر کے مارا مارا پھرنا،

اور یہ بھی جانتے ہیں کہ ان میں سے ایک کا نام دوسرے پر نہیں بولا جاتا، اور اجتہاد کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ان شاخوں کو تلاش کیا جائے جن پر ایک نام کا اطلاق ہوتا ہے اور ان اوصاف کی پڑتال کی جائے جن کی وجہ سے ہر ایک اپنے قسیم سے متباین اور جدا ہے پس جو عام ہو اس کو جنس کی جگہ اور جو خاص ہو اس کو فصل کی جگہ کر دیا جائے اس سے ہم کو یہ معلوم ہو گیا کہ وطن سے منتقل

احدھا تسمیۃ فیجعل عنھا فی موضع الجنس واخصھا فی موضع الفصل، فعلمت ان الانتقال من الوطن جزء نفسی اذ من کان ثاویا فی محل اقامتہ لیلۃ مسافرا دون الانتقال الی موضع معین جزء نفسی ھیھنا لا سفرا، وان کون ذلک الموضع بحیث لا یمکن لہ الرجوع منہ الی محل اقامتہ فی یومہ واوائل لیلتہ جزء نفسی، واذا کان مثل التردد الی البساتین والمزارع، ومن لازمہ ان یکون مسیرۃ یوم تام وبہ قال سالم ولکن مسیر اربعۃ برد متیقن وما دونہ مشکوک، وصحۃ ھذا لا یستویکون بالخروج من سور البلد او حلۃ القریۃ او بیوتھا بقصد موضع ھو علی اربعۃ برد، وان دل ھذا لا یسمی انما یکون بنیۃ الاقامۃ مدۃ صالحۃ یعتد بھا فی بلدۃ او قریۃ، ومنھا الجمع بین الظھر والعصر، والمغرب والعشاء، والاصل فیہ ما اشرنا ان الاوقات الاصلیۃ ثلاثۃ، الفجر والظھر والمغرب، وانما اشتق العصر من الظھر، والعشاء من المغرب لئلا تکون المدۃ الطویلۃ فاصلۃ بین الذکرین، ولئلا یکون النوم علی صفۃ الغفلۃ، فشرع لھم جمع التقدیم والتأخیر لکنہ لم یواظب علیہ ولم یعزم علیہ مثل ما فعل فی القصر، ومنھا ترک السنن فکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وابو بکر و

ہونا سفر کا جزء ذاتی ہے اس واسطے کہ جو اپنے محل اقامت ہی میں چکر مار رہا ہے اس کو مسافر نہیں کہتے۔

اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ کسی خاص مقام کی طرف جانا میں سفر کا جزء ذاتی ہے ورنہ وہ جانا بدحواسی کا پھرنا سمجھا جائے گا نہ کہ سفر،

اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ اس جگہ کا اتنی دور ہونا کہ وہاں سے اپنے محل اقامت کو اسی روز یا اس روز کی اول شب تک واپس نہ آسکے سفر کا جزء ذاتی ہے ورنہ وہ اپنے باغ اور کھیت کی طرف آنا جانا سا سمجھا جائے گا،

اور سفر کے لوازم میں سے یہ ہے کہ وہ پورے ایک دن کی مسافت ہو اور سالم کا یہی قول ہے لیکن اڑتالیس میل کی مسافت یقیناً سفر ہے اور اس سے کم مسافت کو سفر کہنا مشکوک ہے، اور سفر کا اطلاق شہر پناہ سے نکلنے یا گاؤں کی حد یا اس کے مکانات سے نکلنے اور ایسی جگہ جانے کا ارادہ کرنے سے تو اڑتالیس میل کی مسافت پر واقع ہے صحیح ہوتا ہے، اور کسی شہر یا گاؤں میں کافی اور معتد بہ مدت تک اقامت کی نیت کرنے سے سفر کا نام زائل ہو جاتا ہے،

اور ان رخصتوں میں سے ظہر و عصر اور مغرب و عشاء کا جمع کرنا ہے اور اس میں اصل یہی ہے جس کی طرف ہم اشارہ کر چکے کہ نماز کے اصل اوقات تین ہیں یعنی فجر اور ظہر اور مغرب اور عصر کو ظہر سے نکالا گیا ہے اور عشاء کو مغرب سے نکالا گیا ہے تاکہ دو ذکروں کے درمیان زیادہ مدت کا فصل نہ ہو جائے اور تاکہ نیند غفلت کی حالت پر نہ آئے پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے لئے تقدیم و تاخیر کا جمع کرنا مشروع کر دیا لیکن اس پر آپ نے مداومت نہیں کی اور نہ اس پر ایسا حکم فرمایا جیسا آپ نے قصر نماز میں کیا ہے،

اور ان رخصتوں میں سنتوں کا ترک کرنا ہے چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر اور حضرت

عمر وعثمان رضی الله عنهم لا یصلون الا سنة الفجر والوتر، ومنها صلاة على الراحلة حیث توجهت به یؤمی بیماء او دلك فی النوافل، وسنة الفجر والوتر لا الفرائض ؛

ومن الاعذار الخوف، وقد صلی رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم صلاة الخوف علی انحاء کثیرة ومنها ان یرتب القوم صفین فصلی بهم فلما سجد سجد معه صف سجدتیه وحرس صف، فلما قام سجد من حرس ولحقوه وسجد معه فی اثنیة من حرس اولا وحرس الاخرون، فلما جلس سجد من حرس وتشهد بالصفین وسلم، والحالة التی تقتضی هذا النوع ان یکون العدو فی جهة القبلة، ومنها ان صلی صلوة ثنائیة کل مرة فرقة والحالة التی تقتضی هذا النوع ان یکون العدو فی غیرها، وان یکون تؤمن یوم الرکعة علیهم مشورة لهم ولا یحیطوا بجمعهم بکیفیة الصلاة ؛ ومنها ان وقفت فرقة فی وجهه وصلی رکعة بفرقة فلما قام الی ثانیة ذهبت الی وجهه واتمت وذهبت وجاء العدو وجاء الموقفون فاقتدوا به فصلی بهم الثانیة فلما جلس یتشهد قاموا واتموا لانفسهم ولحقوه وسلم بهم والحالة المقتضیة لهذا النوع ان یکون العدو فی غیر القبلة ولا یکون تؤمن یوم الرکعتین علیهم مشورة

عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم صرف فجر اور وتر کے پڑھتے تھے،

اور ان رخصتوں میں سے سواری پر نماز ہے جس طرف کو وہ جا رہی ہو اسی طرف کو منہ کر کے نماز پڑھ لے لیکن ایسا صرف نوافل اور سنت فجر اور وتر میں ہے نہ کہ فرائض میں،

اور جملہ عذروں کے ایک خوف ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نماز خوف کئی طریقوں سے پڑھی ہے،

از ان جملہ یہ ہے کہ قوم کی دو صفیں ہوں اور ان کو آپ نماز پڑھائیں پس جب آپ نے سجدہ کیا تو آپ کے ساتھ ایک صف نے دونوں سجدے کیے اور دوسری صف نے نگہبانی کی پس جب صف اولی کھڑی ہوئی تو اس صف نے نگہبانی کی تھی اس نے سجدہ کیا اور آپ کے ساتھ نماز میں شریک ہو گئی اور جس صف نے اول نگہبانی کی تھی اس نے آپ کے ساتھ دو رکعتوں میں سجدہ کیا اور دوسری صف نے نگہبانی کی پس جب آپ بیٹھے تو جو صف نگہبانی کی تھی اس نے بھی سجدہ کیا اور آپ نے دونوں کو سلام کے ساتھ تشہد پڑھ کر سلام پھیر دیا اور یہ طریقہ اس وقت ہو سکتا ہے جب دشمن قبلہ کی طرف ہو

اور از ان جملہ یہ ہے کہ دو فرقے ہو جائیں ہر بار ایک فرقہ ایک رکعت پڑھے اور دوسرا فرقہ دشمن کو روکے اس حالت میں جب کہ دشمن قبلہ کی طرف نہ ہو

اور یہ ہے کہ امام دشمن کے روبرو کھڑا ہو اور دوسرا فرقہ آئے امام دو رکعت پڑھا دے پھر وہ دوسرا فرقہ کھڑے ہو کر امام سے جدا ہو جائے اور اپنی ایک اور رکعت تمام کر کے

ثم وصلها الله عسى ان تقدمت منهم واقعة
ان تشغله على العدو اذا ركع بهم ركعة، ثم
انصرفوا بمكان الطائفة التي لم تصل
وجاء اولئك فركع بهم ركعة، ثم
ثم هؤلاء وهؤلاء، ومنها ان يصلي كل
واحد لنفسه امكن ركوبها ما سبقت
او غيرها، رواه ابن عمر رضي الله
عنهما، والحالة المقتضية لهذه
النوعة ان يبتدر الخوف ويفجأهم
القتال، وبالجملة فكل ما روي
عن النبي صلى الله عليه وآله و
سلم فهو جائز ويفعل الانسان
ما هو الخف عليه واليق بالمصلحة
حال التلبس، ومن الاعذار المرض، و
قد قال صلى الله عليه وآله وسلم
صل قائما فان لم تستطع فقاعدا فان
لم تستطع فعلى جنب، وقال صلى
الله عليه وسلم في الذي قال من
صلى قائما فهو افضل ومن صلى
قاعدا فله نصف اجر القائم

اقول لما كان من حق الصلاة
ان يكثر منها، واصل الصلاة ان يأتي
قائما وقاعدا كما بينا، وانما وجب
القيام عند التشريع، وما لا يدرك
كله لا يترك كله، لرجحان ان يسوغ له
الصلاة الناقلة قاعدا وبين لهم ما
بين الركعتين وقد ورد صلاة
الطالب وصلاة المطر وصلاة الوحل
[illegible] الصحابة

دشمن کے سامنے ہو گئی اور جو لوگ دشمن کے سامنے
کھڑے تھے آئے اور آپ کی اقتدا کی پس آپ نے ان
کو دوسری رکعت پڑھائی پھر جب آپ تشہد کے
لئے بیٹھے تو یہ لوگ کھڑے ہو گئے اور انہوں نے دوسری رکعت
تمام کی آپ کے ساتھ مل گئے اور آپ نے ان
سمیت سلام پھیرا، اور یہ حالت اس وقت کے مناسب
ہے کہ جب دشمن قبلہ کی جانب نہ ہو اور دونوں رکعت
کی تقسیم کرنے سے ان کو تشویش نہ ہو،

ان میں سے ہے کہ آپ نے ایک گروہ کو نماز پڑھائی اور ایک
گروہ دشمن کے سامنے کھڑا رہا پس ان کے ساتھ ایک رکعت
پھر یہ لوگ اس گروہ کی جگہ چلے گئے جنھوں نے ہنوز نماز نہیں
پڑھی ہے اور وہ لوگ آئے پس ان کے ساتھ ایک رکعت
پڑھی پھر دونوں نے اپنی اپنی نماز پوری کر لی،

ان جملہ یہ ہے کہ جس شخص کو جس طرح ممکن ہو سوار
ہو یا پیدل، قبلہ کی طرف ہو یا غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھ
لے، حضرت عبداللہ بن عمر نے اس طریقہ کی روایت کی اور
اس وقت مناسب ہے جب خوف زیادہ ہو یا لڑائی گرم ہو
حاصل کلام یہ ہے کہ جو طریق نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی
ہے وہ ہر موقعہ اور آدمی کو وہ طریقہ عمل میں لانا چاہیے
اس پر آسان ہو اور جس وقت کی مصلحت کے مناسب ہو،

اور منجملہ اعذار کے ایک مرض ہے اور اس
بارے میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "کھڑے ہو کر نماز
اگر تم سے یہ نہ ہو سکے تو بیٹھ کر پڑھو پس اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو کر
سے لیٹ کر پڑھو" اور نفل کے بارے میں رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا "جو شخص کھڑے ہو کر نماز پڑھے تو یہ افضل
ہے اور جو بیٹھ کر پڑھے تو اس کو کھڑے ہونے والے سے
نصف اجر ملے گا"

میں کہتا ہوں جبکہ نماز اس قابل ہے کہ اس کی کثرت
کی جائے اور اصل نماز کھڑے ہو کر اور بیٹھ کر ادا ہو سکتی

فی الضوابط والحدود من ضرورة لا یجد منها بدا من غیر شائبة الانکار والتهاون الا وسلمه النبی صلی الله علیه وآله وسلم، وقوله صلی الله علیه وآله وسلم فاذا امرتکم بامر فأتوا منه ما استطعتم کلمة جامعة، والله اعلم۔

ذلک بعثہ الی مجتمع تحدد جامعۃ
للمعانعۃ، والماشیۃ فی اکثر البلدان
الابل والغنم والبقر ویجمعھا اسم
الانعام، واما الخیل فلا تکثر
ولا تناسل نسلا وافرا لانی اقطار
یسیرۃ کترکستان، والزرع وھو
عبارۃ عن الاقوات والثمار الباقیۃ
سنۃ کاملۃ، ومادون ذلک یسمی
بالخضروات، والتجارۃ عبارۃ
عن ان یشتری شیئا بیریدان
یربح فیہ ادمن ملک بھبۃ وصیراثہ
وتفق ان باعہ بربح لا یسمی تاجرا
والکنز عبارۃ عن مقدار کثیر من
الذھب والفضۃ محفوظا مدۃ طویلۃ
ومثل عشرۃ فی اثنی عشر ودون

تو ان کو سال کا ادا کرنا آسان ہوگا اور فی نفسہ وہ کثیر ہوگا، اور
چونکہ دور کے شہروں سے تجارتوں کا جاری رہنا اور
کھیتوں کا کٹنا اور پھلوں کا توڑا جانا سال میں ایک بار
ہوتا ہے اور زکوٰۃ کی قسموں میں یہ قسم سب سے بڑی
ہے اس واسطے ان چیزوں کے لئے ایک سال کی مدت
مقرر کی نیز سال کے اندر اس قسم کی تبدیلیاں آتی ہیں
جن سے صنائع مختلف ہیں اور انسان کے اندر ان کے
اثر جمع کا بخوبی احتمال ہوتا ہے اور ایک سال مدت اس
اس قسم کے مالوں کے لئے نہایت موزوں ہے،
اور زیادہ سہل اور مصلحت کے موافق یہ صورت ہے،
کہ زکوٰۃ اموال کی قسم ہی سے لیجائے پس اونٹوں کی قطار
میں سے ایک اونٹنی اور گایوں کے گلہ میں سے ایک
گائے اور بکریوں کے ریوڑ میں سے ایک بکری لیجائے پھر
یہ ضرور ہے کہ سوال اور تقسیم اور تلاش سے ان اموال
میں سے ہر ایک کو معلوم کیا جائے تاکہ وہ ان کی جامع
مانع تعریف کی پہچان کا ذریعہ بن جائے پس اکثر شہروں
میں اونٹ گائے، اور بکریوں کو مویشی کہا جاتا ہے اور ان
سب کو انعام کہتے ہیں اور گھوڑوں کے گلے اور ان کی نسلیں
بہت کم ملکوں میں پائی جاتی ہیں جیسے ترکستان ہے اور
کھیتیوں اور ماجوں کو اور پورے ایک برس تک باقی
رہنے والے پھلوں کو کہتے ہیں اور جو ایک برس تک باقی
نہ رہ سکیں ان کو ترکاریاں کہتے ہیں، اور تجارت اس کا
نام ہے کہ کوئی چیز اس غرض سے خریدی جائے کہ
اس میں نفع ہوگا کیونکہ جو شخص ہبہ یا میراث سے کسی
چیز کا مالک ہو جائے اور اتفاقاً اس نے اس کو فروخت
کیا اور اس میں اس کو نفع ہوا تو اس کو تاجر نہیں کہتے، اور
خزانہ سونے چاندی کی بڑی مقدار کو کہتے ہیں جو مدت
دراز تک محفوظ رہے پس دس درہم یا بیس درہم کو خزانہ
نہیں کہتے اگرچہ وہ سالہا سال تک باقی رہیں، اور اسی

ایسمی کنزا، وان بقی سنین، وسائر لامتعة لاتسمی کنزا، وان کثرت. والذی یغدو ویروح ولا یکون مستقرا لایسمی کنزا فهذه المقدمات نجری مجری الاصول المسلمة فی باب الزکاة، ثم اراد النبی صلی اللہ علیه وسلم ان یضبط امهم منها بحدود معروفة عند العرب مستعملة عندهم فی کل باب۔

طرح سونے چاندی کے علاوہ تمام اسباب کو بھی خزانہ نہیں کہتے گو وہ کثیر ہی ہو، اور جو چیز صبح اور شام آتی جاتی رہے اور وہ مستقل طور پر نہ ہو تو اس کو بھی خزانہ نہیں کہتے، پس یہ وہ مقدمات ہیں جو زکوٰۃ کے باب میں مسلم اصول کے مرتبہ میں قرار دیئے گئے ہیں پھر نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ارادہ فرمایا کہ ان اشیاء میں سے جو مبہم ہیں ان کو ان تعریفوں کے ساتھ منضبط فرما دیں جو عرب میں مشہور تھیں اور ان کے ہاں ہر امر میں مستعمل تھیں۔

فصل الانفاق وکراهیة الامساک

ثم مست الحاجة الی بیان فضائل الانفاق والترغیب فیه بیکون برعبة وسخاوة نفس وهی روح الزکاة، و بها قوامها لمصلحة راجعة الی تهذیب النفس، وفی بیان مساوی الامساک والتزهید فیه اذ الشح هو مبدأ اکثر منع الزکاة. وذلک اما فی الدنیا، وهو قول الملک اللهم اعط منفقا خلفا، و الاخر اللهم اعط ممسکا تلفا. قوله صلے اللہ علیه وسلم اتقوا الشح فان الشح اهلک من قبلکم الحدیث. و قوله صلے اللہ علیه وسلم ان الصدقة تطفئ غضب الرب. و قوله صلے اللہ علیه وآله وسلم ان الصدقة تطفئ الخطیئة کما یطفئ الماء النار. وقوله صلے اللہ علیه وسلم

سخاوت کی فضیلت اور بخل کی قباحت کا بیان

امور مذکورہ بالا کے بعد اس کی ضرورت پڑی کہ خرچ کرنے کے فضائل اور اس کی ترغیب بیان کی جائے تاکہ خدا کی راہ میں خرچ کرنا دلی رغبت اور سخاوت سے ہو اور یہی زکوٰۃ کی روح ہے اور اسی سے وہ اصلاح حاصل ہوتی ہے جس پر تہذیب نفس کا مدار ہے، اور نیز اس بات کی ضرورت ہوئی کہ بخل کی برائیاں اور اس سے بے رغبتی کا حال بیان کیا جائے کیونکہ بخل ہی زکوٰۃ نہ دینے والے کے لئے ضرر کا مبدا ہے اور یہ ضرر یا تو دنیا میں ہوتا ہے کہ فرشتہ کہتا ہے، اے اللہ تعالیٰ خرچ کرنے والے کو اس کا بدلہ عطا کر، اور دوسرا فرشتہ کہتا ہے اے اللہ تعالیٰ بخیل کو برباد کر دے، نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "بخل سے بچو کیونکہ تمہارے پہلے لوگوں کو بخل نے تباہ کر دیا" الحدیث اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "صدقہ خدا تعالیٰ کے غضب کو فرو کرتا ہے" اور آپ نے فرمایا "صدقہ

وسلم فان اللہ یتقبلھا بیمینہ ثم یربیھا لصاحبھا۔ الحدیث۔

اقول سر ذلک کلہ ان دعوۃ الملاء الاعلی فی اصلاح حال بنی ادم والرحمۃ بمن یسعی فی اصلاح المدینۃ و فی تھذیب نفسہ تنصرف الی ھذا المتصدق فتورث تلقی علوم للملاء السافل وبنی ادم ان یحسنوا الیہ و یکون سببا لمغفرۃ خطایاہ ومعنی یتقبلھا ان تتمثل صورۃ العمل فی المثال منسوبۃ الی صاحبھا فتسمع ھنالک بدعوات الملاء الاعلی ورحمۃ اللہ بہ فی الاخرۃ۔ وھو قولہ صلے اللہ علیہ وسلم ما من صاحب ذھب ولا فضۃ لا یؤدی منھا حقھا الا اذا کان یوم القیامۃ صفحت لہ صفائح وقولہ صلے اللہ علیہ وسلم مثل لہ شجاعا اقرع۔ وقولہ صلے اللہ علیہ وسلم فی الابل والبقر والغنم قریبا من ذلک۔

اقول السبب الباعث علی کون الجزاء من جنس العمل فی الزکاۃ علی ھذا الصفۃ شیئان احدھما اصلی والثانی کالمؤکد لہ وذلک انہ کما ان الصورۃ المدھنیۃ تجلب صورۃ اخری کسلسلۃ احادیث النفس المتعاقب بعضھا بعضا وکما ان حضور صورۃ متضایف فی الذھن یستدعی

آگ کو بجھا دیتا ہے۔ اور آپ نے فرمایا "پس اللہ تعالے صدقہ کو اپنے داہنے ہاتھ میں قبول فرماتا ہے، اور پھر صدقہ دینے والے کے لئے اس کی پرورش کرتا ہے" الحدیث۔

میں کہتا ہوں اس سبب کا خلاصہ یہ ہے کہ عالم بالا کی دعا جو بنی آدم کے حال کی اصلاح میں ہوتی ہے اور رحمت جو اصلاح خیر یا تہذیب نفس میں کوشش کرنے والے کی طرف جھک پڑتی ہے اور ملاء سافل اور بنی آدم کے قلوب میں اس بات کا القاء کرتی ہے کہ اس کے ساتھ احسان کریں اور وہ رحمت اس کے گناہوں کی معافی کا سبب ہو جاتی ہے، اور خدا تعالے کے اس صدقہ کو قبول فرمانے کے معنی یہ ہیں کہ عالم مثال میں اس عمل کی صورت صاحب عمل کی طرف منسوب ہو کر پیدا ہو جاتی ہے پس اس جگہ ملاء اعلے کی دعاؤں اور خدا تعالے کی رحمت سے وہ صورت مکمل ہو جاتی ہے، اور یا زکوۃ نہ دینے والے کے لئے یہ ضرر آخرت میں ہوتا ہے چنانچہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو کوئی سونا یا چاندی رکھتا ہے اور اس میں سے اس کا حق ادا نہیں کرتا قیامت کے روز اس کی تختیاں بنا کر اس کو داغ دیا جائے گا" اور آپ نے فرمایا "اس کا مال اس کے لئے زہریلے سانپ کی شکل میں ظاہر ہوگا" اور اونٹ اور گائے اور بکری کے بارے میں بھی آپ نے ایسا ہی ارشاد کیا ہے۔

میں کہتا ہوں زکوۃ نہ دینے والے کو ایسی سزا ملنے کے دو سبب ہیں ایک تو اصلی سبب ہے اور دوسرا اس کے لئے بمنزلہ تاکید کے ہے، وہ سبب یہ ہے کہ جس طرح ایک صورت ذہن میں دوسری صورت کو کشش کر لیتی ہے جیسا کہ نفس کے خیالات کا سلسلہ کہ ایک خیال سے دوسرا خیال پیدا ہوتا چلا جاتا ہے اور جس طرح ذہن کے اندر ایک صورت متضاد

حضور صورة منضيف اخر كالبنوة
والابوة. وكما ان امتلاء اوعية
المنى به وثور ان بخاره فى القوى
الفكرية يهز النفس لمشاهدة
صور النساء فى الحلم، وكما ان
امتلاء الاوعية ببخار ظلمانى
يهيج فى النفس صور الاشياء المؤذية
الهائلة كالفيل مثلا، فكذلك المدبر
تقتضى بطبيعتها اذا افيضت قوة مثالية
على النفس ان يتمثل بخلها بالاموال
ظاهرا سابغا، وان يجلب ذلك تمثيل
ما بخل به وتعانى فى حفظه وامتلأت
قواه الفكرية به ايضا ظاهرا سابغا
يتألم منه حسبما جرت سنة الله
ان يتألم منها بذلك. فمن الذهب
والفضة الكى، ومن الابل الوطأ و
العض، وعلى هذا القياس.

ولما كان الملأ الاعلى علموا ذلك
و نعقد فيهم وجوب الزكاة
عليهم وتمثل عندهم تأذى النفوس
البشرية بها كان ذلك مع الفيضان
هذه الصورة فى موطن الحشر و
الفرق بين تمثله شجاعا وتمثله
صفائح ان الاول فيما يغلب عليه
حب المال اجمالا، فتتمثل فى نفسه
صورة المال شيئا واحدا وتتمثل
احاطتها بالنفس تطوقا وتأذى
النفس بها بلسع الحية البالغة فى
لسعها اقصى الغايات والثانى فيما

حاضر ہونا دوسری صورت متضائفہ کے حاضر ہونے کا
تقاضہ کرتی ہے مثلاً بیٹا ہونا اور باپ ہونا، اور جس
طرح منی کے ظروف کا منی سے بھر جانا اور قوائے فکریہ
کے اندر اس کے بخارات کا جوش مارنا، خواب
میں عورتوں کی صورتیں دیکھنے کی طرف نفس میں تحریک
پیدا کرتا ہے، اور جس طرح دماغ کا تاریک بخارات
سے پُر ہو جانا نفس کے اندر ان چیزوں کی صورتیں
پیدا کر دیتا ہے جو ایذا دینے والی اور ہولناک ہوتی ہیں
مثلاً ہاتھی کی صورت۔ پس اسی طرح جب نفس پر قوت
مثالیہ کا فیضان ہوتا ہے تو ادراکات کی طبیعت اس
بات کو چاہتی ہے کہ اس کا بخل مال کی صورت میں اس
کے سامنے ظاہر ہو اور اس صورت سے جس مال کے
ساتھ بخل کرتا تھا اور جس کی نگرانی میں بہت تکلیف
اٹھاتا تھا اور جس سے اس کے قوائے فکریہ پُر تھے
اس کی صورت بھی ظاہر ہو جس سے وہ اسی طریقہ کے
موافق تکلیف اٹھائے جو طریقہ ان چیزوں سے تکلیف پہنچانے
کا خدا تعالیٰ نے جاری کیا ہے، پس سونے اور چاندی
سے تکلیف پہنچنے کی صورت داغ لگایا جانا ہے اور اونٹ
سے تکلیف پہنچنے کی صورت اس کا پیروں تلے دابنا اور
کاٹنا ہے وعلی ہذا القیاس۔

اور چونکہ ملاء اعلیٰ کو یہ معلوم تھا اور ان کے نزدیک
بندوں پر وجوب زکوٰۃ متعین تھا اور نفوس بشریہ کا ان
چیزوں سے ایذا پانا بھی ان کے نزدیک متمثل تھا
اس واسطے یہ میدان حشر میں اس صورت کے
فیضان کا سبب ہو گیا۔ اور اس مال کا سانپ اور
تھیلیوں کی صورت میں ظاہر ہونے میں فرق یہ ہے
کہ سانپ کی صورت اس شخص کے لئے ظاہر ہو گی جس
پر اجمالاً مال کی محبت غالب ہے اس واسطے کہ نفس
مال کی صورت ایک چیز کی صورت میں ظاہر ہو گی

یغلب علیہ حب المال ھم و حدتہ
تارۃ بامیاہ و یتعانی فی حفظہا و تمثل
تواہ للکریۃ بصور ھا فتمثل تلک
الصور کاملۃ تامۃ مؤلمۃ، قولہ
صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سخی
قریب من اللہ قریب من الجنۃ
قریب من الناس بعید من النار،
والبخیل بعید من اللہ بعید من الناس قریب
من النار، والجاھل سخی احب
الی اللہ من عابد بخیل ۔

اقول قربہ من اللہ تعالے
کونہ مستعد المعرفتہ وکشف
الحجاب عنہ، و قربہ من الجنۃ
ان یکون مستعد الطرق مھیئات
الخسیسۃ، التی تنافی الملکیۃ
لتکون البھیمیۃ، الحاملۃ لھا بلون
الملکیۃ وقربہ من الناس
ان یحبوہ ولا ینالوہ لشوہ ان اصل
المناقشۃ ھو الشح، وھو قولہ
صلے اللہ علیہ وسلم ان الشح
اھلک من کان قبلکم حملھم
علی ان یسفکوا دماءھم ویستحلوا
محارمھم، وانما کان الجاھل
السخی احب من العابد البخیل
لان الطبیعۃ اذا سمحت بشیء
کان النزوا وفر مما یکون
بالقسر ۔

قولہ صلے اللہ علیہ وآلہ و
سلم مثل البخیل، المتصدق

اور اس مال کا نفس پر طوق کی طرح حائل کر لینا اور
نفس کا اس سے ایذا پانا نہایت زہریلے سانپ
کے ڈسنے کی صورت میں ظاہر ہوگا اور دوسری
صورت ایسے شخص کے لئے ظاہر ہوگی جس کو سونے
چاندی سے بعینہٖ محبت ہے اور اس کی حفاظت میں
اپنی جان کھوتا ہے اور اس کے فوائے فکریہ درہم
و دینار کی صورتوں سے پُر ہیں پس یہ صورتیں اس
کے لئے بڑی بڑی تکلیف دینے والی صورتوں میں
ظاہر ہوں گی،

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سخی اللہ تعالے
سے قریب ہے، جنت سے قریب ہے، لوگوں سے قریب
ہے، دوزخ سے دور ہے، اور بخیل اللہ تعالے سے
دور ہے، جنت سے دور ہے، لوگوں سے دور ہے اور
جہنم سے قریب ہے، اور جاہل سخی خدا تعالے کو عابد
بخیل سے پیارا ہے۔

میں کہتا ہوں اس کا خدا تعالے سے نزدیک
ہونا یہ ہے کہ وہ شخص خدا تعالے کی معرفت کے اور
حجاب نقصان کے دور کرنے کے قابل ہو جاتا ہے
اور جنت سے نزدیک ہونا یہ ہے کہ وہ شخص صفات
رذیلہ کو جو قوت ملکی کے بالکل منافی ہیں ترک کر کے
اس بات کے قابل ہو جاتا ہے کہ اس کی قوت بہیمی
جو اس کے نفس کا محل تھی قوت ملکی کے رنگ میں رنگ
جائے اور لوگوں سے نزدیک ہونا یہ ہے کہ لوگ
اس سے محبت کرتے ہیں اور کوئی منازعت سے پیش
نہیں آتا کیونکہ لڑائی جھگڑے کی اصل بخل ہی ہے چنانچہ
نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بخل نے تم سے پہلے
لوگوں کو ہلاک کیا اس نے ان کو باہم خونریزی کرنے
پر اور اپنے محارم کو حلال سمجھنے پر آمادہ کیا: اور اللہ
تعالے کو جاہل سخی دیا بخیل سے زیادہ محبوب اس وجہ

کمثل رجلین علیهما جنتان. الحدیث؛

اقول فیه اشارة الی حقیقة الانفاق والامساك وروحهما، وذلك ان الانسان اذا احاطت به مقتضیات الانفاق واراد ان یفعل یحصل لبعض الناس ضیق النفس وسمی روحها انشراح وحالة وصولة علی المال، ویتمثل امام عینیه حقیرا ذلیلا یکون بغضه عنه هینا بین یستریح بذلك وتلك الخصلة هی السخاوة ونقض النفس علاقة تنابالهیئة النفسیة البهیمیة المتطبعة بها، وان کان شحیحا غاصت النفس فی حب المال وتمثل مبین عینیه حسنة وملك قلبه فلم یستطع عنه محیصا، وتلك الخصلة هی المذمومة فی لحاج النفس بالهیئات الدنیة واشتباکها، ومن هذا الحقیق بنا ان نعلم معنی قوله صلی الله علیه وآله وسلم لا یدخل الجنة خب ولا بخیل ولا منان، وقوله صلی الله علیه وسلم لا یجتمع الشح والایمان فی قلب عبد ابدا، وقوله صلی الله علیه وسلم للجنة ابواب ثمانیة فمن من اهل الصلاة، الحدیث؛ وقوله علم ان الجنة حقیقتها

سے ہے کہ طبیعت جب کسی چیز کی سخاوت کرتی ہے تو اس کا اثر بہ نسبت اس کے زیادہ اور پورا ہوتا ہے کہ دباؤ اور مجبور ہو کر کچھ دیا جائے،

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بخیل اور سخی کی حالت ان دو شخصوں کی سی ہے جن پر لوہے کی دو ڈھالیں ہوں، الحدیث

میں کہتا ہوں اس حدیث میں سخاوت و بخل کی حقیقت اور ان کی روح کیطرف اشارہ ہے، وہ یہ، اس لئے کہ جب انسان کو خرچ کرنے کے مقتضیات ہر طرف سے گھیر لیتے ہیں اور وہ خرچ کرنا چاہتا ہے تو وہ شخص اگر سخی النفس ہے تو اس کو یک بارگی مسرت اور مال پر ایک طرح کا غلبہ حاصل ہوتا ہے اور اس کے سامنے مال حقیر و ذلیل معلوم ہوتا ہے اور اس کو اس مال کا خرچ کرنا آسان ہوتا ہے بلکہ اس کے خرچ کرنے سے اس کو راحت ہوتی ہے، اور نفس کو صفات رذیلہ بہیمیہ کے ساتھ جو تعلقات ہوتے ہیں اور جو نفس میں منقش ہوتی ہیں ان سب تعلقات کے ترک کرنے کے لئے یہ خصلت بہت عمدہ ہے، اور اگر وہ شخص بخیل ہے تو اس کا نفس مال کی محبت میں غرق ہو جاتا ہے اور اس کی آنکھوں کے سامنے اس مال کی خوبی متمثل ہو جاتی ہے اور اس کے دل پر قبضہ کر لیتی ہے پس وہ اس سے رہائی نہیں پا سکتا، اور نفس کے اندر صفات رذیلہ جم جاتے ہیں اور نفس کو ان صفات کے ساتھ لگاؤ ہو جاتا ہے یہ خصلت بخل کہلاتی ہے، اور اس حقیقت سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول کے معنی بھی معلوم ہو جاتے ہیں جنت میں نہ چغلخور داخل ہوگا اور نہ بخیل اور نہ احسان جتلانے والا، اور نیز اس قول کے بھی کسی بندہ کے دل میں ایمان اور بخل کبھی جمع نہیں ہوگا؛

راحۃ النفس بما یسر علیها من
فوقها من ارضہ والموافقۃ والحسانیۃ
وھو قولہ تعالیٰ ففی رحمۃ اللہ ھم
فیھا خلدون ، وقولہ تعالیٰ فی ضدھا
اولئک علیھم لعنۃ اللہ والملائکۃ و
الناس اجمعین خالدین فیھا ،
وطریق خروج النفس الیھا من
ظلمات البھیمیۃ انما یکون من
الخلق الذی جبلت النفس علی ظھور
الملکیۃ فیہ وانقھار البھیمیۃ ، فمن
النفوس من تکون مجبولۃ علی
قوۃ الملکیۃ فی خلق الخشوع و
الطھارۃ ، ومن خاصیتھا ان تکون
ذات حظ عظیم من الصلاۃ ، او فی
خلق السماحۃ ، ومن خاصیتھا
ان تکون ذات حظ عظیم من
الصدقات والعفو عمن ظلم ، و
خفض الجناح للمؤمنین مع کبر
النفس ، او فی خلق الشجاعۃ
فینفث لہ بیر الحق لاصلاح
عبادہ فیھا ، فیکون اول ما یقبل
ینفث منہ ھو الشجاعۃ فتکون
ذات حظ عظیم من الجھاد ، او یکون
من الانفس المتجاذبۃ فیھدی لھا
الھام او تجربۃ علی نفسھا ان کسر
البھیمیۃ بالصوم والاعتکاف منفذ
من ظلماتھا فیتلقی ذلک بسمع
قبول واجتھاد من صمیم قلب
فیجازی جزاءہ او فاق بطلوقان ۔

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جنت کے
آٹھ دروازے ہیں پس جو نمازی ہے وہ نماز کے دروازے
سے داخل ہوگا" الحدیث ۔

میں کہتا ہوں ، واضح ہو کہ جنت کی حقیقت ان امور
سے نفس کا راحت پانا ہے جو عالم بالا سے نفس پر منعکس
ہوتے ہیں اور وہ امور رضامندی اور موافقت اور اطمینان
وغیرہ ہیں چنانچہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے "خدا تعالیٰ
کی رحمت میں آکر وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے" اور اس
کے خلاف خدا تعالیٰ کا دوسرا قول ہے "وہی لوگ
ہیں جن پر خدا تعالیٰ اور ملائکہ اور انسانوں کی لعنت
ہے اور ہمیشہ وہ اس میں رہیں گے" اور بہیمیت کی
تاریکیوں سے راحت کی طرف نفس کے نکلنے کا راستہ
اسی خلق سے ہو سکتا ہے جس خلق میں ملکیت کے
غالب ہونے پر اور بہیمیت کے مغلوب ہونے پر نفس
پیدا کیا گیا ہے ، پس بعض نفوس خشوع اور طہارت
کی صفت میں ملکیت پر پیدا کئے گئے ہیں اور اس کا
خاصیت یہ ہے کہ اس کو نماز سے بڑا حصہ ملتا ہے ، اور
بعض نفوس سخاوت کی صفت میں ملکیت پر پیدا
کئے گئے ہیں اور اس کی خاصیت یہ ہے کہ اس شخص کا صدقہ
کے دینے میں اور ظالموں سے درگذر کرنے میں اور مسلمانوں
کے ساتھ تواضع کرنے میں باوجود اپنی عزت نفس کے
بڑا حصہ ہوتا ہے ، اور بعض نفوس وصف شجاعت ملکیت
پر پیدا کئے گئے ہیں پس بندوں کی اصلاح کے لئے تدبیر
الٰہی کا نفوس میں انقار ہوتا ہے پس اس انقار کو قبول کرنے
والی پہلی چیز جو ہے وہ شجاعت ہے پس اس شخص کا
جہاد سے بڑا حصہ ملتا ہے ، یا اس کا نفس ان لوگوں کے
نفوس میں سے ہوتا ہے جن کے قوائے بہیمیہ اور ملکیہ میں
باہم کشمکش رہتی ہے پھر اس کو الہام یا اس کا اپنا تجربہ
اس بات کی تعلیم دیتا ہے کہ روزہ رکھنے سے دائرہ

فهذه هی الابواب التی صرح بها
نبی صلی اللہ علیہ وسلم فی
هذا الحدیث، ویشبه ان یکون
منها باب العلماء الراسخین و
باب اهل البلایا والمصائب، و
الفقر، و باب العدالة، وهو قول
صلی اللہ علیہ وسلم فی سبعة
یظلهم اللہ فی ظله، امام عادل،
وایته ان یکون عظیم السعی فی
التالیف بین الناس، وباب
التوکل، وترك الطیرة، وفی کل باب
من هذه الابواب احادیث کثیرة
مشهورة، وبالجملة فهذه اعظم
ابواب خروج النفس الی رحمة اللہ
ویحب فی حکمة اللہ ان یکون
للجنة التی خلقها اللہ لعباده، ابوابا
ابواب منها و کل من السابقات
یفتح علیهم الحسنات من ثمانیة
وثلاثة واربعة، فیدعون یوم
القیامة منها، وقد وعد بذلك ابوبکر
الصدیق رضی اللہ عنه ومعنی قوله
صلی اللہ علیه وسلم من انفق
زوجین لحدیث، انه یدعی من
بعض ابوابها انما خصه بالذکر
لزیادة الاهتمام،

کرنے سے قوت بہیمی کو شکست ہوتی ہے اور نفس کی تاریکیاں
دور ہوتی ہیں پس وہ اس کو خوب سنکر خلوص دل سے قبول
کرکے عمل میں لانے کی کوشش کرتا ہے تب اس کو رب رحیم
سے پورا پورا بدلہ دیا جاتا ہے،

یہ وہی دروازے ہیں جن کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم
نے اس حدیث میں تصریح کی ہے اور ممکن ہے کہ انمیں
علماء راسخین کا دروازہ ہو اور مصیبت زدہ اور
کا دروازہ ہو اور اہل انصاف کا دروازہ ہو، جنکو نبی
صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سات شخصوں میں جنکو
خدا تعالیٰ اپنے سایہ میں جگہ دے گا امام عادل کا بھی
ذکر فرمایا ہے اور اس کی پہچان یہ ہے کہ لوگوں کے
درمیان باہمی تفاق میں وہ بڑی کوشش کرتا ہے
اور ممکن ہے کہ باب التوکل اور بدشگونی پر عمل نہ کرنے
کا باب بھی انمیں سے ہو، اور ان ابواب میں سے ہر
باب کے متعلق بہت سی احادیث مشہور ہیں،

حاصل کلام یہ ہے کہ نفس کے رحمت [illegible]
ہونے کے یہ بڑے بڑے دروازے ہیں اور
حسن لی کا تقاضا یہ ہے کہ اس جنت کے جس کو
اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لئے پیدا کیا ہے
ان دروازوں کے مقابلہ میں آٹھ دروازے [illegible]
سابقین میں سے جو کاملین ہیں [illegible]
چار چار احسان کے دروازے کھولے جائیں
تیاری کے وقت ان کو ان دروازوں [illegible]
اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے اس کا وعدہ کیا گیا
ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ جو فرمایا ہے کہ جس
نے خدا کی راہ میں جوڑا خرچ کیا اس کو جنت کے دروازوں سے بلایا جائے گا اس کے یہ معنی
اس کے بعض دروازوں سے بلایا جائے گا اس میں اہتمام کی غرض سے
ساتھ خاص کیا ہے،

مقادیر الزکاۃ

قال النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لیس فیما دون خمسۃ اوسق من التمر صدقۃ ولیس فیما دون خمس ذود من الابل صدقۃ ولیس فیما دون خمس اواق من الورق صدقۃ

قولہ فیما دون خمسۃ اوسق لانہا تکفی اہل بیت الی سنۃ وقد یحتاج اہل البیت الی الزوج والزوجۃ والولد والخادم وغیرہم فی قلیل الاوقات وغالب قوت الاذرۃ

واحد من ہولاء ذلک

بیت

ہذا ما قدر

خمس وفی ما

بیت کا

لاسعر

وسفری

فی الخص

وانما قدر من الابل خمس ذود

شاۃ وان

لاصل ان لا تؤخذ الزکاۃ

زکوٰۃ کی مقدار کا بیان

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کھجور کی زکوٰۃ پانچ وسق سے کم پر نہیں ہے۔ پانچ اونٹ سے کم میں صدقہ نہیں ہے اور چاندی میں صدقہ پانچ اوقیہ سے کم میں نہیں ہے۔

میں کہتا ہوں خدا اور کھجوروں میں پانچ وسق

ہونے

کے

ہو سکتی ہے

کیے

ظاہر ہیں اور یہ

ہے اور جو اس کے قریب

ہیں

ہے

ہے

ہے

يجعل النصاب هذا الى بال لان
لابل اعظم اموالهم حنطة و
كثرها ثلثة فيمكن ان تتبع
وتركب وتحلب ويشرب لبنها
النسل ويستعمل نتاجها وبرها
وجلودها. وكان بعضهم يقتني
نجائب تقلبنه يمكنه كل يوم
وكان الكثير منهم يقتني ثلثة
عشر من الابل وبعضهم اكثر
وثلثي عشرة شاة
كثيرة من الاحاديث
دود في حكم ازكوة
الصغير حتى ينبو ماشية

قول صلى الله عليه وسلم
ليس على المسلم صدقة في عبده
ولا في فرسه

اقول ذلك لانه لم يكن لعبادة
بقتنا. الرقيق متناسل
في كثير من الاوقات
يقتنيها في جميع الازمنة
من الاموال التي
معاوية بن ابي سفيان
سعود وعمرو بن حزم
عن ابيه عن جده

... کہ کتب ... کو ... کی وجہ ہے کہ
اونٹ تمام مویشیوں پر عظیم الجثہ اور سب سے زیادہ
نافع ہے چلا جاتا ہے، اس کو ذبح کر کے بھی کھا سکتے
ہیں، اور اس کی سواری بھی لے سکتے ہیں، اس کا دودھ
پی سکتے ہیں، اور اس سے نسل بھی بڑھا سکتے ہیں اور
اس کے بال اور کھال سے بھی نفع حاصل کر سکتے ہیں اور
بعض لوگ صرف تھوڑی سی اونٹنیاں پال لیتے ... اور
ایک پوری دائی کو کافی ہو جاتی تھیں ... اور اس زمانہ
... اونٹ ... بکریوں اور کوئی آٹھ بکریوں اور
... بکریوں کے برابر شمار کیا جاتا تھا جیسا کہ
... حدیث میں وارد ہوا ہے اس واسطے پانچ
... بکریوں نے دنی نصاب کے برابر مقرر کئے
... اور ... بکریوں میں زکوٰۃ مقرر کی گئی۔

... نے ... صلعم ... فرمایا۔ مسلمان
... پر ... اور ... سے زکوٰۃ نہیں ہے اور
... کی وجہ یہ ہے کہ نسل بڑھانے
کے لیے غلاموں کو جمع کرنے کا رواج نہیں ہے اور
... کی طرح بہت سے ملکوں میں گھوڑوں کی ایسی کثرت
نہیں ہے جس کا مویشیوں کے بڑھنے کے لحاظ سے
... قرار دیا جائے اس واسطے غلام اور گھوڑا اموال
... نہیں ہیں مگر جبکہ ان کو تجارت
... ابوبکر صدیق، عمر
... طالب، ... سعود اور عمر بن
... کی روایت سے ثابت ہے
... ہم ... ابوبکر صدیق ... یہ بات متواتر ہے کہ ہر پانچ
... ایک بکری ... جب ... ہو جائیں
... ایک ... اس ملک ... ہے جس جب
... کا ذکر ... اس ملک ... ہے

بن لسلمين ان زكاة الابل
في كل خمس شاة فاذا بلغت خمسا
وعشرين الى خمس وثلاثين ففيها
بنت مخاض فاذا بلغت ستا و
ثلاثين الى خمس واربعين
ففيها بنت لبون، واذا بلغت ستا
واربعين الى ستين ففيها حقة،
فاذا بلغت واحدة وستين
الى خمس وسبعين ففيها جذعة
فاذا بلغت ستا وسبعين الى
تسعين ففيها بنتا لبون، فاذا
بلغت احدى وتسعين الى عشرين
ومائة ففيها حقتان، فاذا زادت
على عشرين ومائة ففي كل اربعين
بنت لبون وفي كل خمسين حقة،
قول راصبن في ذلك فاذا
كانت فنون ربع مئوي على الصرم فجعل
في الصغيرة للصرمة الصغيرة
والكبيرة للكبيرة رعاية للانصاف
ووحد الصرمة لانها في عرفهم
الا في كثر من عشرين فصاعدا فخص
بعشرين ثم جعل في كل عشرة
زيادة سن من الاسنان المذكورة
بما يجد العرب غالبا في ابلها
فجعل في كل خمس شاة
عشرة، وقد استفاض من رواية
ابي صفاني صدقة الغنم اذا كانت
اربعين الى عشرين ومائة
ففيها شاة، فاذا زادت على عشرين

چھتیس ہو جائیں تو پوری پینتیس تک ایک بنت لبون، وہ
جو تیسرے برس میں لگ جائے، ہے اور جب چھیالیس
ہو جائیں تو ساٹھ تک ایک حقہ، وہ بچہ جو چوتھے برس
میں ہو، ہے پس جب اکسٹھ ہو جائیں تو پچھتر تک ایک
جذعہ، وہ بچہ جو پانچویں برس میں شروع ہوا ہے۔
پس جب پچھتر ہو جائیں تو نوے تک دو بنت لبون
ہیں، پس جب اکیانوے ہو جائیں تو ایک سو بیس
تک دو حقے ہیں پس جب ایک سو بیس سے زیادہ
ہوں تو ہر چالیس اونٹوں پر ایک بنت لبون اور ہر
پچاس پر ایک حقہ ہے۔

میں کہتا ہوں اس میں اصل یہ ہے کہ جب اونٹوں
کو اونٹوں کے گلوں پر تقسیم کرنا چاہا تو چھوٹی اونٹنی
کو چھوٹے گلہ کے لئے اور بڑی اونٹنی کو بڑے گلہ کے
لئے انصاف کی رعایت رکھتے ہوئے مقرر کیا اور یہ
بات بھی دیکھی گئی کہ گلہ کا اطلاق ان کے عرف میں بیس
سے زیادہ پر ہوتا ہے اس واسطے پچیس سے اس کو
منضبط کیا پھر ہر دس پر ایک بکری یا دسویں کو جو اب
میں نہایت مرغوب ہے مقرر کیا اس کے بعد پندرہ
میں اس زیادتی کو مقرر کیا۔

اور نیز بکریوں کی زکوٰۃ میں ان کی روایت سے یہ بات ثابت
ہے کہ جب چالیس ہو جائیں تو ایک سو بیس تک میں ایک بکری ہے جب
ایک سو بیس سے زیادہ ہو جائیں تو دو سو تک میں
دو بکریاں ہیں، پس جب دو سو سے زیادہ ہو جائیں
تو تین سو تک میں تین بکریاں ہیں، پس جب تین
سو سے زیادہ ہو جائیں تو ہر سو پر ایک بکری ہے
میں کہتا ہوں اس میں اصل یہ ہے کہ
بکریوں کا گلہ بڑا بھی ہوتا ہے اور چھوٹا بھی ہوتا
ہے اور اس کے گلوں میں باہم بڑا فرق ہوتا
ہے کیونکہ بکریوں کا پالنا آسان ہے اور ہر شخص

وما بينهما الى مائتين ففيها شاتان فاذا زادت على مائتين وثلثمائة ففيها ثلاث شياه، فاذا زادت على ثلثمائة ففي كل مائة شاة،

اقول الاصل فيه ان ثلثة من الشاء تكون كثيرة وثلثة منها تكون قليلة والاختلاف فيها يتفاحش لانها يسهل اقتناؤها و كل يقدر بحسب التيسير فضبط النبي صلى الله عليه وسلم اقل ثلثة بار بعين، واعظم ثلثة بثلاث ار بعينات، ثم جعل في كل مائة شاة تيسيرا في الحساب وصح من حديث معاذ رضي الله عنه في البقر في كل ثلاثين تبيع او تبيعة، وفي كل اربعين مسن، اي مسنة، وذلك لانها متوسطة بين لابن والشاء. فروعي فيها شبههما، واستفاض ايضا ان زكاة الورق ربع العشر فان لم يكن الا تسعون ومائة فليس فيها شيء، وذلك لان كنوز النفس لسان يتفجر وقت الانفاق مقدار الكثير منها، فمن حق الزكاة ان تكون اخف الزكوات، والذهب محمول على الفضة، وكان في ذلك الزمان صرف دينار بعشرة دراهم عيار نصابه عشرين مثقالا وفيما سقت السماء والعيون او كان عثريا العشر، وفيما سقي بالنضح

اپنی گنجائش کے موافق پال سکتا ہے اس واسطے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے چھوٹے گلہ کا اندازہ چالیس بکریوں کے ساتھ کیا اور بڑے گلہ کا اندازہ چالیس کے سہ چند کے ساتھ کیا پھر ہر سو پر ایک بکری مقرر کی تاکہ حساب میں آسانی رہے اور گائے بیل کی زکوٰۃ میں حدیث صحیح مروی ہے کہ ہر تیس میں ایک سال کا بچھڑا یا بچھیا ہے اور ہر چالیس میں دو سال کا بچھڑا یا بچھیا ہے اور یہ اس لئے ہے کہ ..... گائے بیل کی جنس اونٹ اور بکری کے درمیان میں ہے، اس لئے اس میں دونوں کی مشابہت کا لحاظ کیا گیا، اور احادیث سے یہ بات بھی ثابت ہے کہ چاندی کی زکوٰۃ چالیسواں حصہ ہے پس اگر ایک سو نوے درہم چاندی ہے تو اس میں کچھ زکوٰۃ نہیں، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ سونا چاندی ثابت عمدہ مال ہے جس کے اندر معتدار کثیر ضرر کرنے سے لوگوں کو ضرر ہوتا ہے اس واسطے اس کی زکوٰۃ سب اموال کی زکوٰۃ سے کم ہونا مناسب ہے، اور سونے کو چاندی پر محمول کیا گیا ہے اور اس زمانہ میں ایک دینار دس درہم میں چلتا تھا اس واسطے سونے کا نصاب بیس مثقال مقرر ہوا، اور جو کھیت بارش یا چشموں سے سیراب ہوں یا وہ زمین عشری ہو تو اس میں دسواں حصہ ہے اور جن کھیتوں میں پانی دے کر پانی دیا جائے تو ان میں بیسواں حصہ ہے کیونکہ جس میں محنت کم ہے اور پیداوار زیادہ ہے اس میں لگان زیادہ ہونا چاہئے اور جس میں محنت زیادہ ہے اور پیداوار کم ہے تو اس کے لگان میں تخفیف مناسب ہے،

لہ مثقال سادھے چار ماشہ کے برابر ہوتے ہیں ۱۲

فنصف العشر، فان لم يكن فالعشر، فان لم يكن فهو لهم تعاليا وكثر يعني حتى يعزب عنه الضريبة، وان كان هو كثر فنصف العشر تعاليا وكثر يعني حتى يتخفيف.

قوله صلى الله عليه وسلم في الخرص وهو السنة وان لم يفعلوا فثلث فدعوا الربع.

اقول السر في مشروعية الخرص دفع الحرج عن اصحاب الزروع فانهم يريدون ان ياكلوا البسر والرطب وغيرهما وهم لا يتمكنون من ذلك الا بشق الانفس ولا يحفظون منهم الا بشق الانفس وهم كان الخرص محل التسهيل، والزكاة من حقها التخفيف هو بتلك السنة، والربع والثلث يحتمل ان يكون لما ان الغالب الا الغلبة، فوجب ان يحمل على زكاة المقل وفي الدكاكر للحمل لانه يشبه بهيمة من وجه ليس المجان فجعلت زكاته خمسة.

في صاع رسول الله صلى الله عليه وسلم وفي زكاة الفطر صاع من تمر او من شعير عن العبد والحر والذكر والانثى والصغير والكبير من المسلمين وفي رواية او صاعا من اقط او صاعا من زبيب، وانما قدر بالصاع لانه يشبع هذا البيت فقيه غسة معتدا بها للفقير، ولا يتضرر الانسان باخراج هذا القدر عند الاداء وحسن في

وسلم نے تخمینہ کرنے میں فرمایا تہائی چھوڑ دو اور اگر تہائی کے تخمینہ کو تو چوتھائی چھوڑ دو۔

میں کہتا ہوں تخمینہ سے جانچ کرنے میں یہ راز ہے کہ اس میں کاشتکاروں کے لیے سہولت ہے کیونکہ وہ لوگ کچا پکا سب کھاتے ہیں اور صدقہ لینے والوں کے لیے بھی آسانی ہے کیونکہ وہ کھیتی کی حفاظت کرنے میں بڑی دقت برداشت کرتے ہیں اور چونکہ تخمینہ کرنے میں کمی بیشی کا احتمال ہوتا ہے اس لیے زکوۃ میں تخفیف مناسب ہے اس واسطے تہائی یا چوتھائی چھوڑنے کا حکم فرمایا اور جو بیوپار تجارت کے لیے ہو تو اس کی زکوۃ میں قیمت کا اعتبار ہے پس تنگدستی زکوۃ پر اس وقت مسلط کرنا ضروری ہے اور دسویں زکوۃ پر اس وقت مسلط کرنا ضروری ہے کیونکہ اس کو ایک طرح میں پانچواں حصہ زکوۃ ہے کیونکہ اس کو ایک طرح سے مفت سے [illegible] طریقہ سے مشابہت ہے اس واسطے اس کی زکوۃ پانچواں حصہ مقرر کی گئی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں میں سے ہر غلام اور آزاد مرد اور عورت اور چھوٹے اور بڑے پر صدقہ فطر میں ایک صاع چھوارے یا ایک صاع جو فرض کیے ہیں اور ایک روایت میں ایک صاع پنیر یا ایک صاع منقی بھی آیا ہے اور ایک صاع کی مقدار میں سے مقرر کی گئی ہے ایک گھر کو شکم سیر کر سکتا ہے اس مقدار میں فقیر پورے طور پر بے پروا ہو سکتا ہے، اور غالبا دینے والے کو بھی اس مقدار میں کچھ ضرر نہیں ہوتا اور ایک روایت میں نصف صاع گیہوں کو ایک صاع جو کے برابر رکھا ہے کیونکہ اس وقت میں گیہوں کی کمی تھی اس کو مال دار ہی کے

بعض الروايات نصف صاع من قمح على صاع من شعير لانه كان غالبا في ذلك الزمان لا يأكلون الا من النعم ولم يكن من مأكل المساكين بينة زيد بن ارقم في قصة السرقة ثم قال علي رضي الله عنه اذا وسع الله فوسعوا، وانما وقت بعد فطر لمعان، منها انها تكمل كونه من شعائر الدين وان به طهرة للصائم وتكميلا لصوم مهما بمنزلة سنن الرواتب في الصلاة، وهل هي على زكاة؟ الاحاديث فيه متعارضة واطلاق الكنز عليه بعيد، ومعنى الكنز حاصل، والخروج من الخلاف احوط؛

سکے، اور غریب لوگ نہیں کھا سکتے تھے، زید بن ارقم نے سرقہ کے قصہ میں اس کو بیان کیا ہے، پھر حضرت علی نے فرمایا جب خدا تعالیٰ تمہارے لئے وسعت کرے تو تم بھی وسعت کرو، اور صدقۂ فطر کا وقت عید الفطر میں چند وجوہ سے مقرر کیا، از انجملہ یہ ہے کہ روزہ کے سبب سے عید الفطر کے شعائر الٰہی ہونے کی تکمیل ہوتی ہے اور اس میں روزہ داروں کے لئے طہارت، اور ان کے روزہ کی تکمیل ہوتی ہے۔ جس طرح فرض نمازوں کی تکمیل سنتوں سے ہوجاتی ہے اور رواتب میں زکوٰۃ ہے یا نہیں اس امر میں مختلف احادیث وارد ہیں اور اس پر کنز کا اطلاق کرنا بعید ہے البتہ اس میں کنز کے معنی پائے جاتے ہیں۔ نیز اور کی زکوٰۃ ادا کرنے کے شک سے بچنے میں زیادہ احتیاط ہے

المصارف — زکوٰۃ کے مصارف کا بیان

الاصل في مصارف ان مبنى [illegible] على نوعين منها حصر [illegible] ومن حقها ان يخفف [illegible] احتاج الى جمع وحساب [illegible] مثل وكبر [illegible] باسم الاعمال يستتبع [illegible] مصدقا او على الذين [illegible] ثم كفاية [illegible] جهاد [illegible] ومنها ما [illegible]

[illegible] کہ [illegible] دو قسم کے ہوتے [illegible] جہاں خالص مسلمان [illegible] کے لوگ ان کے ساتھ نہیں [illegible] کو کہ [illegible] رہتے [illegible] اور بسا اوقات ان شہروں میں [illegible] جو عوام کے نفع کے کام [illegible] کی تصدیق کی وجہ سے وہ [illegible] دم کرتے ہیں اور ان لوگوں کی معاش [illegible] میں ہوتی ہے کیونکہ مسلمانوں کی بہت

سائر الملل، ومن حقها ان يشدد فيها وذلك قوله تعالى شدداء على الكفار رحماء بينهم وهي تحتاج الى جنود كثيرة وعوان قوية. و تحتاج الى ان يقبض على كل عمل نفع من يباشره، ويكون معيشته في بيت المال، فجعل النبي صلى الله عليه وسلم لكل من هذين سنة، وجعل الجباية بحسب المصارف، وسيأتي مباحث الثاني في كتاب الجهاد، والبلاد الخاصة بالمسلمين عمدة ما يتخلص فيها من المال نوعان، باعتبار نوعين من المصرف، نوع هو المال الذي زالت عنه يد مالكه كتركة الميت لا وارث له، و ضوال من البهائم لا مالك لها، و لقطة اخرجها عنوان بيت المال وعرفت فلم يعرف لمن هي وامثال ذلك، ومن حقه ان يصرف الى المنافع المشتركة مما ليس فيه تمليك لاحد ككري الانهار وبناء القناطر والمساجد وحفر الآبار والعيون وامثال ذلك ونوع هو صدقات المسلمين جمعت في بيت المال، ومن حقه ان يصرف الى ما فيه تمليك [illegible] في [illegible] و [illegible] و المساكين [illegible].

بعض ایسے شہر ہوتے ہیں جن میں مذہب کے لوگ رہتے ہیں پس ایسے شہروں میں سختی کرنا مناسب ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "کافروں پر سخت ہیں" اور ایسے شہروں میں بہت سی فوج اور قوی مدد کار دہنا کی ضرورت پڑتی ہے نیز اس کی بھی ضرورت ہے کہ ہر نافع کام پر اس کے قابل آدمی کو متعین کیا جائے اور اس کی ضروریات بیت المال سے پوری کی جائیں پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے دونوں قسم کے شہروں میں سے ہر ایک کے لئے ایک طریقہ مقرر فرمایا اور محاصل کو مصارف کے لحاظ سے مقرر فرمایا، دوسری قسم کے مباحث عنقریب کتاب الجہاد میں آتے ہیں، خاص مسلمان آبادی کے شہروں سے جو عمدہ مال حاصل ہوتا ہے اس کی دو قسمیں ہیں جس طرح مصرف کی دو قسمیں ہیں ایک تو وہ مال ہے جو مالک کے قبضہ سے نکل گیا جیسے میت کا ترکہ جس کا کوئی وارث نہیں ہے اور گم شدہ مویشی جن کے مالک کا پتہ نہیں اور وہ گری پڑی چیز جو بیت المال کے لوگوں کو دستیاب ہوئی اور اس کشمیر کی گئی اور اس کا کوئی مالک نہ معلوم ہوا اور اسی قسم کے اموال ان سب اموال کو ایسے کاموں میں خرچ کرنا چاہیئے جن کا نفع عام ہو اور اس میں کسی کی تملیک نہ پائی جائے جیسے نہروں کا جاری کرنا، پلوں کا بنانا، مساجد کی تعمیر کرنا، چشموں اور کنوؤں کا کھودنا اور اسی قسم کے کام، اور دوسری قسم مسلمانوں کے صدقات ہیں جو بیت المال میں جمع کئے جاتے ہیں ایسے اموال کو ان مواقع میں خرچ کرنا چاہیئے جس میں کسی کو مالک بنایا جائے اور اس بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "انما الصدقات للفقراء والمساکین" الآیۃ۔

والجملة فی ذلک ان الحاجات
ن هذا النوع وان کانت کثیرة
دا لکن العمدة فیهم ثلاثة ،
محتاجون وضبطهم الشارع
لفقراء والمساکین وابناء السبیل
انصار میں فی مصلحة انفسهم
نفقة ، وضبطهم بالغزاة والعاملین
ن الجبایات ، والثالث مال یصرف
دفع لفتن الواقعة بین المسلمین
لمتوقعة علیهم من غیرهم
لک اما ان یکون بحیث اذا عین
نبة فی الاسلام بالکفار او بغیره
کافر عما ترید من العمدة
مال ، وربما
وهم والمشاجرات
هو الغارم فی حمالة یتحملها
فیة لتسلیم علیهم وانه یعطی
ن او کم یعطی ؟ مفوض الی رای
امام ؟

وعن ابن عباس یتصدق من
کاة ماله ویعطی فی الحج ، وعن
حسن مثله وعن ابی حنیفة اصدق
سفره فی ایام حیضها اجزاه ، وعن
ن راس حدیثا النبی صلی الله علیه
سلم علی ابل الصدقة للحج ، و
حدیث وامامخالد فانکم تظلمون
الدراعتد احتبس ادراعه واعتده
سبیل الله ، وفیه شیئان جواز
یعطی مکان شی شیئا اذا کان

اور اس میں مختصر بیان یہ ہے کہ اس نوع کی حوائج
اگرچہ بے شمار ہیں لیکن سب سے بڑھ کر انہیں
تین ہیں ایک محتاج لوگ اور ان کو شارع نے
فقراء اور مساکین اور مسافران اور قرضداروں کے
لئے مقرر کیا ہے، دوسرے جو عاملین ہیں اور شارع
نے ان کو مجاہدین اور زکوٰۃ وصول کرنے والوں میں
منحصر کیا ہے اور تیسرے یہ ہیں کہ وہ مال ان فتنوں
کے دور کرنے میں صرف کیا جائے جو مسلمانوں میں
واقع ہو گئے ہیں یا غیر مسلموں کی طرف سے ان فتنوں
کے واقع کرنے کا خطرہ ہے،

اور یہ اس طور سے ہوتا ہے کہ کسی ضعیف اسلام
[illegible] کیا جائے جو کفار کے ساتھ میل جول کرنا
یا کافر جو فریب کار [illegible] اس کو مال کے
[illegible] اور مؤلفۃ القلوب
[illegible] مسلمانوں کے باہمی جھگڑوں میں
[illegible] اور وہ لفظ غارم میں آجاتے
ہیں کہ ان کو دیا جائے اور یہ بوجھ کسی پر ڈالا
جائے اور ان پر تقسیم کرنے کی ضرورت کہ کن لوگوں
کو دیا جائے اور کس قدر دیا جائے امام کی رائے
پر موقوف ہے،

اور حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ اپنے مال
کی زکوٰۃ سے آزاد کر سکتا ہے رمضان کے لئے دے سکتا
ہے اور امام حسن سے بھی ایسا ہی مروی ہے پھر انہوں
نے اس آیت کو پڑھا انما الصدقات للفقراء
والمساکین جس میں دینا کافی ہوتا اور اس سے
معلوم ہوتا ہے کہ کسی اسلام [illegible] کو زکوٰۃ کے
اونٹوں پر سوار کیا، حدیث صحیح میں وارد ہے بے شک
تم زکوٰۃ طلب کرنے کے خالد پر ظلم کرتے ہو حالانکہ اس
نے اپنی زرہ اور ہتھیار [illegible] حبس کر دیئے ہیں

انفع للفقراء، و ذلك لكيس مجزئ عن الصدقة قلت وعلى هذا فالحصر في قوله تعالى انما الصدقات اضافي بالنسبة الى ما طلبه المنافقون في صرفها فيما يشتهون على ما يقتضيه سياق الاية والسر في ذلك ان الحاجات غير محصورة وليس في بيت المال في البلاد المخالصة للمسلمين غير الزكاة كثير مال، فلا بد من توسعة تكفي نوائب المدينة والله اعلم.

قوله صلى الله عليه وسلم ان هذه الصدقات انما هي اوساخ الناس وانها لا تحل لمحمد ولا لال محمد.

قوله انما كانت اوساخ لانها تكفر الخطايا وتدفع البلاء وتقع دواء عن العبد في ذلك، فيتمثل في مدارك الاعلى انها هي كما يتمثل في الصورة الذهنية واللفظية وخطية انها وجودات للشيء الخارجي لما جعلت باز الله، وهذا يسمى عندنا بالوجود التنزيلي فتدرك بعض النفوس الثانية ان فيه نكتة، وتنزل في بعض الاحيان لبعض الناس عند وقد يشاهد هل الملكة شفة تلك الظلمة ايضا، وكان سيدي الوالد قدس سره يحكي ذلك من نفسه كما قد يكره اهل الصلاح

اس حدیث سے دو باتیں ثابت ہوتی ہیں ایک یہ ہے کہ ایک چیز کا بدلہ دوسری چیز کا دینا جبکہ اس میں فقراء کا زیادہ نفع ہو درست ہے، دوسرے یہ ہے کہ راہ خدا میں صرف کر دینا صدقہ کی جگہ کافی ہو سکتا ہے،

میں کہتا ہوں اس تقدیر پر اس آیت "انما الصدقات للفقراء" میں حصر اضافی ہے، یعنی بہ نسبت ان مصارف کے حصر ہے جن میں منافقین اپنی خواہش کے موافق صرف کرنے کے لئے مانگتے تھے جیسا کہ سیاق آیت سے معلوم ہوتا ہے اور اس میں راز یہ ہے کہ حاجات بے شمار ہوتی ہیں اور ان شہروں میں جن کے باشندے صرف مسلمان ہی ہیں بیت المال کے اندر سوائے زکوٰۃ کے اور کوئی مال کثیر نہیں ہوتا اس واسطے اس میں وسعت دینا ضروری ہے تاکہ وہ مال شہر کی ضروریات کو کافی ہو سکے، واللہ اعلم،

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "یہ صدقات لوگوں کے میل ہوتے ہیں اور وہ محمد کے لئے حلال میں اور نہ محمد کی اولاد کے لئے حلال ہیں"

میں کہتا ہوں صدقات کے میل ہونے کی یہ وجہ ہے کہ صدقات گناہوں کو دور کرتے ہیں اور بلاء کو دفع کرتے ہیں اور بندہ کی طرف سے ان باتوں میں وہ فدیہ بن جاتے ہیں پس ملاء اعلیٰ کی نظروں میں یہ صدقات بالکل میل ہی دکھائی دیتے ہیں جس طرح صورت ذہنیہ ولفظیہ و خطیہ میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ صورتیں اشیاء خارجی کا وجود ہیں جس کے مقابلہ میں یہ صورتیں ہیں اور اس کو ہم وجود تشبیہی کہتے ہیں، پس بعض نفوس عالیہ کو یہ بات معلوم ہو جاتی ہے کہ ان صدقات میں ایک قسم کی تاریکی ہے اور بعض اوقات ساقد کی طرف اس امر کا نزول ہوتا ہے اور کبھی بعض اہل مکاشفہ کو

ذکر الزنا وذکر اعضاء الخبیثۃ
ویجبون ذکر الاشیاء الجمیلۃ، و
یعظمون اسم اللہ، وایضا فان
ان الذی یاخذہ الانسان من
غیر مبادلۃ عین او نفع ولا یراد بہ
احترام وجہۃ فیہ ذم وہوانۃ،
ویکون لصاحب المال علیہ فضل
ومنۃ، وھو قولہ صلے اللہ علیہ و
سلم الید العلیا خیر من ید السفلی
فلا جرم ان التکسب بھذا النوع
شر وجوہ المکاسب لا یلیق
بالمطہرین والمنوہ بھم فی الملۃ،
وفی ھذا الحکم سر آخر وھو انہ
صلے علیہ وسلم ان اخذ ھا
لنفسہ وجوز اخذ ھا لخاصتہ
والذین یکون نفعھم بمنزلۃ
نفعہ کان مظنۃ ان یظن بخانون
ویقول القائلون فی حقہ ما لیس
بحق، فاراد ان یسد ھذا الباب
بالکلیۃ، ویجھر بان منافعھا
راجعۃ الیھم، وانما تؤخذ من
غنیائھم وترد فی فقرائھم رحمۃ
بھم وحدبا علیھم وتقریبا لھم
من الخیر وانقاذا لھم من الشر، و
لما کانت المسالۃ تعرضا للذلۃ و
خوضا فی الوقاحۃ وقد حافی اسرۃ
شدد النبی صلے اللہ علیہ وسلم
فیھا لا لضرورۃ لا یجد منھ بد،
ولیتا اذا اجرت العادۃ بھا ولم

بھی یہ تاریکی معلوم ہو جاتی ہے،

اور میرے والد ماجد قدس سرہ بھی اس امر میں اپنا مکاشفہ بیان فرماتے تھے جس طرح صالحین کو زنا اور اعضاء خبیثہ کا ذکر ناگوار معلوم ہوتا ہے اور وہ اچھی چیزوں کے ذکر کو محبوب رکھتے اور اللہ پاک کے نام کی تعظیم کرتے ہیں،

اور نیز جس مال کو انسان بغیر کسی چیز کے عوض کے یا نفع کے لیتا ہے اور اس دینے میں اس انسان کی عزت مقصود نہیں ہوتی تو اس مال کے لیے میں اس شخص کو ذلت اور اہانت حاصل ہوتی ہے اور مال دینے والے کو اس پر فضیلت اور احسان ہوتا ہے چنانچہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے" پس اس طرح کا کمانا تمام پیشوں میں بدترین پیشہ ہے اور جو لوگ دین کے بزرگ اور پاک ہیں ان کی شان کے بالکل لائق نہیں اور اس حکم میں کیا اور رشتے اور وہ یہ ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم اگر خود صدقہ لیتے اور اپنے خاص لوگوں کے لئے اور ان لوگوں کے لئے جن کا نفع اپنا ہی نفع ہے اس کے لینے کو جائز فرماتے تو لوگ آپ سے بدگمانی کرتے اور آپ کے حق میں نامناسب باتیں کرتے اس واسطے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس دروازہ کو بالکل بند کر دیا اور یہ بات ظاہر کر دی کہ صدقات سے منافع انہیں کے لئے ہیں اور انہیں کے اغنیاء سے لیکر انہیں کے فقراء کو دیدیئے جاتے ہیں تاکہ ان پر رحمت اور شفقت ہو اور ان کو نیکی نصیب ہو اور شر سے امان ہو،

اور جبکہ سوال کرنے میں بڑی ذلت ہوتی ہے اور سوال کرنے والا حیا سے نکل جاتا ہے اور اس کی مروت میں نقصان آجاتا ہے اس واسطے نبی صلے اللہ

يستنكف الناس منها وصار وا يستكثرون موالهم وكان ذلك سببا لاهمال الاكتساب التي لا بد لهم منها او تقبله وتضييعها على اهلها امر بغير حق، فتضمنت الحكمة ان يمثل الاستكاف منها بين اعينهم مثلا يقدم عليه عند الاضطرار

قوله صلى الله عليه وسلم من سأل الناس تكثرا ماله كان خموشا في وجهه ورضفا يأكلها من جهنم

قول السائل انه يسير تذلة مسألته من الامور ما جرت العادة بالمسامحة فيه لخفته كالجبر والكسر كان رخص وتتمثل ذلة السؤال بذلة من يرد الماء وجهه مصونة شوب قربة نسبة له من الحاجة والفقر الى ذي الغنى والكرم جناحت مالك ان تسأل مسألة حتى يثبر قواما من عيش، وجاء في تقدير غنية السائل نعة من السؤال نهاية وخمسون درهما وجاء بخمسين ما يغديه ويعشيه، وهذا لا احد كسب لا يمكن [illegible] عنه، اعني الامكان لما تحوذ في تعلم الباحثة عن سبب

علیہ وسلم نے جزا ایسی ضرورت کے جس کی وجہ سے آدمی مجبور ہو سوال کرنے میں بڑی سختی فرمائی تاکہ لوگوں کو سوال کرنے کی عادت پڑ جائے اور اس کو بوجہ کرنے میں کچھ غیرت معلوم نہ ہو اور بھیک کے ذریعہ سے زیادہ مال حاصل ہو جائے تو اس کی وجہ سے ضروری پیشوں کا متروک ہونا لازم آتا ہے یا ان پیشوں کی قلت ہو جاتی ہے اور مالداروں پر بلا وجہ تنگی لازم آتی ہے پس حکمت شرعیہ کا مقتضی یہ ہوا کہ سوال کے عار کرنے کی صورت ان کے سامنے ظاہر کی جائے تاکہ سخت ضرورت کے کوئی اس پر اقدام نہ کرے

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو لوگوں سے مال سوال کرتا ہے تاکہ اس کا مال زیادہ ہو تو وہ جہنم کا انگارہ ہو گا جس کو وہ کھاتا ہے

میں کہتا ہوں اس میں اشارہ ہے کہ اس کا گناہ جو لوگوں سے سوال کرے وقت اس کے سمجھتا ہے اس سزا کی صورت مرتب ہوا جس کے پکڑنے [illegible] جیسے آگ میں جلایا گیا ہو جس کے [illegible] ہوں اس صورت میں ظاہر ہوئے [illegible] اور اس شخص [illegible] میں [illegible] اور ایک حدیث میں [illegible] کھانے کے ساتھ آیا ہے جو اس کو صبح کے وقت

المدن لا الماخوذ فی علم تہذیب النفس، فمن کان کاسبا بالحرفۃ فہو معذور حتی یجد آلات الحرفۃ ومن کان زراعا حتی یجد آلات الزرع، ومن کان تاجرا حتی یجد البضاعۃ، ومن کان علی الجہاد مستمرین قسمہ یروح ویغد ومن لفنائم، کما کان اصحاب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم، فالضابط فیہ اوقیۃ او خمسون درہما، ومن کان کاسبا بحمل الاثقال فی الاسواق، او احتطاب الحطب وبیعہ وامثال ذلک فالضابط فیہ ما یغدیہ ویعشیہ ؛

قولہ صلے اللہ علیہ وسلم لا تلحفوا فی المسالۃ فوالذی لا یسالنی احد منکم شیئا فتخرج لہ مسالتہ منی شیئا وانا کارہ فیبارک لک فیما اعطیتہ ؛

اقول سرہ ان النفوس الملاحقۃ بالملا الاعلی تکون الصور الذہنیۃ فیہا کالمرآۃ الصقیلۃ والارض بمنزلۃ الدعاء المستجاب، فوجہ صلے اللہ علیہ وسلم ان لفظ المسالۃ من الالفاظ المستعملۃ فی [illegible] ومن خواص [illegible] کالمرآۃ [illegible] الطمانینۃ النفس بہ وثلج صدرہ

کے لئے کافی ہو سکے اور ہمارے نزدیک ان احادیث میں اختلاف نہیں ہے کیونکہ لوگوں کے مختلف درجے ہوتے ہیں اور ہر شخص کا ایک جدا پیشہ ہوتا ہے جس سے جدا ہونا اس کے لئے ناممکن ہے، میری مراد امکان سے وہ امکان ہے جو ان علوم میں مستعمل ہوتا ہے جن میں سیاست مدن سے بحث کیجاتی ہے نہ کہ وہ امکان جو علم تہذیب نفس میں بولا جاتا ہے پس جو شخص دستکاری سے کماتا ہے تو جب تک اس کے پاس اس کے حرفہ کے آلات نہ ہوں وہ اس حرفہ سے معذور ہے اور جو شخص تاجر ہے وہ اس وقت تک معذور ہے جب تک اس کے پاس سرمایہ تجارت نہ ہو، اور جو شخص جہاد پر ہو کہ صبح و شام غنائم ہی سے کھاتا ہے جیسا کہ اصحاب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تھے تو اس کے لئے اس مقدار کا اندازہ ایک اوقیہ یا چالیس درہم ہے اور جو شخص [illegible] کے لئے [illegible] کرتا ہے اور [illegible] اٹھا کر [illegible] کو [illegible] سیر ہو جائے

[illegible] صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوال کرنے میں [illegible] کے [illegible] کے [illegible] لو [illegible] کے [illegible] کو [illegible] کرے [illegible] کو [illegible] کے [illegible] کو [illegible] کے [illegible] کو [illegible] ک

کرجلین عندهما عشرون درهما، احدهما یخشی الفقر، والآخر مصروف الخاطر عن الحسبة غلب علیه الرجاء ثم زیادة النفع کرجلین مقدار مالهما واحد، صبّ ذلك احدهما الی مهمة وینفعه والهم الثانی بتدبیر الصالح فی حرفته، والآخر اضاعه ولم یقتصد فی التدبیر، وهذه البرکة تجلبها النفس بمنزلة جلب الدعاء، لقوله صلی اللہ علیه وسلم من یستعفف یعفه اللہ الحدیث ؛

اقول هذا اشارة الی ان هذه الکیفیات النفسانیة فی تحصیلها اثر عظیم لجمع الهمة وتاکد العزیمة

اس میں برکت نہ ہوگی اور اس کا حال اس شخص کا سا ہوگا جو کھاتا ہے اور شکم سیر نہیں ہوتا۔

میں کہتا ہوں کہ اس چیز میں برکت ہونے کی چند قسمیں ہیں۔ ادنیٰ قسم یہ ہے کہ اس شئی سے دل مطمئن ہو اور دل کو بیقراری نہ ہو مثلاً دو شخص ہیں کہ ان میں سے ہر ایک کے پاس بیس بیس درہم ہیں ان میں سے ایک کو اپنے تنگدست ہونے کا خوف ہے اور دوسرے کا دل خوف سے دور ہے اور اس پر امید کا غلبہ ہے اس کے بعد زیادتی نفع برکت کی دوسری قسم ہے جیسے دو شخصوں کے پاس مساوی مال ہے ان میں سے ایک نے ضروری اور نافع کام میں اس کو صرف کیا اور اس کے صرف کرنے میں صالح تدبیر کا اہتمام ہوا، اور دوسرے شخص نے اس مال کو ضائع کر دیا اور اس کو تدبیر نصیب نہ ہوئی، اور نفس اس برکت کو اس طرح کھینچ لیتا ہے جس طرح دعا کھینچ لیجاتی ہے، نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو شخص سوال کرنے سے بچیگا خدا تعالیٰ اس کو محفوظ رکھے گا"۔ الحدیث

میں کہتا ہوں اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ان کیفیات نفسانیہ کے حاصل کرنے میں ہمت کے مجتمع ہونے اور ارادہ کے مضبوط ہونے کو بڑا دخل ہے،

اُمُور تتعلق بالزکاۃ

ثم مست الحاجة الی وصیة الناس ان یؤدوا الصدقة الی المصدق بسخاوة نفس وفیها قوله صلی اللہ علیه وسلم اذا اتاکم المصدق فلیصدر عنکم وهو عنکم راض، وذلك لتحقق المصلحة الراجعة الی النفس، واراد ان لیس بنا اعتداء هم فی المنع بالجوس، وهو قول صلی اللہ علیه وسلم فان

زکوٰۃ سے متعلق اُمُور کا بیان

اس کے بعد لوگوں کو اس بات کی نصیحت کرنے کی ضرورت ہوئی کہ صدقہ وصول کرنے والے کو خوش دلی سے صدقہ ادا کیا کریں، اور اس بارے میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جب تمہارے پاس صدقہ وصول کرنے والا آئے تو چاہیئے کہ وہ تم سے خوش ہو کر رخصت ہو" اور اس میں حکمت یہ ہے کہ وہ صلاح جو نفس سے متعلق ہے پائی جائے اور آپ نے یہ بھی چاہا کہ زکوٰۃ روکنے میں لوگوں کے

عدلوا فلا نفسهم وان ظلموا فعليها، ولا اختلاف بين هذا الحديث وبين قوله صلى الله عليه وسلم فمن سئل فوقها فلا يعط اذ الجور نوعان، نوع اظهر النص حكمه، وفيه لا يعط، ونوع فيه للاجتهاد مساغ وللظنون، تعارض، وفيه سد باب الاعتذار، وإلى وصية بالصدقة ان لا يعتدى في خذ الصدقة، وان يتقى كرائم اموالهم وان لا يفرق ليتحقق الانصاف وتتوفر المقاصد وسر قوله صلى الله عليه وسلم فوالذي نفسي بيده لا ياخذ منه شيئا الا جاء به يوم القيامة يحمله على رقبته ان كان بعيرا له رغاء يتضح من مراجعة ما بلينا في مانع الزكاة، والى سد مكايد اهل الاموال وفيها لا يجمع بين متفرق، ولا يفرق بين مجتمع خشية الصدقة. قوله صلى الله عليه وسلم لان يتصدق المرء في حياته بدرهم خير له من ان يتصدق بمائة عند موته، وقال صلى الله عليه وسلم مثله كمثل الذي يهدي اذا شبع الفول سره ان انفاق ما لا يحتاج اليه ولا يتوقع الحاجة اليه لنفسه ليس بحسن على سخاوة يعتد بها ثم ان النبي صلى الله عليه وسلم عمد الى خصال مما يفيل الرأس

اس عذر کا دروازہ بند ہو جائے کہ ان سے یہ جبر وصول کیا جاتا ہے چنانچہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "پس اگر صدقہ وصول کرنیوالے انصاف کریں گے تو اپنے لئے کریں گے اور اگر ظلم کریں گے تو اپنے اوپر کریں گے"۔ اور اس حدیث میں اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول میں کوئی اختلاف نہیں کہ "جس شخص سے اس سے زیادہ مانگا جائے تو وہ نہ دے"، اس واسطے کہ ظلم کرنے کی دو صورتیں ہیں ایک وہ صورت ہے جس کا حکم نص نے ظاہر کر دیا اور اس کے متعلق یہ ہے کہ نہ دینا چاہیئے اور ایک صورت ہے جس میں اجتہاد کی گنجائش ہے اور گمان متعارض ہوتے ہیں ان مواضع میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے عذر کے دروازہ کو بند کر دیا اور صدقہ وصول کرنے والے کو بھی اس بات کی وصیت کرنے کی ضرورت ہوئی کہ صدقہ وصول کرنے میں زیادتی نہ کرے اور ان کے نفیس نفیس مال سے بچے اور خیانت نہ کرے تاکہ انصاف پایا جائے اور بہت سے مقاصد حاصل ہو سکیں، اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جو فرمایا ہے "پس قسم اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے اس میں سے وہ کچھ نہ لیگا مگر قیامت کے دن اپنی گردن پر لائے گا اگر وہ اونٹ ہے تو بلبلاتا ہوگا" اس کا راز ہمارے اس بیان سے خوب ظاہر ہوتا ہے جو ہم نے مانعین زکوۃ کے بارے میں ذکر کیا۔ اور نیز اس بات کی بھی ضرورت ہوئی کہ مال والوں کے حیلے اور فریب کا دروازہ بند کیا جائے اور اس کے متعلق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صدقہ کے ڈر سے متفرق اموال کو مجتمع نہ کیا جائے اور نہ مجتمع اموال کو متفرق کیا جائے، نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "آدمی کا اپنی زندگی میں ایک درہم صدقہ کرنا مرتے وقت سو درہم صدقہ کرنے سے بہتر ہے"، اور

البخل وتهذيب لنفس او تالف
لجماعة فجعله صدقة تصيره
على مشاركة لصدقات في لثمرة
وهو قوله صلى الله عليه وسلم
يعدل بين اثنين صدقة ويعين
الرجل على دابته صدقة وكلمة
الطيبة صدقة وكل خطوة تمشيها
الى الصلاة صدقة وكل تسبيحة
وتكبيرة وتسبيحة صدقة
ومثال ذلك:
قوله صلى الله عليه وسلم
ايما مسلم كسا مسلما
ثوبا على عري الحديث:
اقول قد ذكرنا من سر الا
بطبيعة [illegible] تقتضي ان يكون
تجسد المعاني بالصورة التي
قرب شبهه من المحسوس وان
الاجسام مثلا غيبة صورة بعضها
وبعضها عبرة بل لعل [illegible]
وتمثل المعاني بصور الاجسام:
ومن [illegible] ان تعبير
عن [illegible]
وسلم [illegible]
مرة سوداء [illegible]
من [illegible]
يتمثل [illegible]
من [illegible]
وتولد تالف [illegible]
ومست الحاجة الى [illegible]

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دنیا میں اس کی
مثال ایسی ہے کہ جیسے کوئی شخص سیر ہو جائے اور پھر اردگرد
کو بھوکا دیکھے"
میں کہتا ہوں اس میں راز یہ ہے کہ جب چیز کی اس
کو حاجت نہیں ہے اور نہ اس کو اپنے سے اس کی طلب
کی امید ہے ایسی چیز کا صدقہ کرنا پورے طور سے سخاوت
پر دلالت کرتا ہے۔ پھر نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ان
خصلتوں کو بطور تمثیل کے قصد کیا جو نفس کو دوسرے کی
نفس پر رحم کھانے میں کام نہیں دیتیں یہاں تک کہ
[illegible] کرنا معلوم ہو جائے کہ
[illegible] صدقات کے ساتھ شریک ہیں، چنانچہ
نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو شخصوں میں انصاف
کر دینا صدقہ ہے اور سواری پر چڑھا کر کسی کی مدد کرنا
صدقہ ہے اچھی بات کہنا صدقہ ہے اور ہر قدم
[illegible] صدقہ ہے اور راستہ [illegible] صدقہ ہے
اسی قسم کی باتیں۔
نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو کوئی مسلمان کسی
ننگے بدن مسلمان کو کپڑا پہنائے گا خدا تعالیٰ اس کو جنت
[illegible] سے پہنائے گا" حدیث
میں کہتا ہوں ہم کئی بار یہ ذکر کر چکے ہیں کہ طبیعت
مشابہ ہے [illegible] کے ساتھ اور مشابہ
[illegible] ہوتا ہے اور مشابہت کا علاقے میں کئی
[illegible] پائی جاتی ہے اور خواب اور واقعات میں اور
[illegible] کی صورتوں کے ساتھ مشکل ہونے
میں اس بات کا معتبر ہونا تم کو ظاہر ہو سکتا ہے۔
[illegible] صلے اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کی وبا کو بھیڑیے
کی یا بھیڑیے کی صورت میں دیکھا اس کی وجہ اس مقام سے
تم کو معلوم ہو سکتی ہے۔ بعض لوگ ایسے ہوتے ہیں جو اپنے بل و

فقال النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دینار انفقتہ فی سبیل اللہ و دینار انفقتہ فی رقبۃ الحدیث ولا اختلاف بین قولہ خیر الصدقۃ ما کان عن ظہر غنی وابدأ بمن تعول وحدیث قیل ای الصدقۃ افضل؟ قال الجہد المقل وابدأ بمن تعول لتنزیل کل علی معنی او جہۃ، فالغنی لیس ہو المصطلح علیہ، وانما ہو غنی النفس او کفایۃ الاہل او نقول صدقۃ الغنی اعظم برکۃ فی مالہ، وصدقۃ المقل اکثر رأفۃ لبخلہ، وہو اقعد بقوانین الشرع ؛

قولہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الخازن المسلم الامین الحدیث ؛

اقول ربما یکون انفاذ ما وجب لیہ ولیس لہ ان یمتنع عنہ ایضا معز المسخاوۃ النفس من جہۃ طیب الخاطر والترفیۃ وثلاح الصدر، فلذلک کان متصدقا بعد المتصدق الحقیقی، ولا اختلاف بین حدیث، اذ انفقت المرأۃ من کسب زوجہا من غیر امرہ فلہا نصف الاجر، وبین قولہ صلی اللہ علیہ وسلم فی حجۃ الوداع لا تنفق امرأۃ شیئا من بیت زوجہا الا باذن زوجہا قیل لا رسول اللہ ولا الطعام قال ذلک افضل اموالنا

اور رب کو بھول کر غیروں کو صدقہ کر دیا کرتے ہیں اور اس کے نہ ہونے سے نوکروں کی رعایت کا جس کی رعایت کرنا زیادہ ضروری ہے پایا جاتا ہے اور اس میں صورت تدبیر ہے اور غریب لوگوں کے ساتھ الفت اور محبت کو ترک کرنا ہے اس واسطے ضرورت ہوئی کہ اس کو دوسرا شخص کسی بہانہ کر دیا جائے پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک وہ دینار ہے جس کو تو خدا کی راہ میں خرچ کرے اور وہ دینار ہے جس کو تو کسی کی جان چھڑانے میں خرچ کرے اور ایک وہ دینار ہے جو تو کسی مسکین کو دے اور ایک وہ دینار ہے جس کو تو اپنے اہل پر خرچ کرے ان سب میں اس دینار کا اجر زیادہ ہے جس کو تو نے اپنے اہل پر خرچ کیا ہے اور اس حدیث میں کہ "بہتر صدقہ وہ ہے جو حالت غنا میں دیا جائے اور پہلے اس کو دے جو تمہارے اہل و عیال میں سے ہے" اور اس حدیث میں کہ کسی نے آپ سے عرض کیا کہ کون سا صدقہ افضل ہے؟ آپ نے فرمایا تنگدستی کا صدقہ کی وجہ سے تکلیف اور فاقہ کشی کرنا، اور اپنے اہل و عیال سے دینا شروع کرو، کچھ تناقض نہیں ہے کیونکہ ہر حدیث ایک معنی اور ایک خاص وجہ پر محمول ہو سکتی ہے، پس غنا سے اصطلاحی غنا مراد نہیں ہے بلکہ غنا نفس، کنبہ کے لئے رزق کا کافی ہونا مراد ہے یا ہم کہتے ہیں کہ کسی کے صدقہ سے اس کے مال میں برکت ہوتی ہے، اور مفلس کا صدقہ اس لئے افضل ہے کہ وہ بخل کو خوب دور کرتا ہے اور وہ قوانین شرعیہ کے زیادہ مناسب ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا خزانچی مسلمان امانت دار جو مالک کے حکم کے موافق پورا پورا دیتا ہے وہ بھی بمنزلہ صدقہ دینے والے کے ہے ؛

میں کہتا ہوں کسی ایسی چیز کا نکالنا جو اس کے لئے واجب ہے اور طیب خاطر اور خوش دلی کی [illegible] نکالنا

قال ذلك نقص امرأته وعقلها ثم قالت
ذلت مرأة ناكل على اسنمة ذوينا
وغروحنا فما نصيب من مولهم
ذب نرطب تاكلنا وتلد بيسارنا
اون فيه مرة خصوصا ودلالة
ظلم يا مرة خصوص وامر بحجاب
يكون الزوج لا يبدو باعضائها
فلما بدأت المرة سلم ذلك
منها. وانما يجوز التصرف في
ماله بما هو معروف عندهم
وفيه اصلاح ماله كالترضية لوجه
يهدد نفسه وضياعه، ولا يجوز في
غير ذلك وان كان من الخير
يوله صلى الله عليه وسلم لا
تعد في صدقتك فان سائلك في
صدقت كالعائد في قيئه

اقول سبب ذلك ان المسلم
ذا اراد ان يتصدق على حق
ويطلب هو السنمة ويكون
قصد التصدق في ذلك الوقت ان
يرى صدقة نفس الطلب ولفظه
بها، وذا كان في قلبه ميل الى
جمع المال يسمى محبة ومحبة حق
كمال مقتض، وبغض فتور مذموم
يحبس مطلوب الى الاسترداد
ونقص بها، وهو شر كبير يصير
بموت في ارض هجرة

من ابواب الصوم

لما كانت بهيمية الشديد كافلة
عن ظهور احكام الملكية وجب الاعتنا
بقهرها، ولما كان سبب شدتها
وتركم طبقاتها وعزة رتبها هو الاكل
والشرب، والانهماك في اللذات
الشهوية فانه يفعل ما لا يفعله الملك
الرغد، وجب ان يكون حد يقع
لقهر تقليل هذه الاسباب، و
لذلك اتفق جميع من يريد ان
يظهر حكام الملكية على تقليلها
ونقصها مع اختلاف مذاهبهم
وتباعد انظارهم، وليصف المقصود
ذعان البهيمية للملكة بان تنصرف
حسب رجوعه وتنصبغ بصبغها و
تمنع الملكية عنها ان تفعل افعالها
الدنية ولا تطمع فيها تتوقع الخسيسة
كما تطمع نفوس، بخلاف من نشأ في بيئة
وراسبيل له في ذمته الا ان تقتضي
بهمية شيئا من ذلك فتوجه
الى البهيمة ان تقترحه عليه فتشاوره
فيه ولا تبغي عليها ولا تمتنع منه، ثم
تقتضي ايضا وتشاوره فيه، ثم
وهكذا حتى تعتاد ذلك وتمرن فيه
الامر، حتى تقتضيها هذه من ذاتها
وتفسر قلت عليها على غير ذلك ان
يكون من جنس ما قبله انشراح

روزہ کی تفصیلات

انکشاف ہوا۔ ازاں جملہ یہ ہے کہ آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے قبل لوگ، ایام حج میں عمرہ کرنا برا سمجھتے تھے پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس بات کا ارادہ فرمایا کہ ان کی اس تحریف کو پورے طور پر مٹا دیں۔ اور ازاں جملہ یہ ہے کہ وہ اپنے دلوں میں اس بات سے تنگی محسوس کرتے تھے کہ حج شروع کرنے سے پہلے جماع کر لیا جائے حتی کہ انہوں نے یہ بات بھی کہی کہ ہم عرفہ کو ایسی حالت میں آئیں کہ ہمارے اعضاء سے منی ٹپکتی ہو! اور ان کی یہ بات رائے زنی کے قبیل سے تھی پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس دروازہ کو بند کرنے کا ارادہ فرمایا۔ اور ازاں جملہ یہ ہے کہ حج کے وقت حرام باندھنے میں خانہ کعبہ کی پوری پوری تعظیم پائی جاتی ہے، اور ہدی کا روانہ کرنا حرام سے باہر آنے سے اس لئے مانع ہے کہ ہدی کا روانہ کرنا گویا یہ نذر کر لینا ہے کہ وہ ہدی کے ذبح ہونے تک اسی حالت پر رہے گا۔ اور جس چیز کو انسان اپنے اوپر لازم کر لیتا ہے تو جس وقت وہ دل کا خیال ہوتا ہے یا ارادہ ہوتا ہے جو کسی فعل کے ساتھ منضبط نہیں ہوتا تو ایسی بات کا اعتبار نہیں ہوتا اور جس وقت کسی ارادہ کے ساتھ کوئی فعل بھی ملا جاتا ہے اور اس کا انضباط ہو جاتا ہے، تو اس ارادہ کی رعایت واجب ہو جاتی ہے اور انضباط کا مختلف طرح سے ہوتا ہے پس اس کا ادنیٰ درجہ زبان سے کہنا ہے اور اس کا اعلیٰ درجہ قول کے ساتھ کسی ایسے فعل ظاہر کا ہونا ہے جو علانیہ ہو اس حالت کے ساتھ مخصوص ہو جس کا اس نے ارادہ کیا ہے جیسے ہدی کا روانہ کرنا۔ پھر جب ترویہ کا دن ہوا تو سب لوگ منیٰ کو چلے اور حج کا احرام باندھا اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم سواری پر سوار ہو کر منیٰ میں تشریف لے گئے اور ظہر اور عصر اور مغرب اور

بها الظهر والعصر والمغرب والعشاء والفجر، ثم مكث قليلا حتى الت الشمس فسار حتى نزل بنمرة

اقول:- انما توجه بسم التوجه ليكون ارفق به وبمن معه لان الناس مجتمعون فى ذلك اليوم اجتماعا عظيما وفيهم الضعيف والسقيم فاستحب الرفق بهم ولم يدخل عرفة قبل وقتها لئلا يتخذها الناس سنة ولا ينقل وان دخولها فى غير وقتها قربة: فلما زاغت الشمس ببطن مر الظهواء فرحلت له فاتى بطن وادى فخطب الناس وحفظ من خطبته يومئذ ان دماءكم حرام الخ ثم اذن بلال ثم اقام فصلى الظهر ثم اقام فصلى العصر ولم يصل بينهما شيئا ؕ

اقول:- انما خطب يومئذ بالاحكام التى يحتاج الناس اليها ولا يسعهم جهلها لان اليوم يوم اجتماع، وانما تتهيز مثل هذه الفرصة لمثل هذا الاحكام التى يراد تبليغها الى جمهور الناس وانما جمع بين الظهر والعصر وبين المغرب والعشاء لان للناس يومئذ اجتماعا لم يعهد فى غير هذا الموطن والجماعة الواحدة مطلوبة، ولا بد من اقامتها فى مثل هذا الجمع ليراه جميع موظفى الش

عشاء اور فجر کی نماز پڑھی پھر تھوڑی سی دیر ٹھیرے یہانتک کہ آفتاب نکل آیا تب آپ چلے حتی کہ آپ نے نمرہ میں نزول فرمایا،

میں کہتا ہوں ترویہ کے دن منیٰ کا اس لئے قصد فرمایا تاکہ آپ کو اور آپ کے ساتھیوں کو آسانی رہے کیونکہ اس روز لوگ کثیر تعداد میں مجتمع ہوتے ہیں اور ان میں ضعیف اور مریض بھی ہوتے ہیں پس آپ نے ان کے ساتھ آسانی کرنے کو مناسب سمجھا، اور وقت سے پیشتر عرفات میں اس لئے نہیں گئے کہ لوگ اس کو سنت نہ سمجھ لیں، اور بے وقت جانے کو بھی عبادت سمجھنے لگیں، پھر نمرہ میں سورج خوب روشن ہو گیا تو آپ نے ناقہ قصواء کو طلب کیا پس وہ کسی گئی اور آپ سوار ہو کر بطن وادی میں آئے اور لوگوں کو خطبہ سنایا، اور آپ کے اس دن کے خطبہ میں سے یہ جملہ یاد رہ گیا ہے تمہارے خون تمہارے اوپر حرام ہیں، پھر بلال نے اذان دی اسکے بعد اقامت کہی پس آپ نے نماز ظہر ادا کی پھر بلال نے اقامت کہی اور آپ نے نماز عصر پڑھی اور ان کے درمیان کچھ اور نماز نہ پڑھی،

میں کہتا ہوں اس روز آپ نے خطبہ کے اندر وہ احکام بیان فرمائے جن کی لوگوں کو حاجت تھی اور جن کا جاننا ضروری تھا کیونکہ وہ دن لوگوں کے جمع ہونے کا دن ہوتا ہے اور ایسی فرصت کو ایسے احکام کے لئے غنیمت سمجھا جاتا ہے جن کی تبلیغ تمام ملکوں کے لئے مقصود ہوتی ہے اور ظہر و عصر اور عشاء و مغرب کو اس لئے ملا کر پڑھا کہ اس روز لوگوں کا ایسا اجتماع ہوتا ہے جو بجز اس مقام کے کہیں نہیں ہوتا اور شارع کو ایک جماعت کا ہونا مطلوب ہے اور ایسے اجتماع میں ایک جماعت کا قائم کرنا ضروری ہے تاکہ سب لوگ اس کو دیکھیں اور دو دو رکعتوں میں سب کا شریک ہونا مشکل تھا اور نیز اس روز لوگ ذکر اور دعا میں مشغول ہوتے ہیں

ولا ينبغي أن يجمعهما في وقتين
وبيضا فلان للناس اشتغالا
بالذكر والدعاء وهما وظيفة
هذا اليوم وغاية الإفاضة و
وظيفة جميع السنة، وانما يرجع
في مثل هذا الشيء الى عادة
ثم ركب حتى اتى الموقف واستقبل
القبلة فلم يزل واقفا حتى غربت
الشمس وذهبت الصفرة قليلا
ثم دفع ؛

اقول: انما دفع بعد الغروب
لتحريف الجاهلية فانهم كانوا
لا يدفعون الا قبل الغروب، ولان
قبل الغروب غير مضبوط وبعد
الغروب امر مضبوط. وانما يؤمر
في مثل ذلك اليوم بالامر المضبوط،
ثم دفع حتى اتى المزدلفة فصلى بها
المغرب والعشاء باذان واقامتين
ولم يسبح بينهما، ثم اضطجع
حتى طلع الفجر فصلى الفجر حين
تبين له الصبح باذان واقامة
ثم ركب القصواء حتى اتى المشعر
الحرام فاستقبل القبلة فدعا
الله وكبره وهلله ووحده فلم
يزل واقفا حتى اسفر جدا فدفع
قبل ان تطلع الشمس حتى اتى
بطن محسر فحرك قليلا ؛

قول: انما اتم نهجد رسول
الله صلى الله عليه واله وسلم

اور وہ اس روز کا وظیفہ ہیں اور اوقات کی پابندی
تمام سال کا وظیفہ ہے، اور ایک وقت میں جمع
و تاخیر کو ترجیح دی جاتی ہے پھر آپ وہاں سے
سوار ہو کر موقف میں تشریف لائے اور قبلہ کی
طرف متوجہ ہوئے پس آپ وہیں کھڑے رہے
یہاں تک کہ آفتاب غروب ہوا اور زردی کم ہو گئی پھر
وہاں سے علیحدہ ہوئے،

میں کہتا ہوں، غروب کے بعد وہاں سے
اس لئے علیحدہ ہوئے تاکہ جاہلیت کی تحریف
مٹ جائے کیونکہ وہ لوگ غروب سے پہلے ہی
ہٹ جاتے تھے اور نیز غروب سے پہلے کا وقت غیر
معین ہے اور بعد غروب معین ہے اور ایسے
دن میں امر منضبط کا حکم دینا چاہیئے، پھر وہاں سے
چل کر مزدلفہ میں تشریف لائے اور وہاں مغرب و
عشاء کی نماز ایک اذان اور دو اقامت سے پڑھی
اور ان کے درمیان کوئی نفل نماز نہیں پڑھی پھر سوئے
یہاں تک کہ صبح صادق ہو گئی پھر جب صبح
خوب روشن ہو گئی تو فجر کی نماز ایک اذان اور ایک
اقامت سے پڑھی پھر قصواء پر سوار ہوئے تا
کہ مشعر الحرام میں تشریف لائے اور قبلہ کی طرف
منہ کر کے خدا تعالیٰ سے دعا مانگی و تکبیر و تہلیل
اور توحید بیان کی بہت دیر تک کھڑے ہوئے یہاں
تک کہ خوب روشن ہو گیا پھر آفتاب طلوع
ہونے سے بہت پہلے چل پڑے حتی کہ [illegible]
تشریف لائے اور سواری کو تیز کر دیا

میں کہتا ہوں مزدلفہ کی رات میں رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تہجد کی نماز کا
نہ پڑھنا کہ آپ جمع کے اندر بہت سے مسلمانوں
کو ترک کر دیتے تھے تاکہ لوگ ان کو سنت نہ سمجھ

فی لیلۃ مزدلفۃ لان کان لا یفعل کثیرا
من الاشیاء، لمستحبۃ فی لہجا مع
ثلا یتخذ ھا الناس سنۃ، وقد
ذکرنا سر الوقوف بالمشعر الحرام
وانما وضع بمحسر لانہ محل ھلاک
اصحاب الفیل فمن شان من خاف
اللہ وسطوتہ ان یستشعر الخوف
فی ذلک السلطان ویھرب من الغضب
ولما کان استشعار ھذا امرا خفیا
ضبط بفعل ظاھر مذکر لہ منبہ
للنفس علیہ، ثم اتی جمرۃ العقبۃ
فرماہ بسبع حصیات یکبر مع
کل حصاۃ منھا مثل حصی الخذف
رمی من بطن الوادی ؛

اقول: انما کان رمی الجمار
فی الیوم الاول غدوۃ وفی سائر
الایام عشیۃ لان من وظیفۃ الاول
النحر والحلق والافاضۃ، وھی کلھا
بعد الرمی ففی کونہ غدوۃ توسعۃ،
واما سائر الایام فایام تجارۃ و
قیام سواق، فالاسھل ان یجعل
ذلک بعد ما یفرغ من حوائجہ،
وکثیرا ما کان الفراغ فی اخر النھار
وانما کان رمی الجمار قولہ والسعی
بین الصفا والمروۃ قولہ ذکرنا
من ان الوتر عند اللہ یحب الوتر
خلیفۃ الواحد الحقیقی ھو الوتر
و[illegible]

ہیں، اور مشعر حرام میں قیام کا راز ہم بیان کر چکے
ہیں، اور بطن محسر میں اس لئے سواری کو تیز کیا کہ وہ
جگہ اصحاب فیل کے ہلاک ہونے کا مقام ہے، پس
جس شخص کی شان یہ ہے کہ خدا تعالیٰ اور اس کی
طاقت سے ڈرتا ہے اس کو اس مقام میں خوف معلوم
ہوتا ہے اور غضب الٰہی سے ڈر کر بھاگتا ہے اور چونکہ
اس خوف کا معلوم کرنا ایک امر خفی تھا اس واسطے اس
کا انضباط ایسے ظاہری فعل سے کیا جو خوف کو یاد دلانے
والا ہو اور اس خوف پر نفس پر تنبیہ کرنے والا ہو، پھر
نبی صلے اللہ علیہ وسلم جمرۃ العقبہ میں تشریف لائے
اور اس کی طرف سات کنکریاں پھینکیں اور ہر کنکری
کے ساتھ تکبیر کہتے تھے اور بطن وادی سے انگلیوں سے
کنکریاں پھینکیں،

میں کہتا ہوں اول دن میں رمی الجمار صبح کے وقت اور باقی
دنوں میں شام کے وقت ہونیکی یہ وجہ ہے کہ اول دن میں قربانی کرنا اور حلق اور افاضہ کرنا ہوتا ہے اور یہ سب کام بعد رمی
کے ہوتے ہیں اس واسطے صبح کے وقت رمی جمار
کرنے میں دوسرے کاموں کی وسعت ہے اور باقی
ایام تجارت اور بازار قائم کرنے کے ہوتے ہیں
اس واسطے ضروریات سے فراغت پانے کے بعد
رمی الجمار میں سہولت ہے اور فراغت اکثر اخیر دن
میں ہوتی ہے، اور رمی الجمار میں طاق عدد کا مقرر
ہونا اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کے اعداد کا
طاق ہونا اسی وجہ سے ہے جو ہم نے ذکر کیا کہ طاق
عدد خدا تعالیٰ کو پسند ہے اور واحد حقیقی کا قائم مقام
[illegible]

وانما ھی بمنزل حصی الخذف لان دون غیر محسوس وقوفہا وسما یؤذی فی مثل ھذا الموضع، ثم نصرف الی المنحر فنحر ثلاثا وستین بدنۃ بیدہ ثم اعطی علیا رضی اللہ عنہ لینحر ما غبر واشرکہ فی ھدیہ، ثم امر من کل بدنۃ ببضعۃ فجعلت فی قدر فطبخت فاکلا من لحمہا وشربا من مرقہا۔

اقول:- انما نحر بیدہ ھذہ العدد لیشکر ما اولاہ اللہ فی کل سنۃ من عمرہ بدنۃ، وانما اکل منہا وشرب اعتناء بالھدی وتبرکا بما کان للہ تعالی، قال صلے اللہ علیہ وسلم نحرت ھھنا ومنی کلہا منحر فانحروا فی رحالکم ووقفت ھھنا وعرفۃ کلہا موقف ووقفت ھھنا وجمع کلہا موقف، وامر ان فی مرو بہ وکل فجاج مکۃ طریق ومنحر۔

اقول:- فرق النبی صلے اللہ علیہ وسلم بین ما فعلہ فشرعیتہ لہم وبین ما فعلہ بحسب الاتفاق ومصلحۃ خاصۃ بذلک الیوم وختیار المحاسن الامور، ثم رکب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فافاض الی البیت فصلے بمکۃ الظہر وطاف وشرب من زمزم۔

پر اپنا پہنچنے کا احتمال ہے، پھر آپ قربانی کرنے کی جگہ میں تشریف لائے پس آپ نے تریسٹھ بدنے اپنے ہاتھ سے ذبح کئے پھر حضرت علیؓ کو چھری عطا فرمائی تاکہ باقی کو ذبح کریں اور اپنی قربانی میں حضرت علیؓ کو شریک کیا پھر حکم دیا کہ ہر بدنہ میں سے ایک ایک ٹکڑا لیکر سب کو ایک ہانڈی میں پکایا جائے پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اس گوشت میں سے کچھ کھایا اور کچھ شوربا پیا،

میں کہتا ہوں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے اس قدر قربانیاں اس لیے کیں تاکہ اللہ تعالے کا شکر ادا کریں کہ اس نے آپ کی عمر کے ہر سال کے عوض ایک بدنہ عطا فرمایا، اور اس میں سے اس لئے کھایا اور پیا تاکہ ہدی کی تعظیم پائی جائے اور اللہ تعالی کی چیز سے تبرک حاصل کریں، نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "میں نے اس جگہ قربانی کی ہے اور منیٰ سب کی سب قربانی کی جگہ ہے پس تم لوگ اپنے اپنے مقام پر قربانی کرو، اور میں یہاں پر ٹھیرا اور عرفات میں سب جگہ ٹھیرنے کی ہے، اور میں یہاں پر ٹھیرا اور جمع یعنی مزدلفہ سب کی سب ٹھیرنے کی جگہ ہے" اور ایک روایت میں یہ بھی زاید ہے "مکہ کی ہر گلی، راستہ قربانی کی جگہ ہے"

میں کہتا ہوں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس امر میں جس کو تشریع کیا تھا اور اس امر میں جس کو بحسب اتفاق یا کسی ایسی مصلحت کے اعتبار سے جو اس دن کے ساتھ خاص تھی یا اچھے امر کے اختیار کرنے کے طور پر کیا تھا فرق کر دیا، پھر نبی صلے اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے اور مکہ کی طرف چلے پس مکہ میں ظہر کی نماز پڑھی اور طواف کیا اور زمزم سے پانی پیا،

اقول: انما بادر الی البیت لتکون الطاعۃ فی اول وقتہا ولانہ لایامن الانسان ان یکون لہ مانع وانما شرب من زمزم تعظیما لشعائر اللہ وتبرکا بما اظہر اللہ رحمۃ فلما انقضت ایام منی نزل بالابطح وطاف للوداع ونفر۔

اقول: اختلف فی نزول الابطح ھل ھو علی وجہ العبادۃ او العادۃ؟ فقالت عائشۃ نزول الابطح لیس بسنۃ انما نزل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لانہ کان اسمح لخروجہ، واستنبط من قولہا حیث تقاسموا علی الکفر انہ قصد بذلک تنویہا بالدین، والاول اصح۔

میں کہتا ہوں آپ نے بیت اللہ کی طرف اس لئے جلدی کی تاکہ اول وقت میں عبادت ہو اور دوسرے یہ کہ ہر وقت انسان کو کوئی مانع پیش آسکتا ہے، اور زمزم سے پانی اس لئے آپ نے پیا تاکہ شعائر اللہ کی تعظیم ہو اور خدا تعالے نے اپنی رحمت سے جو ایک چیز ظاہر کی ہے اس سے برکت حاصل ہو پھر جب منیٰ کے دن پورے ہو چکے تو آپ ابطح میں ٹھیرے اور طواف وداع کر کے تشریف لے گئے،

میں کہتا ہوں ابطح میں نزول فرمانے کے اندر اختلاف ہے کہ وہ عبادت کے طور پر تھا یا عادت کے طور پر، پس حضرت عائشہؓ نے فرمایا ابطح کے اندر ترنا سنت نہیں ہے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم اس جگہ اس لئے ٹھیرے تھے کہ وہاں سے کوچ کرنا آسان تھا اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول سے کہ "ہم کل ان شاء اللہ اس جگہ ٹھیریں گے جہاں لوگوں نے کفر پر قسم کھائی تھی" اس بات کو اخذ کیا کہ آپ نے وہاں پر ٹھیرنے سے دین کی شوکت کا قصد فرمایا تھا، اور پہلی بات زیادہ صحیح ہے۔

اُمُور تتعلق بالحج

قال النبی صلے اللہ علیہ وسلم نزل الحجر الاسود من الجنۃ وھو اشد بیاضا من اللبن فسودتہ خطایا بنی آدم وقال فیہ واللہ لیبعثنہ اللہ یوم القیامۃ لہ عینان یبصر بہما ولسان ینطق بہ یشہد علی من استلمہ بحق وقال ان الرکن والمقام یاقوتتان۔

اقول: یحتمل ان یکون من

حج کے بعض متعلق امور کا بیان

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "حجر اسود جنت سے اتارا گیا ہے اور وہ دودھ سے زیادہ سفید تھا پس بنی آدم کے گناہوں نے اس کو سیاہ کر دیا" اور آپ نے اس کے بارے میں فرمایا "اللہ کی قسم اللہ تعالے اس کو قیامت کے دن ایسی حالت میں اٹھائے گا کہ اس کی دو آنکھیں ہوں گی جن سے وہ دیکھے گا اور زبان ہوگی جس سے وہ بولے گا، جس نے اس کا اللہ کے لئے بوسہ لیا ہے اس کی شہادت بیان کرے گا" اور فرمایا رکن یمانی اور مقام دو یاقوت ہیں،

الجنة فی الاصل فلما جعلا فی الارض اقتضت الحکمة ان یراعی فیهما حکم نشاة الارض فطمس نورهما و یحتمل ان یراد انه خالطهما قوة مثالیة بسبب توجه الملائکة الی تنویه امرهما وتعلق همم الملا الاعلی و بصالحین من بنی آدم حتی صارت فیهما قوة ملکیة وهذا وجه التوفیق بین قول ابن عباس رضی الله عنهما کلما هذا، وقول محمد بن الحنفیة رضی الله عنه حجر من احجار الارض، وقد شاهدنا عیانا ان البیت الکامل المحشو بقوة ملکیة و لذلک وجب ان یحاط فی المشاهد بما هو خاصیة لاحیاء من المحسنین واللسان، ولما کان معروفا لایمان المؤمنین و تعظیم المعظمین لله وجب ان یظهر فی اللسان بصورة الشهادة له او علیه کما ذکرنا من ان نطق الارجل والادب قال النبی صلی الله علیه وآله وسلم من طاف بهذا البیت اسبوعا یحصیه و صلی رکعتین کان کعتق رقبة وما وضع رجل قدم ولا رفعها الا کتب الله بها حسنة و محا بها سیئة و رفع له بها درجة ؛

اقول: انما فضل شیئا

میں کہتا ہوں اس بات کا احتمال ہے کہ وہ دونوں جنت سے لائے گئے ہوں پس جب وہ زمین پر نصب کئے گئے تو حکمت کا یہ مقتضی ہوا کہ ان میں زمین کے مزاج کی رعایت کی جائے اس واسطے ان کا نور مٹا کر دیا گیا، اور یہ مراد بھی ہو سکتی ہے کہ ان دونوں کی عظمت کی طرف ملائکہ کی توجہ اور ملا اعلیٰ اور بنی آدم میں صالحین کی ہمتوں کے تعلق کے سبب سے ان دونوں کے ساتھ ایک قوت مثالیہ کا اختلاط ہوا حتی کہ ان میں قوت ملکیہ پیدا ہو گئی، اور حضرت ابن عباسؓ کے اس قول میں اور محمد بن حنفیہ کے اس قول میں کہ "زمین کے پتھروں میں سے وہ ایک پتھر ہے" تطبیق کی یہی صورت ہے اور ہم نے آنکھوں سے اس کا مشاہدہ کیا ہے کہ خانہ کعبہ قوت ملکیہ سے گویا پُر ہے اس واسطے ضروری ہے کہ مشاہد میں جو نیکوکار احسان کرنے والے ہیں ان کے لئے ایسی چیز کا احاطہ کیا جائے جو ان کی خاصیت ہے، اور چونکہ خانہ کعبہ محسنین کے ایمان اور خدا تعالیٰ کی تعظیم کرنے والوں کی تعظیم کو بتلانے والا ہے اس واسطے ضروری ہوا کہ زبان میں شہادت کی صورت ظہور ہو جیسا کہ ہم نے پاؤں اور ہاتھ کے گویا ہونے کے رنگ میں بیان کیا ہے جس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس شخص نے اس گھر کا سات مرتبہ شمار کر کے طواف کیا اور دو رکعت نماز پڑھی تو یہ ایک بندہ آزاد کرنے کے برابر ہوا اور جو شخص ایک قدم رکھتا یا اٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلہ میں اس کے لئے ایک نیکی لکھتا ہے اور ایک گناہ دور کرتا ہے اور ایک درجہ بلند کرتا ہے"

میں کہتا ہوں اس فضیلت میں دو چیزیں

احدهما انه لما كان شبيها
بالخوض فی رحمة الله و عطف
دعوات الملاء الاعلى اليه و مظنة
لذلك ذكر له اقرب خاصية
بذلك و ثانيهما انه اذا فعل الانسان
ايمانا بامر الله وتصديقا لموعوده
كان تبيانا لايمانه وشرحا له،
قال صلى الله عليه وسلم ما من
يوم اكثر من ان يعتق الله فيه
عبدا من النار من يوم عرفة و
انه ليدنو ثم يباهي بهم الملائكة،
اقول:- ذلك لان الناس اذا
تضرعوا الى الله باجمعهم لم يتراخ
نزول الرحمة عليهم وانتشار الروحانية
فيهم، وقال صلى الله عليه وسلم خير
الدعاء دعاء يوم عرفة وخير ما
قلت انا والنبيون قبلي لا اله الا الله
وحده لا شريك له الخ وذلك لان
الجامع لاكثر انواع الذكر، وذلك
مرغب فيه، وفي سبحان الله و
الحمد لله الخ في مواطن كثيرة و
وقات كثيرة كما يأتي في الدعوات
من السنة ان يهدي والسنة
في الحج اقامة لاعلاء كلمة الله
وتدر لامكان، وانما دعا للمحلقين
ثلاثا وللمقصرين مرة اية نفضل
المحلقين، وذلك لانه اقرب لزوال
شعث المناسب لهيئة الداخلين
في الصلوة وادنى ان يبقى اثر الحلق

ایک تو یہ کہ طواف کرنا جبکہ رحمت الٰہی میں غوطہ
لگانے کے اور عالم بالا کی دعاؤں کے متوجہ ہونے
کے مشابہ تھا اور اس کا مظنہ تھا تو اس کی خاصیت
قریبہ کو بیان کر دیا اور دوسرے یہ کہ جب انسان
خدا تعالیٰ پر یقین رکھ کر اور اس کے وعدہ کو سچا
سمجھ کر کسی کام کو کرتا ہے تو یہ کام اس کے ایمان کی
شرح اور بیان ہو جاتا ہے، نبی صلے اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا "عرفہ کے دن سے زیادہ کوئی دن ایسا نہیں
ہوتا جس میں اللہ تعالیٰ بندہ کو دوزخ سے نجات
دے اور اس دن لوگوں سے نہایت قریب ہوتا ہے
پھر ان کے ساتھ فرشتوں سے فخر بیان کرتا ہے"
میں کہتا ہوں اس کا سبب یہ ہے کہ جب سب لوگ
مل کر خدا تعالیٰ سے عاجزی کرتے ہیں تو ان پر رحمت
کے نازل ہونے میں اور ان کے اندر روحانیت کے
پھیلنے میں کچھ دیر نہیں لگتی، اور نبی صلے اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا "سب دعاؤں سے بہتر عرفہ کے دن
کی دعا ہے اور بہتر بات جو میں نے اور مجھ سے پہلے نبیوں
نے کہی ہے "لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ الخ ہے"
اور اس کا سبب یہ ہے کہ یہ کلمہ ذکر کے بہت سے
اقسام کو جامع ہے اور اسی وجہ سے رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم نے اس کی تسبیح سبحان اللہ الحمد للہ کی
بہت سے مقامات اور وقات میں بہت ترغیب دی
ہے جیسا کہ دعاؤں کے باب میں اس کا ذکر آتا ہے اور
ہدی کا بھیجنا مسنون ہے اگرچہ حج کو نہ جائے تاکہ حتی
الامکان علاء کلمۃ اللہ کی قائم ہو، اور نبی صلے
اللہ علیہ وسلم نے بال منڈانے والوں کے لئے تین بار
اور بال ترشوانے والوں کیلئے ایک بار دعا کی تاکہ سر منڈانے کی
فضیلت ظاہر ہو، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ سر منڈانے سے گرد

وبری منه ذلك ليكون الله تطهيرا
الله، وهي ان تحلق المرأة رأسها لا
مثلة وتشبها بالرجال، والتي يحرم
حلق قبل ان يذبح او تحرقص
ان يرمي او رمى بعدما مسى او افاض
قبل الحلق انه لا حرج عليه يامر
بكفارة. والسكوت عند الحاجة
بيان ليت شعري هل لي سان
صاحبا به صحة صرح من لا
حرج. ولا يستلزم التشريع لا يبلغ
الحرج في قد [illegible]
دي ليستطرد [illegible]
حرم عليه في الاحرام وفيه قوله
تعالى فمن كان منكم
به اذى من راسه ففد
اه او صدقة

[illegible]

[illegible]
له الاصل و [illegible]
على عزيمة [illegible]
لافراد في [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

قی ہے اور یہ ان صحابہ کے حق میں تھی جنہوں نے
عبادت میں تقصیر ہوئی اور آپ نے عورت کو سر منڈانے
سے اس لئے منع فرمایا کہ ننگی ہونا اس کے حق میں مثلہ ہے
اور مردوں کے ساتھ مشابہت کا پایا جانا ہے۔ اور جس شخص
نے ذبح سے پیشتر سر منڈایا یا رمی سے پیشتر قربانی کی یا
ستم ہونے کے بعد رمی کی یا سر منڈانے سے پہلے
طواف کیا تو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کے لئے یہ
فتوی دیا کہ اس میں حرج نہیں ہے اور کفارہ کا حکم نہیں
دیا اور ضرورت کے وقت سکوت کرنا بیان ہے۔ کاش
میں یہ جانتا کہ مستحب کے بیان میں لاحرج کے لفظ کی
زیادہ وسیع کوئی وجہ ہے اور شریعت اس کے بعد
تمام نہیں ہوئی کہ شدائد نے دنیا کی خصلتوں کو بدل
دیا ہے پس بجملہ ان شدائد کے دو تکلیف سے
[illegible] احرام کی [illegible]

[illegible]
[illegible] چھڑا دے مساکین کو کھلا دے"۔ [illegible] اور [illegible]
[illegible] کر رخصت کے [illegible]
[illegible] جس کے ساتھ کوئی [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

لما فيها بسوء، و اصله ما خوذ من حمى الملوك و حلته بلادهم. فانه كان انقيادا لقوم لهم و تعظيمهم اياهم مساوقة لما خذ انفسهم ان لا يتعرضوا لما فيها من الشجر و الدواب. و في الحديث ان لكل ملك حمى و ان حمى الله محارمه. فاشتهر ذلك بينهم و ركز في صميم قلوبهم و سويداء انفسهم، و من ذلك الحرم ان يتأكد وجوب ما يجب في غيره من، اقامة بعد الى و تحويم ما يحرم فيه، و هو قوله صلى الله عليه وسلم حتكاف الطعام في الحرم اضعف فيه ؛

قوله تعالى يا ايها الذين امنوا لا تقتلوا الصيد و انتم حرم الآية ؛

اقول: لما كان الصيد في الحرم والاحرام و الجماع في الحج افراطا ناشئا من نوغل النفس في شهوتها وجب ان يزجر عن ذلك بكفارة واختلفوا في جزاء الصيد هل تعتبر المشابهة في خلق ام في القيمة و الحق انه ينبغي ان يسأل ذوي العدل، فمن رأيا رأى السلف في تلك الصور فذاك و من لم يأت بالقضية فان النبي صلى الله عليه وسلم لا يصبر على لأواء المدينة حد من امتي الا كنت له شفيعا يوم

سے باہر ہوتے اور مکہ اور مدینہ کے حرم میں یہ امر ہے کہ ہر چیز کے لئے ایک خاص تعظیم ہوتی ہے اور مقامات کی تعظیم یہ ہے کہ ان کے اندر کی چیزوں سے ان کے رہنے والوں کے ساتھ تعرض نہ کیا جائے اور اس تعظیم کی اصل بادشاہوں کی حدادر ان کی شہر پناہ ہوتی ہے، ماخوذ ہے کیونکہ قوم کا ان کے سامنے مطیع ہونا اور ان کی تعظیم کرنا یہ ہے کہ وہ ان کے اوپر اس بات کو مقرر کر لیتی ہے کہ ان کی حدود کے اندر جو درخت و چوپائے وغیرہ ہیں ان سے وہ کچھ تعرض نہ کریں گے، اور حدیث شریف میں وارد ہے کہ ہر بادشاہ کا ایک حرم ہے اور جہاں کسی کا حرم اس کی حرم کی ہوئی چیزیں ہیں، پس یہ بات لوگوں میں مشہور ہو گئی ان کے دلوں میں پیوست ہو گئی، اس کا ادب ایک یہ ہے کہ جو چیز غیر حرم میں مباح ہے جیسے طعام کا وضع کرنا، یا جو چیز حرم کے اندر اس کے وجوب ادا اور اس کی تحریم کی نہایت تاکید کی جائے جیسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حرم کے اندر غلہ کا سڑ کر اس میں الحاد کرنا ہے

اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے "اے ایمان والو احرام کی حالت میں شکار نہ کرو" الآیۃ۔

میں کہتا ہوں چونکہ حرم اور احرام کی حالت میں شکار کرنا، کرنا اور احرام کی حالت میں جماع کرنا ایک طرح کی افراط ہے جو شہوت انس کے وغل کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے تو ضروری ہوا کہ کفارہ کے ساتھ اس کا زجر کیا جائے اور کفارہ کی جزا میں اختلاف ہے آیا مشابہت کا اعتبار ہے یا قیمت کا، اور حق یہ ہے کہ اس میں یہ حق ہے کہ اس شخص سے یہ بات دریافت کی جائے جس کو اس کے بارے میں سلف کے مانند رائے دیں تو اس پر عمل کرنا چاہیئے اور اگر قیمت تو اس کو قیمت دینی چاہیئے،

القیامۃ ۔

اقول ۔ سر ھذا الفضل ان عمارۃ المدینۃ اعلاء لشعائر الدین ۔ فھذہ فائدۃ ترجع الی المملکۃ ، وان حضور تلک المواضع والحلول فی ذلک المسجد مذکرلما کان النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم فیہ ، ھذہ فائدۃ ترجع الی نفس ھذا المکلف ، قال النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم ان ابراھیم حرم مکۃ فجعلھا حراما وانی حرمت المدینۃ ۔

اقول فیہ اشارۃ الی ان دعاء النبی صلی اللہ علیہ وسلم یجعل مدینتہ وتاکید عزیمتہ لہ دخل عظیم فی نزول التوفیقات ، واللہ اعلم

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "میری امت میں سے جو شخص مدینہ کی مصیبتوں پر صبر کرے گا میں قیامت میں اس کے لیے شفیع ہوں گا" ۔

میں کہتا ہوں اس نصیحت کا راز یہ ہے کہ مدینہ کو آباد کرنا دین کے شعائر کا بلند کرنا ہے پس یہ ایسا کام ہے جو دین کی طرف رجوع کرتا ہے اور ایسے مواضع میں جانا اور مسجد نبوی میں داخل ہونا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے حالات کو یاد دلاتا ہے اور یہ ایسا فائدہ ہے جو مکلف کی ذات کی طرف رجوع کرتا ہے

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم بنا دیا اور میں نے مدینہ کو حرم بنایا" ۔

میں کہتا ہوں اس میں اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دعا سے دعا اور آپ کے پختہ ارادہ کو توفیقات کے نزول میں بہت بڑا دخل ہے ، واللہ اعلم ۔

من ابواب الاحسان

اعلم ان ما کلف بہ الشارع تکلیفا اولیا ایجابا او تحریما او الاعمال من جھۃ انھا تنبعث من الھیات النفسانیۃ ھی ذی تعود للنفوس او علیھا ، وانھا تنمی فیھا وتنشرحھا وھی شبا حھا وتمانیھا ویلتحق من تلک الاعمال من جھتین احداھما جھۃ الزاعھا حسھوس الناس والعمدۃ فی ذلک اختیار مظان تلک الھیات من الاعمال ، والطریق

ابواب احسان

واضح ہو کہ جو کتاب یا تحریر کی جو شارع نے بندوں کو بالذات جس امر کی تکلیف دی ہے وہ اعمال ہیں اس اعتبار سے کہ وہ اعمال ان ہیات نفسانیہ سے پیدا ہوتے ہیں جو کیفیت میں نفوس کو نفع یا نقصان پہنچائے گی اور یہ اعمال ان ہیات نفسانیہ کو بڑھاتے ہیں اور ان ہیات کا بیان ہے اور یہ اعمال ان کے اشباح اور صور ہوتے ہیں اور ان اعمال سے دو طرح پر بحث ہوتی ہے ایک یہ ہے کہ تم لوگوں کو اس کی پابندی پر مجبور کیا جائے اور اس امر میں عمدہ یہ ہے کہ ان ہیات کے مظان یعنی اعمال کو اختیار کیا جائے اور اس طریق

الظاهرة التي ليلها نهاري هايؤاخذون بها على اعين الناس فلا يتمكنون من التسلل والاعتذار، ولا بد ان يكون بناؤها على الاقتصاد والامور المضبوطة والثانية جهة تهذيب نفوسهم بها وايصالها الى الهيأت المطلوبة منها، والعمدة في ذلك معرفة تلك الهيأت ومعرفة الاعمال من جهة ايصالها لها وبناؤها على الوجدان وتفويض الامر الى صاحب الامر، فالباحث عنها من الجهة الاولى هو علم الشرائع وعن الثانية هو علم الاحسان،

فالناظر في مباحث الاحسان يحتاج الى شيئين، النظر الى الاعمال من حيث ايصالها الى هيأت نفسانية لان العمل ربما يؤدى على وجه الرياء والسمعة او العادة او يقارنه العجب والمن والاذى فلا يكون موصلا الى ما اريد منه، وربما يؤدى على وجه لا تتنبه هذه النفس لامر وخشونتها يليق بالمحسنين وان كان من النفوس من تتنبه بمثل كالمكتفي باصل الفرض لا يزيد عليه كما ولا كيفا وهو ليس بزكي، والنظر الى تلك الهيأت النفسانية ليعرف حق معرفتها فيبا شر الاعمال على بصيرة مما اريد منها فيكون طبيب نفسه يسوس نفسه كما يسوس الطبيب الطبيعة فان من لا يعرف المقصود من الالات

ظاہر کو اختیار کیا جائے جو ہر شخص پر ظاہر ہو اور جو سب لوگوں کے سامنے ہوں پس وہ لوگ حیلے و بہانہ نہ کر سکیں اور یہ بھی ضروری ہے کہ اس کی بنیاد سہل روی پر ہو اور امور منضبط پر ہو، اور دوسری قسم یہ ہے کہ ان اعمال سے نفوس کی تہذیب اور ان ہیات کی طرف پہنچانا مقصود ہو جو ان اعمال سے مطلوب ہیں اور اس امر میں عمدہ ان ہیات کی معرفت ہے اور اعمال کی معرفت ہے اس جہت سے کہ وہ اعمال ان ہیات کی طرف پہنچا دیں اور ان کا مبنی وجدان اور مکلف کے اختیار میں دیدینے پر ہے پس جس علم میں ان اعمال سے پہلی جہت سے بحث ہوتی ہے وہ علم الشرائع ہے اور جس علم میں دوسری جہت سے بحث ہوتی ہے وہ علم علم الاحسان ہے،

پس مباحث احسان میں نظر کرنے والے کو دو چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے ایک تو اعمال کی طرف اس طرح پر نظر کرنا کہ وہ ہیات نفسانیہ کی طرف پہنچا دیں کیونکہ کبھی کبھی عمل ریا اور سمعہ یا عادت کے طور پر ادا کیا جاتا ہے یا اسکے ساتھ خود پسندی اور احسان جتانا اور ایذا رسانی پائی جاتی ہے پس ایسے عمل سے وہ چیز حاصل نہیں ہوتی جو اس سے مقصود ہوتی ہے۔ اور کبھی اس فعل کو اس طرح پر ادا کیا جاتا ہے کہ نفس کو اس عمل کی روح پر وہ تنبہ حاصل نہیں ہوتا جو محسنین کو حاصل ہونا چاہیئے اگرچہ بعض ایسے نفوس ہوتے ہیں جو اس کے مثل پر متنبہ ہو جاتے ہیں جیسے وہ شخص جو اصل فرائض پر اکتفا کرتا ہے نہ کمیت میں زیادتی کرتا ہے اور نہ اس کی کیفیت میں زیادتی کرتا ہے اور ایسا شخص زکی نہیں ہوتا، اور دوسرے ان ہیات نفسانیہ کی طرف نظر کرنا تاکہ ان کی پوری معرفت ہو اور ایسی بصیرت کے ساتھ ان کو عمل میں لائے جو ان سے مقصود ہے پس وہ اپنے نفس کا طبیب بن کر اس پر ایسی حکومت کرے جیسے طبیب طبیعت پر حکومت کرتا ہے کیونکہ جو شخص اس چیز کو نہیں جانتا جو آلات سے مقصود ہے

کا واذا استعملها ان يحبط خطا خشوع
او يكون كما طب ليل، واصول الاخلاق
المبحوث عنه فى هذا الفن رجعة كما
نبهنا على ذلك فيما سبق. فطهارة
الكاسبة للتشبه بالملكوت والاخبات
الجالب للاطلاع الى الجبروت، وشرع
للاول الوضوء والغسل، وبشان
الصلاة والاذكار والتلاوة، واذا
اجتمعنا سميناه سكينة ووسيمة
وهو قول حذيفة لعبد الله بن
مسعود رضى الله عنهما لقد علم
المحفوظون من اصحاب محمد صلى
الله عليه وسلم ان حظهم عند الله
وسيلة، وقد عد ها اشارع ايمانا فى
قوله الطهور شطر الايمان، وقد بين
النبى صلى الله عليه وسلم حال
الاول حيث قال ان الله طيب يحب
الطيب، واشار الى الثانى حيث قال
الاحسان ان تعبد الله كانك تراه
فان لم تكن تراه فانه يراك، والحكمة
فى تحصيلها التلبس بالنوامیس
الثابتة عن الانبياء مع ملاحظة
اسرارها والوقوف على اركانها
مع رعاية هيأتها واذكارها، فروح
الطهارة هى نور الباطن وصلاح النفس
والانشراح وخمود الافكار الجريزة
وركود الشوشيات والقلق وتشتت
الفكر والضجر والجزع، وروح الصلاة
هى الحضور مع الله والاستشراف

تو وہ جب ان آلات کو برتتا ہے تو اندھی دھند ان کا ستیاناس ہو جاتا ہے۔ یا اس کی حالت اس شخص جیسی ہوجاتی ہے جو رات کے وقت لکڑیاں چنتا پھرتا ہے اور جن اخلاق سے اس فن میں بحث کی جاتی ہے ان کے بارے میں جیسا کہ ہم پہلے بتلا چکے ہیں، ایک تو طہارت ہے جس سے ملکوت کے ساتھ مشابہت حاصل ہوتی ہے اور دوسرے اللہ تعالیٰ کے لئے عاجزی اور فرمانبرداری کرنا ہے جو جبروت پر اطلاع کا سبب بنتا ہے پہلے کے لئے وضو اور غسل اور دوسرے کے لئے نماز، اذکار اور تلاوت مقرر کئے گئے اور جب دونوں جمع ہوجاتے ہیں تو ہم اس کو سکینہ اور وسیمہ کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں چنانچہ حذیفہ کا قول جو عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما کے بارے میں ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے محفوظ لوگ اس بات کو جانتے ہیں کہ وہ یعنی عبداللہ بن مسعود سب سے زیادہ وسیلہ کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کے قریب ہیں، اور شارع نے طہارت کو اپنے اس قول میں ایمان فرمایا ہے "پاکی نصف ایمان ہے" اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے عبادت کے حال کو اس طرح بیان فرمایا "خدا تعالیٰ پاک ہے پاکی کو پسند کرتا ہے" اور دوسرے کی طرف اس قول سے اشارہ فرمایا "احسان اس کو کہتے ہیں کہ تو اللہ تعالیٰ کی اس طرح پر عبادت کرے گویا تو اس کو دیکھ رہا ہے پس تو اس کو گرنہیں دیکھتا ہے تو وہ تجھ کو دیکھ رہا ہے" پس طہارت کے حاصل کرنے میں عمدہ ان عبادات کا اختیار کرنا جو انبیاء علیہم السلام سے منقول ہیں اور ان کی ارواح اور انکے انوار کا لحاظ کرنا اور کثرت کے ساتھ ان میں لگنا اور ان کی ہیأت اور اذکار کا خیال رکھنا ہے پس طہارت کی روح باطن کا منور ہونا اور انس و سرور کی حالت کا پیدا ہونا اور پریشان افکار کا دور ہونا اور پراگندگی اور پریشانی اور حیرانی اور گھبراہٹ کا رک جانا ہے اور نماز کی روح خدا تعالیٰ کے ساتھ حضور و حیرت

للاجتراء وتذكر جلال الله مع تعظيم ممزوج بمحبة وطمانينة والى هذا الاشارة فى قول صلى الله عليه وسلم الاحسان ان تعبد الله كانك تراه فان لم تكن تراه فانه يراك، واشار الى كيفية تمرين النفس عليها بقوله، قال الله تعالى قسمت الصلاة بينى وبين عبدى نصفين والعبد ما سأل، فاذا قال العبد الحمد لله رب العالمين قال الله حمدنى عبدى، واذا قال الرحمن الرحيم قال الله اثنى على عبدى، واذا قال مالك يوم الدين قال مجدنى عبدى، واذا قال اياك نعبد واياك نستعين، قال هذا بينى وبين عبدى ولعبدى ما سأل، واذا قال اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضالين قال هذا لعبدى ولعبدى ما سأل،

ففيه اشارة الى الامر بملاحظة المحبوب فى كل كلمة، وفيه الحضور بين يديه بليغا، وباداءة سنة الله فى الصلاة وهو المذكورة فى حديث على رضى الله عنه [illegible]

پر مطلع ہونا اور خدا تعالے کی کبریائی کا یاد کرنا اور اس کے ساتھ تعظیم کا ہونا ہے جس میں محبت اور طمانینت پائی جائے، اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے اس قول میں اس کی طرف اشارہ کیا ہے "الاحسان ان تعبد اللہ" الخ اور آپ نے نفس کو نماز کے عادی ہونے کی کیفیت پر اس قول سے اشارہ کیا ہے" اللہ تعالے نے فرمایا میں نے نماز کو اپنے اور بندہ کے درمیان نصف نصف تقسیم کر لیا ہے اور میرے بندہ کے لئے وہ چیز ہے جو وہ مانگے پس جب بندہ الحمد للہ رب العلمین کہتا ہے تو اللہ تعالی فرماتا ہے کہ بندہ نے میری حمد کی، اور جب الرحمن الرحیم کہتا ہے تو اللہ تعالی فرماتا ہے کہ بندہ نے میری ثنا کی اور جب بندہ مالک یوم الدین کہتا ہے تو اللہ تعالے فرماتا ہے کہ بندہ نے میری بزرگی بیان کی اور جب بندہ [illegible]

قال سبحان الله، ولا مایة الجنة و الرحمة الا سال الله من فضله، و لا باية النار والغضب الا تعوذ بالله

فهذا ماسن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فی تمرين النفس بالا تعاظ، وس وح الذكر الحضور و الاستغراق فی الا التفات الی لجبروت وتمرينه ان يقول لا اله الا الله والله اكبر، ثم يسمع من الله انه قال لا اله الا انا وانا اكبر، ثم يقول لا اله الا الله وحده لا شريك له، ثم يسمع من الله لا اله الا انا وحدی لا شريك لی، وهكذا حتى يرتفع الحجاب و يتحقق الاستغراق. وقد ارشار النبی صلى الله عليه و له وسلم الی ذلك، وروح الدعاء ان يرى كل حول وقوة من الله ويصير كالميت فی يد الغسال وكالتمثال فی يد محرك التماثيل ويجد لذة المناجاة، وقد سن رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يدعو بعد صلاة التهجد فی اثناء الشفاعة دعاء طويلا يقنع فيه يديه يقول يا رب يا رب، ويسأل الله خير الدنيا والاخرة ويتعوذ به من البلايا ويتضرع ويلح، ويشترط فی ذلك ان يكون بقلب فارغ عن الاشتغال ولا يكون حاقنا ولا حاقبا ولا جائعا ولا غضبان فاذا عرف الانسان حالة الحاضرة ثم فقدها

گذرے تو سبحان اللہ کہے اور جب جنت اور رحمت کی آیت پڑھے تو اس کے فضل کو مانگے اور جب دوزخ اور غضب کی آیت پر سے گذرے تو اس کی پناہ طلب کرے پس یہ وہ امر ہے جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نفس کو نصیحت حاصل کرنے کا خوگر ہونے کے لئے مسنون فرمایا ہے، اور ذکر کی روح حضور اور جبروت کی طرف متوجہ ہو جانے میں غرق ہو جانا ہے اور اس کا خوگر اس طرح ہوتا ہے کہ کہے لا الہ الا اللہ واللہ اکبر پھر خدا تعالیٰ سے اس کے جواب میں اس کا یہ قول سنے لا الہ الا انا وانا اکبر، پھر کہے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ، پھر اللہ تعالیٰ سے اس کے جواب میں یہ سنے لا الہ الا انا وحدی لا شریک لی اور اسی طرح کیا کرے حتیٰ کہ حجاب رفع ہو اور استغراق حاصل ہو جائے، اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے، اور دعا کی روح یہ ہے کہ یہ سمجھے کہ ہر چیز سے رکنا اور ہر چیز کی قدرت دینا خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے، اور اس طرح ہو جائے جس طرح نہلانے والے کے ہاتھ میں مردہ ہوتا ہے یا جس طرح حرکت دینے والے کے ہاتھ میں مورتی ہوتی ہے اور مناجات کی لذت حاصل کرے۔ اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے تہجد کی نماز کے بعد اس کے شفعوں کے درمیان میں ایک بڑی دعا مسنون فرمائی ہے کہ اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا کرے اور یا رب یا رب کہکر دنیا اور آخرت کی بھلائی مانگے اور مصائب سے پناہ مانگے اور نہایت تضرع اور نیاز مندی سے مانگے، اور اس میں شرط یہ ہے کہ اس کا دل امور دنیوی سے فارغ ہو اور پیشاب و پاخانہ کی حاجت نہ ہو اور نہ بھوکا ہو اور نہ غضب ناک ہو پس جب ان مضرتوں کی حالت معلوم کرنے اور پھر وہ حضور اس سے مفقود ہو جائے

فليفحص عن سبب الفقد، فان كان غزارة الطبيعة تعليه بالصوم فان له وجاء واكثر ما يكون في الصوم ان يصوم شهرين متتابعين وان احتاج الى استفراغ المني والتفرغ من اصداء المطعم والمشرب او كان ذهب نشاطه واذا اعادته يملك فرجا يدفعه سوء منيه من غير انهماك في المفاكهة والاختلاط وليجعل كالدواء يحصل نفعه ويحترز من فساده، وان كان الاشتغال بالاسفار تفاقات وصحبة الناس فليعالج بضم العبادات معها وان كان امتلاء اوعية الفكر بخيالات مشوشة وافكار جريزة فليعتزل الناس وليلتزم البيت او المسجد وليمنع لسانه الا من ذكر الله وقلبه الا من الفكر فيما يهمه، وليتعاهد نفسه عند ما يتيقظ ليكون اول ما يدخل في قلبه ذكر الله وعند ما يريد ان ينام ليتخلى قلبه عن تلك الاشغال ؛

والثالث سماحة النفس وهي ان لا تنقاد الملكية لدواعي البهيمية من طلب اللذة وحب الانتقام والغضب وبخل والحرص على المال والجاه، فان هذه الامور اذا باشر الانسان اعمالها المناسبة لها تتشبع الوانها في جوهر النفس

تو اس حضور کے جاتے رہنے کا سبب اس کو سوچنا چاہئے پس اگر قوت جسمانی اس کا باعث ہے تو اس کو روزہ رکھنا چاہیئے کیونکہ روزہ اس کے لئے قاطع ہے اور اکثر دو مہینہ کے پے در پے روزہ رکھنے سے یہ بات حاصل ہو سکتی ہے اور اگر جماع کی خواہش ہے اور کھانے پینے سے فارغ ہونے کی حاجت ہے یا اس کا سرور جاتا رہا ہے اور اس کا اعادہ چاہتا ہے تو کسی عورت سے نکاح کر کے حاجت جماع کو رفع کرے لیکن لذات اور اختلاط میں منہمک نہ ہو اور اس کو دوا کے طور پر سمجھے کہ اس سے نفع اٹھائے اور اس کی مضرت سے بچے اور اگر کاروبار اور لوگوں کی صحبت میں مشغول رہتا ہو تو ان کے ساتھ عبادت کو شامل کر کے علاج کرے اور اگر دماغ میں خیالات مشوشہ اور افکار ناقصہ بھرے ہوئے ہوں تو لوگوں سے کنارہ کش ہو کر گھر یا مسجد میں گوشہ نشینی اختیار کرے اور اپنی زبان کو بجز ذکر الٰہی کے اور اپنے قلب کو بجز اس فکر کے جس کے وہ درپے ہے روکے اور بیدار ہوتے وقت ذکر الٰہی کی عادت ڈالے تاکہ سب سے پہلے اس کے دل میں ذکر الٰہی داخل ہو اور سوتے وقت بھی ایسا کرے تاکہ تمام اشغال سے دل کو فراغت ہو

اور تیسرا اصول سماحت نفس ہے اور سماحت نفس یہ ہے کہ قوت ملکی قوت بہیمی کے دواعی کی متابعت نہ کرے مثلاً کہ لذت طلب کرے اور انتقام لینے کی خواہش کرے اور غصہ کو اور بخل کو پسند کرے اور مال و جاہ کی حرص کرے کیونکہ جب انسان ان امور کو عمل میں لاتا ہے تو ہر ایک کی صفت نفس میں

فيسهل عليها نقض الهيات الخسيسة
عصارت كانه لم يمكن شيء من
ذلك الباب قط وخصصت الى رحمة
الله واستغرقت في لجة الانوار
التي تقتضيها جبلة النفوس لو لا
المواذع، وان لم تكن سمحة نسبة
الوزر الى نفس كما يتشبث نقوش
الخاسع في الشمعة وتصق بها وصار
الحياة الدنيا ولم يسهل عليها نقضها
فاذا ذرفت حسدها احاطت بها
خطيئات من بين يديها ومن
خلفها وعن يمينها وعن شمالها و
من بينها وبين الانوار التي
تقتضيها جبلة النفوس حجب كثيرة
غليظة، فكان ذلك سببا تاذيها
وتالمها والسماحة اذا اعتبرت
بداعية الشهوتين شهوة البطن
وشهوة الفرج سميت عفة، وبداعية
الدعة والرفاهية سميت جهادا،
وبداعية الضجر والجزع سميت
صبرا، وبداعية حب الانتقام
سميت عفوا، وبداعية حب المال
سميت سخاوة وقناعة، وبداعية
مخالفة الشرع سميت تقوى، و
يجمعها كلها شيء واحد، وهو ان
اصلها عدم انقياد النفس الخواص
البهيمية، والصوفية يسمونها قطع
التعلقات الدنيوية والانقياد الى
التجاسس الشريعة، او الحرية

تو ان ہیات رذیلہ کا ترک کرنا اس پر آسان ہوتا ہے
اور نفس ایسا ہو جاتا ہے گویا اس میں کسی قسم کی بات کبھی
رہی اور نفس خالص ہو کر رحمت الٰہی میں داخل ہو جاتا ہے
اور ان انوار کے دریا میں مستغرق ہو جاتا ہے جن کی
نفوس کی جبلت مقتضی ہوتی ہے بشرطیکہ موانع دور ہوں
اور نفس میں صفت سماحت ہو تو ان اعمال کے ارتکاب پر جو
دل میں جڑ پکڑ لیتے ہیں، جیسے کپڑے کے نقوش مٹ جاتے ہیں
دینوی زندگی کا میل اس میں جم جاتا ہے اور ان کا
ترک کرنا نفس کیلئے آسان نہیں ہوتا پھر جب ایسا نفس جسم کو
جدا ہوتا ہے تو وہ برے اعمال سامنے اور پیچھے سے اور دائیں اور
بائیں سے اس کا احاطہ کر لیتے ہیں، اور نفس اور ان انوار
کے درمیان جن کا جبلت نفوس تقاضا کرتی ہے
بہت سے غلیظ پردے پڑ جاتے ہیں اور اس سبب سے
نفس کو ایذا و تکلیف پہنچتی رہتی ہے، اور اس سماحت کو
جب خواہش شکم و خواہش فرج کے داعیہ کے ساتھ
اعتبار کیا جائے تو اس کو عفت کہتے ہیں اور جب آرام
و آسائش کے داعیہ کے ساتھ اعتبار کیا جائے تو اس کو
اجتہاد کہتے ہیں اور جب بیقراری اور اضطراب کے داعیہ
کے ساتھ اعتبار کیا جائے تو اس کو صبر کہتے ہیں اور جب
انتقام کے داعیہ کے ساتھ اعتبار کیا جائے تو
اس کو عفو کہتے ہیں اور جب مال کے داعیہ کے ساتھ
اعتبار کیا جائے تو اس کو سخاوت اور قناعت کہتے ہیں
اور جب مخالفت شرع کے داعیہ کے ساتھ اعتبار
کیا جائے تو اس کو تقویٰ کہتے ہیں اور یہ سب باتیں
ایک میں جمع ہو جاتی ہیں اور وہ یہ ہے کہ سماحت کی
اصل نفس کا حیوانات انسانیہ کی فرمانبرداری کرنا
اور صوفیہ اس کو تعلقات دنیویہ کے
قطع کرنے یا خساسس شریعہ کے ترک کرنے
حریت کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ پس اس

یعبرون عن تلك الخصلة باسماء
مختلفة، والعمدة فی تحصیلها قلة
توقف علی مظان هذه الاشیاء، و
ایثار القلب ذکر الله تعالی و میل
النفس الی عالم التجرد، وهو قول
زید بن حارثة استوی عندی
حجرها ومدرها لما ان اخبر عن
ربکم شفقة ؛

والرابع العدالة وهی ملکة یصدر
منها اقامة النظام العدل المصلح
فی تدبیر المنزل وسیاسة
المدینة ونحو ذلك بسهولة وصدورها
جبلة نفسانیة تنبعث منها الافکار
الکلیة والسیاسیات
الساسیة بما عند الله وعند ملائکته
وذلك ان الله تعالی اراد فی الدهر
انتظام امرهم وان یعاون بعضهم
بعضا، وان لا یظلم بعضهم بعضا،
وان یتآلف بعضهم ببعض ویصیروا
کجسد رجل واحد واذا تألم عضو
منه تداعی له سائر الاعضاء بالحمی
والسهر، وان یکثر نسلهم، وان
یزجر فاسقهم، وینوه بعادلهم، و
یخمل فیهم الرسوم الفاسدة، و
یشهر فیهم الخیر ولوامیس الحقة
فلله سبحانه فی خلقه قضاء جمالی
وکل ذلك شرح وتفصیل، وملائکته مقربون
تلقوا ذلك وصاروا یدعون لمن سعی فی
اصلاح الناس ویلعنون علی من سعی فی

خصلت کو مختلف ناموں سے تعبیر کرتے ہیں اور اس
صفت کے حاصل کرنے میں زیادہ ضروری یہ ہے
کہ ان افعال کو اختیار نہ کرے جن سے ان چیزوں
میں گرفتار ہونے کا گمان ہو اور دل کو ذکر الٰہی
میں لگائے رکھے، اور نفس کو عالم تجرد کی طرف متوجہ
کرے چنانچہ زید بن حارثہ کا قول ہے میرے نزدیک
پتھر اور ڈھیلا سب برابر تھے حتی کہ مجھ کو مکاشفہ
سے خبر دی گئی،

چوتھا اصول عدالت ہے اور وہ ایک ملکہ اور صفت
کا نام ہے جس سے بہ سہولت وہ نظام عادل جو تدبیر منزل
اور سیاست مدینہ وغیرہ کے لئے مصلح ہے سرزد ہوتا
ہے اور اس کی اصل جبلت نفسانیہ ہے جس سے افکار
کلیہ اور نئی سیاستیں پیدا ہوتی ہیں جو اللہ تعالیٰ اور
اس کے فرشتوں کے موافق ہوتی ہیں اور اس کا سبب
یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کو منظور ہے کہ عالم میں نظام قائم رہے
اور ایک دوسرے کی اعانت کرے اور کوئی کسی پر ظلم نہ
کرے اور باہم الفت اور محبت سے رہیں اور اس طرح ملیں
رہیں جس طرح ایک بدن کے اعضا ہوتے ہیں جب کسی
ایک عضو میں درد ہوتا ہے تو بیمار اور بیخوابی میں باقی تمام
اعضاء اس کے شریک حال ہو جاتے ہیں اور لوگوں کو
پہلے دل میں سے نافرمانوں کی توبیخ کی جائے اور عادل
لوگوں کی تعظیم کیجائے اور ان میں رسوم فاسدہ کو مٹا دیا
جائے اور لوگوں کے اندر محاسن اور شرائع حقہ کو پھیلا دیا
جائے پس اس کے پیدا کرنے میں اللہ سبحانہ کی ایک قضاء
اجمالی ہے اور یہ سب کچھ اس کی شرح اور تفصیل ہے
اور اس کے وہ نیک مقربین نے اس کو معلوم کر لیا ہے اور جو
شخص لوگوں کی اصلاح کرنے میں سعی کرتا ہے اس کے لئے دعا
کرتے ہیں اور جو ان کے فساد میں سعی کرتا ہے تو اس پر وہ لعنت کرتے ہیں، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے

انسادهم، وهو قوله تعالى وعد الله الذين
امنوا منكم وعملوا الصالحات ليستخلفنهم
في الارض كما استخلف الذين من
قبلهم وليمكنن لهم دينهم الذي
ارتضى لهم وليبدلنهم من بعد
خوفهم امنا يعبدونني لا يشركون
بي شيئا، ومن كفر بعد ذلك فاولئك
هم الفاسقون، وقوله تعالى الذين
يوفون بعهد الله ولا ينقضون الميثاق
والذين يصلون ما امر الله به ان
يوصل الآية، وقوله تعالى والذين
ينقضون عهد الله من بعد ميثاقه
ويقطعون ما امر الله به ان يوصل الآية
فمن باشر هذه الاعمال المصلحة
شملته رحمة الله وصلوات الملائكة
ومن حيث يحتسب او لا يحتسب، وكان
هناك رقائق تحيط به كالشفاف للبصر
تحيط بالانسان فتورث الالهام في قلوب
الناس والملائكة ان يحسنوا اليه، وتوضع
له القبول في السماء والارض، واذا انتقل
الى عالم التجرد احسن بتلك الرقائق
المتصلة به وانتذ بها ووجد سعة
وقبولا وفتح بينه وبين الملائكة
باب، ومن باشر الاعمال المفسدة شملته
غضب الله ولعنة الملائكة، وكانت
هناك رقائق مظلمة ماشية من
الغضب تحيط به فتورث الالهام في
قلوب الملائكة والناس ان يبغضوا
اليه ويوضع له البغضاء في السموات

فرماتا ہے "جو لوگ ... تم میں سے ایمان لائے ہیں اور اچھے
عمل کئے ہیں خدا تعالے نے ان سے اس بات کا وعدہ کر لیا
ہے کہ ان کو زمین میں خلیفہ بنائیگا جس طرح ان لوگوں کو اس
نے خلیفہ بنایا ہے جو ان سے پہلے تھے، اور جس دین کو اسنے
ان کے لئے پسند کیا ہے اس پر ان کو قدرت دیگا اور ان کے
خوف کے بعد ان کو بدلہ میں امن دے گا، وہ میری عبادت
کرتے ہیں کسی کو میرا شریک نہیں کرتے اور جنہوں نے اسکے
بعد کفر کیا وہی لوگ نافرمان ہیں" اور فرمایا ہے "جو لوگ
خدا کے عہد کو پورا کرتے ہیں اور عہد کو نہیں توڑتے اور
جس چیز کے جوڑنے کا حکم خدا نے دیا ہے اس کو جوڑتے
ہیں" الآیہ۔ اور فرماتا ہے "اور جو لوگ اللہ تعالے کے
عہد کو پختہ کرنے کے بعد توڑتے ہیں اور خدا تعالے نے
جس چیز کے جوڑنے کا حکم دیا ہے اس کو قطع کرتے ہیں پھر
جو شخص ان اعمال صالحہ کو عمل میں لاتے ہیں تو خدا تعالے
کی رحمت اور فرشتوں کی دعا اس کو شامل ہو جاتی ہے
خواہ اس شخص کو اسکا علم ہو یا نہ ہو، اور پھر یہ نیاں اس کو
اس طرح محیط ہو جاتی ہیں جس طرح چاند اور سورج کی شعاعیں
انسان کا احاطہ کر لیتی ہیں جسکے سبب سے بنی آدم اور ملائکہ کے
قلوب میں اس شخص کے ساتھ بھلائی کرنے کا الہام ہوتا ہے
وہ آسمان اور زمین میں مقبول ہو جاتا ہے اور جب وہ عالم
تجرد کی طرف جاتا ہے تو یہ بیانیاں جو اس کے ساتھ متصل تھیں
ان کو محسوس کرتا ہے اور لذت حاصل کرتا ہے اور ایک قسم کی
کشادگی اور قبولیت پاتا ہے اور اس کے اور فرشتوں کے
درمیان ایک دروازہ کھل جاتا ہے، اور جو شخص برے اعمال
کرتا ہے تو اللہ تعالی کا غضب اور فرشتوں کی لعنت اس کو
گھیر لیتی ہے اور ہر طرف سے تاریکیاں اس کو گھیر لیتی ہیں جو
غضب سے پیدا ہوتی ہیں، جس کے سبب سے ملائکہ اور لوگوں کے
دلوں میں اس کے ساتھ برائی سے پیش آنے کا اقرار ہوتا ہے
اور آسمان اور زمین میں وہ شخص قابل نفرت ٹھہرتا ہے،

والارض، واذا انتقل الی عالم التجرد احس بتلك الرقائق الظلمانية عاضة عليه و تألمت نفسه بها ووجد ضيقا ونقرة واحيط به من جميع جوانبه فضاقت عليه الارض بما رحبت، والعدالة اذا اعتبرت باوضاع الانسان فی قيامه وقعوده ونومه ويقظته ومشيه وكلامه وفی بيته ولباسه وشعره سميت ادبا، واذا اعتبرت بالاموال وجمعها وصرفها سميت كفاية، واذا اعتبرت بتدبير المنزل سميت حرية، واذا اعتبرت بتدبير المدينة سميت سياسة واذا اعتبرت بتألف الاخوان سميت حسن المحاضرة وحسن المعاشرة والعمدة فی تحصيلها الرحمة والمودة ورقة القلب وعدم قسوته مع الانقباض للافكار الكلية والنظر فی عواقب الامور وبين هاتين الخلتين تنافر و مناقضة من وجه، وذلك لان ميل القلب الی التجرد وانقياده للرحمة والمودة يتخالفان فی حق اكثر الناس لا سيما اهل التجاذب، ولذلك ترى كثيرا من اهل الله تبتلوا وانقطعوا من الناس وبانوا الاهل والولد وكانوا من الناس علی شق بعيد، وترى العامة قد احاطت بهم معانقة الازواج و الاولاد حتی انساهم ذكر الله والانبياء عليهم السلام لا يأمرون الا برعاية المصلحتين، ولذلك اكثروا الفساد

اور جب وہ عالم تجرد کیطرف جاتا ہے تو ایسی تاریک شعاعوں کو پاتا ہے جو اس کو کاٹتی ہیں اور اس سے اس کے نفس کو تکلیف ہوتی ہے اور ایک قسم کی تنگی اور نفرت کو پاتا ہے اور وہ ان سے ہر جانب سے گھر جاتا ہے پس باوجود کشادگی کے زمین اس پر تنگ ہو جاتی ہے، اور عدالت کی صفت کا جب انسان کے ان اوضاع کے ساتھ لحاظ کیا جاتا ہے جو اس کے قیام وقعود خواب و بیداری، چلنے کلام کرنے اس کے لباس اور اس کے شعار سے متعلق ہیں تو اس کو ادب کہتے ہیں اور جب مال کے ساتھ اور اس کے جمع کرنے اور صرف کرنے کے ساتھ اعتبار کیا جاتا ہے تو اس کو کفایت کہتے ہیں اور جب تدبیر منزل کے ساتھ اعتبار کیا جاتا ہے تو اس کو حریت کہتے ہیں اور جب تدبیر شہر کے ساتھ اعتبار کیا جاتا ہے تو اس کو سیاست کہتے ہیں اور جب عزیزوں کی الفت رکھنے کے ساتھ اعتبار کیا جاتا ہے تو اس کو حسن محاضرہ اور حسن معاشرہ کہتے ہیں، اور عدالت کے حاصل کرنے میں زیادہ ضروری چیز رحمت اور محبت اور نرم دلی اور قساوت قلب کا نہ ہونا اور اس کے ساتھ افکار کلیہ کے تابع ہونا اور انجام کار پر نظر رکھنا ہے اور ان دونوں خصلتوں یعنی سماحت اور عدالت میں ایک قسم کا تنافر اور مخالفت ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ تجرد کی طرف قلب کا میلان اور رحمت اور مودت کے لئے اس کا منقاد ہونا اکثر لوگوں کے حق میں یہ دونوں وصف جمع نہیں ہوتے خصوصاً ان لوگوں کے اندر جن کی قوت جذبیہ دل میں کشاکشی رہتی ہے اسی وجہ سے تم بہت سے اہل اللہ کو دیکھتے ہو کہ انہوں نے لوگوں سے قطع تعلق کر لیا اور اہل وعیال سے جدا ہو گئے اور لوگوں سے دور دور رہنے لگے اور عام لوگوں کو تم اہل وعیال کے ساتھ اتنا مشغول دیکھتے ہو کہ وہ اللہ کے ذکر کو بھی بھول گئے ہیں، اور انبیاء علیہم السلام دونوں مصلحتوں کی رعایت کا حکم دیتے ہیں اسی لئے ان دونوں وصفوں سے اور ان کے ضبط اور مشکل کے تیز کی ان کو زیادہ ضرورت پڑی،

تميز المشكل فى هاتين الخلتين فهذه هى الاخلاق المعتبرة فى شرائع، وهنالك افعال وهيأت تفعل بعد تلك الاخلاق وتصدر عنها امر الملائكة والشياطين جهة انها تعطيها امر الملائكة والشياطين او تنبعث من ميل النفس فى احد القبيلتين فيؤمر بذلك امر ايجاب، وقد ذكرنا بعض ذلك،

ومن هذا الباب قوله صلى الله عليه وسلم ان الشيطان ياكل بشماله ويشرب بشماله، وقوله عليه السلام الجشاء من الشيطان، وقوله عليه الصلاة والسلام الا تصفون كما تصف الملائكة وقد امر النبى صلى الله عليه وسلم بعض الناس بتلك الاخلاق فامر باذكار تفيد دوام الاخبات والتضرع، وامر بالصبر والانفاق، ورغب فى ذكر ذم اللذات وذكر الاخرة وهوّن امر الدنيا على اهلها وحضهم على التفكر فى جلال الله وعظم قدرته ليحصل لهم سماحة ونصاعة المريض والبرد العصبة وشفاء السقام واقامة الحدود والامر بالمعروف والنهى عن المنكر ليحصل لهم العدالة وبين تلك الانفعالات والهيأت تبيان جزى الله تعالى هذا النبى الكريم كما هو اهله عنا وعن سائر المسلمين اجمعين،

ذكرت هذه الاصول حتى نشتغل ببعض التفصيل والله اعلم

سو یہ وہ اخلاق ہیں جو شرائع میں معتبر ہیں اور جس افعال اور ہیات ایسے کسی ہیں جو ان اخلاق کا دوسرا ان اخلاق کے صدور کا کام دیتے ہیں اس جہت سے کہ ان افعال وہیات کو ملائکہ کا مزاج یا شیاطین کا مزاج پیدا ہوتا ہے یا ملائکہ و شیاطین کے دونوں قبیلوں میں سے ایک کی طرف نفس کے میلان سے یہ افعال وغیرہ پیدا ہوتے ہیں اس واسطے نکلتے ہیں انہیں اخلاق کے ساتھ حکم دیا جاتا ہے اور ان میں سے بعض کو ہم نے ذکر کر دیا ہے،

اور اسی باب سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ قول ہے شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے اور بائیں ہاتھ سے پیتا ہے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا منقطع الاعضاء شیطان ہے اور آپ نے فرمایا جس طرح فرشتے صف باندھتے ہیں تم اس طرح صف بندی کیوں نہیں کرتے ؟ اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ان افعال کا بھی حکم دیا ہے جن سے ان اخلاق کے پائے جانے کا گمان ہے پس ایسے افعال کا آپ نے حکم دیا ہے جن سے ہر وقت فرمانبرداری اور تضرع کی کیفیت حاصل ہوتی ہے اور صبر کرنے اور خدا کی راہ میں خرچ کرنے کا حکم دیا اور موت اور آخرت کی یاد کرنے کی رغبت دلائی اور دنیا کو انکی آنکھوں میں حقیر کر دیا اور خدا تعالے کے جلال اور اس کی عظیم الشان قدرت میں فکر کرنے کا ان کو شوق دلایا تاکہ انکے اندر صفت سماحت حاصل ہو اور مریض کی عیادت اور نیکی اور صدر رحمی اور سلام کو رائج کرنے اور حدود کو قائم کرنے اور نیکی باتوں کی نصیحت کرنے اور بری باتوں سے منع کرنے کا حکم دیا تاکہ صفت عدالت ان کے اندر پیدا ہو اور ان افعال اور ہیات کو نہایت عمدہ طور سے بیان کر دیا، خدا تعالے اس نبی کریم کو ہماری طرف سے اور تمام مسلمانوں کی طرف سے ایسی جزا خیر دے جس کے وہ لائق ہے،

جب تم کو یہ اصول معلوم ہو گئے تو اب ہم کسی قدر تفصیل کرتے ہیں، واللہ اعلم،

الاذکار وما یتعلق بہا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لایقعد قوم یذکرون اللہ الا حفتہم الملائکۃ وغشیتہم الرحمۃ ۔

اقول لاشک ان اجتماع المسلمین راغبین ذاکرین یجلب الرحمۃ والسکینۃ ویقرب من الملائکۃ ۔ وقال صلی اللہ علیہ وسلم سبق المفردون ۔

اقول ۔ ھم قوم من السابقین سموا بالمفردین لان الذکر حفف عنھم وزاس ھمہ ۔ قال صلی اللہ علیہ وسلم قال تعالی انا عند ظن عبدی بی وانا معہ اذا ذکرنی فان ذکرنی فی نفسہ ذکرتہ فی نفسی وان ذکرنی فی ملأ ذکرتہ فی ملأ خیر منہ ۔

اقول ۔ جبلۃ العبد الشیٔ مہما اخلاقہا وعلومہا ، والہیئات التی اکتسبتہا نفسہ ھی الخصوصۃ لنزول رحمۃ خاصۃ بہ ، فرب عبد سمۃ الخلق یظن بربہ انہ یتجاوز عن ذنوبہ ولا یؤاخذہ بکل تقصیر وتطہیر ویعامل معہ معاملۃ السمحۃ فیکون رجاؤہ ذلک سببا لنفض خطیاتہ من نفسہ ، ورب عبد شحیح خلق یظن بربہ انہ یؤاخذہ بکل تقصیر وتطہیر ویعامل معہ معاملۃ متعقد لا یتجاوز عن ذنوبہ فہذا وان لم تنزل بالنسبۃ الی ھذہ الہیئۃ

اذکار اور ان کے متعلقات کا بیان

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ۔ جب کوئی قوم ذکر الٰہی کے لئے بیٹھتی ہے تو ان کو فرشتے گھیر لیتے ہیں اور ان پر رحمت چھا جاتی ہے ۔

میں کہتا ہوں اس میں کوئی شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف رغبت اور اس کے ذکر کے ساتھ مسلمانوں کا اجتماع رحمت اور سکینہ کو کھینچ لاتا ہے اور ملائکہ سے قریب کر دیتا ہے ۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "مفرد لوگ سبقت لے گئے" ۔

میں کہتا ہوں سابقین میں سے ایک گروہ مفردین کا ہے ان کو مفردین اس لئے کہتے ہیں کہ ذکر الٰہی نے ان کے بوجھ کو ہلکا کر دیا ہے ۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اللہ پاک فرماتا ہے میں اپنے بندہ کے اس گمان کے ساتھ ہوں جو اس کو میرے ساتھ ہے اور جب وہ مجھ کو یاد کرتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں اگر وہ مجھ کو دل میں یاد کرتا ہے تو میں بھی اسکو دل میں یاد کرتا ہوں اور اگر وہ مجھ کو مجلس میں یاد کرتا ہے تو میں اسکو اس کی بہتر مجلس میں یاد کرتا ہوں" ۔

میں کہتا ہوں بندہ کی سرشت جس سے اس کے اخلاق اور علوم پیدا ہوتے ہیں اور وہ ہیئت جس کو اس کا نفس حاصل کرتا ہے اس رحمت کے نزول کے خصوص ہے جو اس بندہ کے لئے خاص ہے ۔ پس بہت سے بندے ایسے ہیں جو سماحت کی صفت ہوتی ہے اللہ تعالیٰ سے یہ گمان رکھتے ہیں کہ وہ ان کے گناہوں سے درگذر کرے گا اور ذرا سی بات پر پکڑ نہیں کرے گا اور ان کے ساتھ سماحت کا برتاؤ کرے گا پس ان کی امید ان کے گناہ [illegible] سبب ہو جاتی ہے [illegible] اپنے رب سے اس بات کا گمان رکھتا ہے کہ [illegible] ان کو ذرا سی بات پر پکڑے گا اور [illegible] لوگوں کا محاسبہ کریگا اور ان کے [illegible] رہے گا پس یہ [illegible] دنیوی حیات سے [illegible] دل میں خوب جم گئی ہے جو اس کو موت

تحیط به بعد موته وهذا الفرق انما
محله الامور التی لم یتاکد فی حظیرة
القدس حکمها. واما الکبائر وما
یشابهها فلا یظهر فیه الا بالاجمال.
وقوله "انا معه" اشارة الی معیته
بقبول وکونه فی حظیرة القدس
بهذا ان ذکر الله فی نفسه وسلک
طریق التفکر فی الاء الله فجزاؤه ان
الله یرفع الحجب فی مسیره ذلک
حتی یصل الی التجلی القائم فی حظیرة
القدس. وان ذکر الله فی ملأ
وکان همه اشاعة دین الله واعلاء
کلمة الله فجزاؤه ان الله
یلهم محبته فی قلوب الملأ الاعلی
یدعون له و یبرکون علیه ثم
ینزل له القبول فی الارض. وهکذا
من عارف بالله وصل الی المعرفة
ولیس له قبول فی الارض ولا ذکر
الملأ الاعلی، وکم من ناصر دین الله
له قبول عظیم وبرکة جسیمة ولم
ترفع له الحجب. قال صلی الله علیه
وسلم قال تعالی من جاء بالحسنة
فله عشر امثالها وازید ومن جاء
بالسیئة فجزاء سیئة مثلها او
اغفر ومن تقرب منی شبرا تقربت
منه ذراعا ومن تقرب منی ذراعا تقربت
منه باعا ومن اتانی یمشی اتیته هرولة
ومن لقینی بقراب الارض خطیئة
لا یشرک بی شیئا لقیته بمثلها مغفرة۔

کے بعد کیے ہے کی اور یہ فرق صرف ان امور کے اندر
ہے جن کی نسبت حظیرۃ القدس میں تاکیدی حکم نہیں ہوا
لیکن کبائر اور ان کے قریب قریب گناہوں کے اندر صرف
بالاجمال اس کا ظہور ہوتا ہے، اور اللہ تعالیٰ کا یہ فرمانا کہ میں
بندہ کے ساتھ ہوتا ہوں "معیت قبول کی طرف اور حظیرۃ القدس
میں ایک شان کے ساتھ ہونیکی طرف اشارہ ہے پس اگر وہ اللہ
تعالیٰ کا ذکر اپنے دل میں کریگا اور اس کے انعامات میں غور کرنا
شروع کریگا تو اس کے بدلہ میں اس کے اس راستہ سے حجاب دور
کردیگا یہانتک کہ اس تجلی تک پہنچ جائیگا جو حظیرۃ القدس میں قائم
ہے، اور اگر خدا تعالیٰ کا مجلس میں ذکر کریگا اور اس کا قصد
اشاعت دین اللہ اور اعلاء کلمۃ اللہ بھی ہوگا تو خدا تعالیٰ
اس کے بدلہ میں اس کی محبت عالم بالا کے دلوں میں القاء کریگا کہ
وہ اسکے لئے دعا کریں اور برکت کے طالب ہوں پھر زمین میں وہ
مقبول ٹھہرایا جاتا ہے، اور بہت سے عارف باللہ ایسے ہیں جنکو
معرفت کا درجہ حاصل ہے لیکن نہ تو زمین میں وہ مقبول ہیں اور نہ
ملاء اعلیٰ میں ان کا تذکرہ ہے، اور بہت سے ایسے ناصر دین ہیں
بڑے مقبول و متبرک ہیں مگر ان کے حجاب دور نہیں ہوئے
نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جو ایک
نیکی کریگا اس کو دس گنا ثواب ملے گا یا اس سے بھی
زاید میں کروں گا اور جو کوئی برائی کریگا تو اس کے
برابر بدلہ پائے گا یا میں بخش دوں گا، اور جو کوئی میری
طرف ایک بالشت آئے گا میں اس کی طرف گز بھر آؤں
گا اور جو میری طرف گز بھر آئے گا تو میں اس کی طرف
دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ کے برابر آؤں گا اور جو میری
طرف چلکر آئے گا تو میں اس کی طرف دوڑ کر آؤں
گا اور جو مجھ سے زمین کے برابر گناہ لیکر ملے گا
بشرطیکہ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا
ہو تو میں اس سے اسی قدر مغفرت کے ساتھ
ملوں گا"

قول۔ الانسان اذا مات و دبر
ن الدنیا وضعفت سوریۃ بھیمیتہ
تلعلعت انوار ملکیتہ فقلیل خیرہ
تیرہ وما بالعرض ضعیف بالنسبۃ
ی ما ھو بالذات، والتدبیر الالٰہی
شاء علی افاضۃ الخیر، فالخیر اقرب
ی الوجود والشر ابعد منہ، وھو
دیث ان اللہ مائۃ رحمۃ نزل
نھا واحدۃ فی الارض، فبین
نبی صلی اللہ علیہ وسلم ذلک
مثل الشبر، والذراع والباع،
شی والھرولۃ، ولیس شیٔ انفع
المعاد من التطلع الی الجبروت
لالتفات تلقاءھا، وھو قولہ
لقینی بقراب الارض خطیئۃ
یشرک بی شیئا لقیتہ بمثلھا مغفرۃ
قولہ تعالی اعلم عبدی ان لہ
ضر الذنب ویاخذ بہ، وقال
ی اللہ علیہ وسلم قال اللہ تعالی
ن عادی ولیا فقد آذنتہ بالحرب
حب الی مما افترضت علیہ
یزال عبدی یتقرب الی بالنوافل
تی احبہ فاذا احببتہ کنت سمعہ
ذی یسمع بہ وبصرہ الذی
عہ بہ، ویدہ التی یبطش بھا،
حسا الذی یمشی بھا ان سالنی
لاعطینہ ولئن استعاذنی
ن

میں کہتا ہوں انسان جب مرجاتا ہے اور دنیا کو چھوڑ
دیتا ہے اور اس کی بہیمیت کی تیزی کمزور ہو جاتی ہے اور
اس کی ملکیت کے انوار چمکنے لگتے ہیں تو اس کی تھوڑی نیکی
بھی بہت ہو جاتی ہے اور عارضی چیز ذاتی چیز سے ضعیف
نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ کیا بات ہے ؟ میں نے کہا، یا رسول اللہ ہم آپ کے پاس ہوتے ہیں اور جنت و نار کا حال آپ ہم کو سناتے ہیں تو گویا ہم اس کو آنکھوں سے دیکھتے ہیں پھر جب آپ کے پاس سے چلے جاتے ہیں تو اہل و عیال اور مال و اسباب میں مشغول ہو جاتے ہیں اور بہت سی باتیں بھول جاتی ہیں تب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر تم ہمیشہ اسی حالت پر رہو جو تمہاری میرے پاس ہوتی ہے اور ذکر کرنے کی وقت ہوتی ہے تو تمہارے بستروں پر اور راستوں میں تم سے فرشتے مصافحہ کیا کریں لیکن اے حنظلہ یہ بات کبھی کبھی ہوتی ہے آپ نے یہ تین مرتبہ فرمایا، پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس بات کی طرف اشارہ فرمایا کہ احوال قائم اور دائم نہیں رہتے، اور اس کی ایک مثال وہ بھی ہے جو حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے خواب میں جنت و دوزخ کا معائنہ کیا تھا، اور از انجملہ فراست صادقہ اور گمان مطابق واقع ہے، حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرمایا جب میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کسی بارے میں یہ سنا کہ اس کی نسبت یہ گمان ہے تو وہ بات ان کے گمان کے مطابق ہی ہوتی تھی، اور از انجملہ خواب صالح ہے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم سالکین کے خواب کی تعبیر دینے میں اہتمام فرمایا کرتے تھے یہاں تک کہ روایت ہے آپ نماز صبح کے بعد بیٹھ جاتے تھے اور پوچھتے تھے تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے پس اگر کوئی بیان کرتا تو جو خواب کو منظور ہوتا آپ تعبیر دیتے، اور صالح خواب سے مراد نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھنا ہے یا جنت و نار کو دیکھنا ہے یا صالحین اور انبیا علیہم السلام کو دیکھنا ہے یا متبرک مقامات کو دیکھنا ہے جیسے خانہ کعبہ آئندہ کے رونما ہونے والے حوادث کو دیکھنا ہے کہ جس طرح وہ ان کو دیکھتا ہے اسی طرح وہ واقع ہوتے ہیں یا امور ماضیہ کو اسی طرح دیکھنا جس طرح ان کا وقوع ہوا ہے یا اس چیز کو دیکھنا ہے جو اس کی تقصیر کو ظاہر پر متنبہ کرتی ہے جیسے اپنے غصہ کو کتے کی شکل میں دیکھنا کہ اس کو کاٹتا ہے یا انوار اور جیسے کھانے پینے کو دیکھنا جیسے دودھ اور شہد اور مکھن کا پینا یا ملائکہ کو دیکھنا ہے، واللہ اعلم ؛

حدیث النفس، قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
[illegible] لما تقدم من ذنبه وما تاخر
وهي بتولد من بين العقل لتنور بنور الايمان
والعمل الذي هو من مقامات القلب، قال
عبد الله عليه وسلم [illegible] من دان نفسه
وعمل لما بعد الموت، وقال عمر رضي الله
عنه، حاسبوا انفسكم قبل ان تحاسبوا
وزنوها قبل ان توزنوا وتزينوا للعرض الاكبر
على الله تعالى [illegible] لا يخفى
منكم خافية، والحياء حياءان حياء
الذي هو من مقامات النفس ويتولد
عن رؤية آلاء الله تعالى ومعرفة
عجزه عن القيام بحقه [illegible]
التقصير [illegible]
[illegible]
في الليل لتطهر [illegible] الله تعالى
[illegible]
[illegible]
لا تقصد ولا بلتفت [illegible] الا بالتعرض من

اور ان کا بڑا مقابلہ ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو
وسوسہ ہوتا ہے اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ اس کے نفس میں وسوسہ ہے
تو اس کے سب پہلے گناہ بخش دیئے گئے اور ان کا بڑا مقابلہ
عقل منور ہو ایمان اور اس ارادہ کے مابین سے پیدا ہوتا ہے
قلب کا پہلا مقام ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "وہ
شخص ہے جو اپنے نفس کو مطیع کرے اور موت کے بعد کے
عمل کرے"، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے خطبہ میں
"اس سے پہلے کہ تم سے حساب لیا جائے اپنے نفسوں سے حساب
لے لو اور پہلے اس سے کہ وزن کیا جائے تم اپنا وزن کر لو
اللہ تعالیٰ کے سامنے جو بڑی پیشی ہونے والی ہے اس کے لئے
ہو جاؤ جس روز کہ تم پیش کئے جاؤ گے تمہاری کوئی بات
اس پر مخفی نہ رہے گی"، اور ان کا بڑا حیاء ہے اور یہ حیاء اس
کا غیر ہے جو نفس کے مقامات سے ہے اللہ تعالیٰ کی عزت
اور دیکھنے سے یہ اس بات کے ملاحظہ کے کہ میں ادائے حق
سے عاجز ہوں اور اپنے آپ کو اس امر میں گرفتار ہوں پیدا ہوتی
ہے، عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ میں خدا سے حیا کرتے
ہوئے تاریک مکان میں غسل کرتا ہوں اور کپڑا لپیٹ لیتا ہوں
جو مقامات قلب سے متعلق ہیں ان میں پہلا مقام جمع ہے اور
معنی یہ ہیں کہ امر آخرت کی اس کے نزدیک مقصود اور مہتم بالشان
دیگر کے معاملات سب کی طرف میں ذیل ہوں ان کا نہ قصد کرتا ہو
ان کی طرف التفات ہو مگر بجز اس صورت کے کہ جس کے دور
[illegible] اور جمع اسی مقام کا نام ہے
[illegible] کرتے ہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ
فرمایا "جو شخص ایک گھڑی ایک فکر کرے یعنی آخرت کی فکر کرے
تو خدا تعالیٰ اس کی فکر سے کافی ہو جاتا ہے اور جس کو تفکر
ہوتے ہیں تو خدا تعالیٰ اس کی پروا نہیں کرتا کہ کس جنگل
ہلاک ہوا"
میں کہتا ہوں انسان کے ارادہ کو وجود کی کے دو دروازہ کو

[illegible] اور اس کا خلاصہ ہے کہ جب انسان کی تمام مرضیات حق کے

رضيات الحق كفاه الله تعالى ذا حصل جمع
همة و واظب على العبودية ظاهرا و باطنا
ى ذلك فى قلبه محبة الله و محبة رسوله
يزيد بالمحبة الايمان بان الله تعالى مالك
لك وان الرسول صادق مبعوث من قبله
الخلق فقط بل هى حالة شبيهة بحالة
طمأن بالنسبة الى الماء والجائع بالنسبة
الطعام، وتنشأ المحبة من امتلاء العقل
كر الله تعالى و تفكر فى جلاله وتوشح نور
يعلن من العقل الى القلب وتلقى القلب
ك النور بقوة مجبولة فيه، قال رسول
له صلى الله عليه وسلم ثلاث من كن فيه
جد حلاوة الايمان من كان الله ورسوله
ب اليه مما سولهما الحديث، وقول
الله عليه وسلم فى دعائه اللهم اجعل حبك
ب الى من نفسى وسمعى وبصرى واهلى
ى ومن الماء البارد، وقول عمر لانكون
ما حتى اكون احب اليك من نفسك
ال عمر والذى انزل عليك الكتاب
نت احب الى من نفسى التى بين جنبى
ال رسول الله صلى الله عليه وسلم
ان يا عمر تم ايمانك، وعن انس
ل سمعت رسول الله صلى الله عليه
سلم يقول لا يؤمن احدكم حتى
ون احب اليه من ولده ووالده
الناس اجمعين ؛

اقول اشار النبى صلى الله عليه وسلم
ان حقيقة المحبة غلبة نور اليقين
العقل ثم على القلب و النفس حتى يقوم

ناقص ہو جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ اپنی ربوبیت میں اس کے لیے کافی ہے۔
ہے پس جب اس کی ہمت پختہ ہو جاتی ہے اور وہ ظاہر میں
اور باطن میں عبودیت پیدا کرتا ہے تو اس کے دل میں اللہ
ہوتا ہے کہ اس کے دل میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی
محبت ہو جاتی ہے اور اس محبت صرف اس بات کے یقین میں کہ زیادتی
نہیں ہوتی کہ خدا تعالیٰ مالک ملک ہے اور اس کا رسول جو وہ
خدا تعالیٰ کی طرف سے مخلوق کی طرف مبعوث ہے بلکہ وہ محبت
ایسی حالت ہے جیسے پیاسے کو پانی کے ساتھ اور بھوکے کو
کھانے کے ساتھ ایک نسبت ہوتی ہے اور یہ محبت ذکر الٰہی سے
عقل کے پُر ہونے سے اور اس کے جلال میں فکر کرنے سے اور عقل کی
قلب کی طرف نور ایمان کے متوجہ ہونے سے اور قلب کے اس نور
کو بذریعہ اس قوت کے جو قلب کے اندر پیدا کی گئی ہے قبول کرنے
سے پیدا ہوتی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس
شخص کے اندر یہ تین چیزیں ہوں وہ ایمان کی لذت پا
ہے وہ شخص جس کو خدا اور اس کا رسول سب سے زیادہ پیارا ہو
الحدیث اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا میں کہا کہ
اللہ تعالیٰ تو اپنی محبت کو میرے [illegible]
اور بصر اور میرے مال اور میرے [illegible] سے زیادہ
عزیز کر دے اور اپنی محبت کر [illegible]
تجھ کو میری جان سے زیادہ محبوب نہ ہوں تو مجھ [illegible]
عرض کیا قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ پر [illegible] کی آپ میرے
اس جان سے زیادہ عزیز ہیں جو میرے دونوں پہلوؤں میں ہے تب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا [illegible]
ہوا اور حضرت انس سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے تم میں سے کوئی شخص
ایمان والا نہیں ہو سکتا جب تک کہ میں اس کو اس کے والد اور اس کے
باپ اور سب لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہوں

میں کہتا ہوں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے [illegible]
کہ محبت کی حقیقت لذت یقین کا [illegible]

مقام مشتهى القلب فى مجرى العادة من حب الولد والاهل والمال وحتى يقوم مقام مشتهى النفس من الماء البارد للنفس الى العطشان، فاذا كان كذلك فهو الحب الخاص الذى يحل من مقامات القلب قال صلى الله عليه وسلم من احب لقاء الله احب الله لقاءه ؛

قوله جعل النبى صلى الله عليه وسلم ميل المؤمن الى جناب الحق وتعطشه الى لقائه متحررا من سلب اسباب البدن وطلبه التخلص من مضايق الطبيعة الى فضاء القدس من حيث يتصل الى ما لا يوصف بالوصف علامة لصدق محبته قال الصديق رضى الله عنه من ذاق خالص محبة الله تعالى شغله ذلك عن طلب الدنيا وحشه عن جميع البشر

قول قوله هذا غاية فى الكشف عن اثار المحبة اذا تمت محبة المؤمن لربه اذ ذلك ان محبة الله له، وليس حقيقة محبة الله لعبده الا تعالى من العبد تعالى عن ذلك علوا كبيرا، ولكن حقيقتها المعاملة معه بما استعد له، فكما ان لشمس تسخن الجسد القابل اكثر من تسخينها لغيره وتعد الشمس واحد فى حقيقة ولكنه يتعدد بتعدد استعدادات القوابل . كذلك لله تعالى فيما يفيض عبده من جملة صفات تجلياته تعالى لهم، فمن اتصف منهم بالصفات الحسنة التى يدخل بها فى اعداد ميا

قلب کی ان خواہشوں کے قائم مقام ہو جاتی ہے جو قلب کو عادۃ مرغوب ہوتی ہیں جیسے اولاد اور بیوی اور مال کی محبت اور بدن کو دوسری خواہشات کے قائم مقام ہو جاتی ہے جیسے پیاسے کو پانی کی خواہش، پس جب ایسی حالت ہو جاتی ہے تو یہ وہ محبت خاص ہوتی ہے جو مقامات قلب سے تعلق رکھتی ہے جس کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو شخص خدا تعالیٰ سے ملنا چاہتا ہے تو خدا تعالیٰ اس سے ملنا چاہتا ہے"۔

میں کہتا ہوں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی طرف مؤمن کے میلان کو اور جناب حق کے مقام کی طرف اس کے اشتیاق کو اور صفت کی قید سے متصل تر کی طرف جانے کے طالب ہونے کو جہاں وہ ایسی چیزوں سے متصل ہوتا ہے جو بیان میں نہیں آسکتیں اپنے رب کے ساتھ صدق اور محبت کی علامت گردانا ہے، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جو شخص اللہ تعالیٰ کے ساتھ خالص محبت کا مزہ چکھ لیتا ہے تو وہ محبت طلب دنیا سے اس کو روک رہتی ہے اور تمام لوگوں سے اس کو نفرت دلاتی ہے۔

میں کہتا ہوں حضرت ابوبکرؓ کا یہ قول آثار محبت کا نہایت درجہ بیان ہے پس جب مومن کو اپنے رب سے پوری محبت ہو جاتی ہے تو خدا تعالیٰ کو اس سے محبت ہو جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی محبت جو بندہ سے ہوتی ہے اس کے یہ معنی نہیں ہوتے کہ اللہ تعالیٰ بندہ سے متاثر ہوتا ہے اللہ تعالیٰ کہ سے بہت بلند و بالا ہے بلکہ اس محبت کی حقیقت اللہ تعالیٰ کا اس بندہ کے ساتھ وہ برتاؤ کرنا ہے جس کی وہ قابلیت رکھتا ہے پس جس طرح آفتاب کی تاثیر یہ ہے کہ وہ شفاف جسم کو بہ نسبت اور اجسام کے زیادہ گرم کرتا ہے حالانکہ آفتاب کا فعل حرارت برابر ہے لیکن اجسام کی استعداد کے مختلف ہونے کی وجہ سے اس کا فعل بھی مختلف ہو جاتا ہے اسی طرح خدا تعالیٰ کو اپنے بندوں کے افعال اور صفات کی وجہ سے ایک عنایت اور توجہ ہے پس جو شخص ان صفات رذیلہ سے متصف ہے جس کو انسان بہا

۴ بھی داخل ہو جاتا ہے

فعل ضوء الشمس الاحدیۃ فیہ مایناسب استعدادہ، ومن اتصف بالصفات الفاضلۃ التی یدخل بسببہا فی اعداد الملأ الاعلی فعل ضوء شمس الاحدیۃ فیہ نورا وضیاء حتی یصیر جوہرا من جواہر حظیرۃ القدس وانصب علیہ احکام الملأ الاعلی، فعند ذلک یقال احبہ اللہ لان اللہ تعالی فعل معہ فعل المحب بحبیبہ ویسمی العبد حینئذ ولیا، ثم محبۃ اللہ لہذا العبد تحدث فیہ احوالا بینہ النبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ثم بیان، فمنہا نزول القبول لہ فی الملأ الاعلی ثم فی الارض. قال صلے اللہ علیہ وسلم اذا احب اللہ تعالی عبدا نادی جبریل انی احب فلانا فاحبہ فیحبہ جبریل، ثم ینادی جبریل فی السموات ان اللہ تعالی احب فلانا فاحبوہ فیحبہ اہل السموت ثم یوضع لہ القبول فی الارض ؛

اقول اذا توجہت العنایۃ الالہیۃ الی محبۃ ہذا العبد انعکست محبتہ الی الملأ الاعلی بمنزلۃ انعکاس ضوء الشمس فی المرایا العقیلۃ، ثم انہم الملأ السافل محبتہ، ثم من استحق بذلک من اہل الارض کما تنشرب الارض الرخوۃ الندی من برکۃ الماء، ومنہا خذلان اعدائہ، قال صلے اللہ علیہ وسلم عن ربہ تبارک وتعالی من عادی لی ولیا فقد اذنتہ بالحرب ؛

اقول اذا انعکست محبتہ فی مرایا

تو آفتاب، حدیث کی روشنی اس کی استعداد کے مناسب اس میں عمل کرتی ہے، اور جو شخص ان صفات حمیدہ سے موصوف ہے جو انسان کو ملاء اعلیٰ میں داخل کرا دیتے ہیں تو آفتاب احدیت کی روشنی دل میں وہ نور اور ضیاء پیدا کر دیتی ہے جس سے وہ منجملہ جواہر حظیرۃ القدس کے ایک جوہر ہو جاتا ہے اور اس پر ملاء اعلیٰ کے احکام جاری ہوتے ہیں۔ اس وقت کہا جاتا ہے کہ خدا تعالیٰ نے اس سے محبت کی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس سے وہ برتاؤ کیا جو محب اپنے محبوب سے کرتا ہے اور اس وقت اس بندہ کو ولی کہا جاتا ہے پھر خدا تعالیٰ کی محبت اس بندہ میں چند حالت پیدا کرتی ہے جن کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بیان فرمایا ہے، ازانجملہ یہ ہے کہ وہ شخص ملاء اعلیٰ میں پھر زمین میں مقبول ہو جاتا ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ کسی بندہ سے محبت کرتا ہے تو جبرئیل علیہ السلام کو ندا فرماتا ہے کہ میں فلاں بندہ کو دوست رکھتا ہوں تم بھی اس کو دوست رکھو پھر جبرئیل بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں پھر تمام آسمان والے پھر جبرئیل ندا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فلاں شخص کو دوست رکھتا ہے پس تم بھی اس کو دوست رکھو پس تمام آسمان والے سب دوست رکھتے ہیں پھر اس کی قبولیت زمین میں ہو جاتی ہے

میں کہتا ہوں جب عنایت الٰہیہ اس بندہ کی طرف متوجہ ہوتی ہے تو ملاء اعلیٰ کی طرف اس کی محبت منعکس ہوتی ہے جس طرح آفتاب کی شعاعیں شفاف آئینوں میں منعکس ہوتی ہیں پھر ملاء اعلیٰ کو اس کی محبت کا القاء ہوتا ہے پھر ان دلوں میں سے جس میں اس بات کی قابلیت ہوتی ہے اس کے دل میں اس کی محبت کا القاء ہوتا ہے جس طرح [illegible] پانی کے جذب کرنے کی چوکس ہے، اور اس انجذاب کے دو نمونوں کا سو ہونا ہے چنانچہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے نقل کرتے ہوئے فرمایا ہے "جس نے میرے ولی سے عداوت کی میں اس کو اعلان جنگ کر دیتا ہوں"

میں کہتا ہوں جب بندہ کی محبت ملاء اعلیٰ کے نفوس میں

نفوس الملأ الاعلى ثم خلق لها مخالف من
اهل الارض احست الملأ الاعلى بثلث
المخالفة كما يحس احدنا حرارة الجمرة
اذا وقعت قدمه عليها، فخرجت من
نفوسهم اشعة تحيط بهذا المخالف
من قبيل النفرة والشذوذ فعند
ذلك يخذل ويصبح عبسه ويهجر ملأ
لسافل واهل الارض ان يسيئوا اليه
وذلك حربه تعالى اياه ؛

ومنها اجابة سؤاله واعاذته مما
استعاذ منه، قال صلى الله عليه وسلم
عن ربه تبارك وتعالى وان سألني
لاعطينه ولئن استعاذني لاعيذنه؛
اقول وبه التوفيق في حظيرة
القدس حيث يفضي بالحوادث قدرة
واستعاذته يرتقي هناك ويكون سببا
لتنزل القضاء، وفي آثار الصحابة شئ
كثير من باب استجابة الدعاء، من
جملة ذلك ما وقع لسعد حين دعا
على ابي سعدة اللهم ان كان عبدك هذا
كاذبا قام رياء او سمعة فاطل عمره
واطل فقره وعرضه للفتن وكان كما
قال، وما وقع لسعيد حين دعا على
اروى بنت اويس اللهم ان كانت كاذبة
فاعم بصرها واقتلها في ارضها فكان
كما قال، ومنها فناؤه عن نفسه و
بقاؤه بالحق، وهو المعبر عنه عند
الصوفية بغلبة كون الحق على كون
العبد، قال صلى الله عليه وسلم عن ربه

جو چیز لاعیبوں کے ہیں منعکس ہوتی ہے پھر اہل زمین میں سے کوئی
شخص اس کی مخالفت کرتا ہے تو ملاء اعلیٰ اس مخالفت کو
محسوس کر لیتے ہیں جس طرح ہم میں سے کوئی شخص انگارے
کی حرارت محسوس کر لیتا ہے جبکہ اس کا قدم اس پر پڑ جاتا ہے
پس ان کے نفوس سے ایک شعاع از قبیل نفرت و عداوت
نکل کر اس مخالف کو گھیر لیتی ہے اس وقت میں وہ شخص ذلیل
و خوار ہو جاتا ہے اور زمانہ، جس پر تنگ ہو جاتی ہے اور
ملاء سافل اور اہل زمین کے دلوں میں اس بات کا القاء
ہوتا ہے کہ اس کے ساتھ بری طرح پیش آئیں پس اس کی
اللہ تعالیٰ کی لڑائی کے یہی معنی ہیں،

اور از انجملہ یہ ہے کہ اس شخص کی دعا قبول کی جاتی ہے
اور جس سے وہ پناہ مانگتا ہے اس سے اس کو پناہ دیجاتی
ہے جیسا کہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے نقل کرتے ہوئے فرمایا
"اگر میرا بندہ مجھ سے مانگتا ہے تو میں اس کو ضرور دیتا ہوں اور
اگر پناہ مانگتا ہے تو میں اس کو ضرور پناہ دیتا ہوں"
میں کہتا ہوں، اس کی وجہ جس شخص کا حظیرۃ القدس میں
داخل ہو جانا ہے جہاں سے حوادث کا حکم دیا جاتا ہے پس اس
شخص کی دعا اور پناہ کی درخواست حظیرۃ القدس کیطرف
چڑھتی ہے، اور قضاء الٰہی کے نازل ہونیکا سبب ہوتی ہے، صحابہ کے
آثار میں استجابت دعا کے باب میں بہت کچھ منقول ہے از انجملہ
یہ ہے کہ ایک دفعہ حضرت سعدؓ نے ابو سعدہ پر یہ بددعا کی کہ اے اللہ تو
اگر تیرا یہ بندہ جھوٹا ہو ریا اور سمعہ کیلئے کھڑا ہوا ہے تو اسکی عمر دراز
کر دے اسکی غربت کو زیادہ کر اور اس پر فتنے ڈال دے، پس جیسا انہوں
نے فرمایا تھا ویسا ہی ہوا، اور ایک دفعہ حضرت سعید نے اروی بنت اویس
پر یہ بددعا کی کہ اے اللہ تعالیٰ اگر یہ جھوٹی ہو تو اسکی آنکھیں اندھی
کر دے اور اسی کی زمین میں اس کو موت دے، پس جیسا انہوں نے
کہا تھا ویسا ہی ہوا، اور از انجملہ فنا ہے نفس سے فانی ہونا اور حق کیساتھ
باقی رہنا ہے اور اسی کو صوفیہ غلبہ وجود حق بر وجود عبد کہتے ہیں
نبی صلے اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں

تبارك و تعالى وما يزال عبدى يتقرب الى بالنوافل حتى احبه فاذا احببته كنت سمعه الذى يسمع به وبصره الذى يبصر به ويده التى يبطش بها ؛

اقول اذا غشى نور الله نفس هذا العبد من جهة قوته العملية المنبثة فى بدنه وخلت شعبة من هذا النور فى جميع قواه فحينئذ هنالك بركات لم تكن تعهد فى مجرى العادة تعد ذلك ينسب الفعل الى الحق بمعنى من معانى النسبة كما قال تعالى فلم تقتلوهم ولكن الله قتلهم وما رميت اذ رميت ولكن الله رمى، ومنها تنبيه الله تعالى اياه بالمؤاخذة على ترك بعض الاداب ويقبول الرجوع منه الى الادب كما وقع للصديق حين غاضب ضيافة فحمله ان ذلك من الشيطان فواجع الامر المعروف فبورك فى طعامه، ومن مقامات القلب مقامان يختصان بالتفوس المتشبهة بالانبياء عليهم الصلوات والتسليمات ينعكسان عليها كما ينعكس ضوء القمر على مرآة موضوعة بازاء كوة مفتوحة، ثم ينعكس ضوؤها على الجدران والارض وهما مرتبة الصديقية فى المعدنية لان ذينك تستقران فى القوة العقلية من نفوسهم وهذا الى القوة الحسية المنبجسة من القلب، وهما مقاما الشهيد والحوارى والفرق بينهما ان الشهيد تقبل نفسه غضبا وشدة

"میرا بندہ نوافل کے ذریعہ میرا تقرب حاصل کرتا جاتا ہے یہانتک کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں پس جب میں اس سے محبت کرتا ہوں تو میں اس کی وہ شنوائی ہو جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اسکی وہ بینائی ہو جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور وہ ہاتھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے"

میں کہتا ہوں جب بندہ کو یہ سبب اس کی قوت عملیہ کے جو اس کے بدن میں ہے نور الٰہی ڈھانک لیتا ہے تو اس نور کا ایک شعبہ اس تمام قوی میں داخل ہو جاتا ہے پھر ان قوی میں ایسی برکات پیدا ہو جاتی ہیں جو عادۃً نہیں ہوتیں ایسے وقت میں وہ فعل ایک خاص نسبت کے ساتھ خدا تعالیٰ کی طرف منسوب ہوتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "پس تم نے ان کو قتل نہیں کیا لیکن خدا تعالیٰ نے ان کو قتل کیا اور تو نے جب پھینکا تو وہ تو نے نہیں پھینکا لیکن اللہ تعالیٰ نے پھینکا" اور ازانجملہ یہ بات ہے کہ بعض آداب کے ترک پر مواخذہ کر کے اور ادب کی طرف توجہ کے رجوع کو قبول فرما کر اس کو متنبہ کر دیتا ہے جیسا کہ حضرت ابوبکر صدیق کو پیش آیا جبکہ انہوں نے اپنے مہمانوں کو ناخوش کر دیا پھر ان کو معلوم ہوا کہ یہ فعل شیطان کی طرف سے ہے تب انہوں نے امر معروف کی طرف رجوع کیا پس ان کے کھانے میں برکت دی گئی

اور منجملہ مقامات قلب کے دو مقام اور ہیں یہ مقام ان نفوس کے ساتھ خاص ہوتے ہیں جو انبیاء علیہم السلام کے ساتھ شابہ ہوتے ہیں ان دونوں مقامات کا عکس ان نفوس پر اس طرح پڑتا ہے جس طرح آفتاب کا عکس کسی آئینہ پر پڑتا ہے جو ایک کھلے ہوئے [illegible] اور [illegible] آئینہ کا عکس دیوار [illegible] اور محدثیت کے [illegible] کہ صدیقیت اور محدثیت کا محل ان کے نفوس کی قوت عقلیہ ہوتی ہے اور ان کا محل قوت حسیہ ہوتی ہے جو قلب سے ہوتی ہے اور [illegible] مقام [illegible] فرق [illegible] اور

على الكفار ونصرة الذين من موطن من
مواطن الملكوت هيأ الحق فيه ارادة
الانتقام من العصاة ينزل من هنالك
على الرسول ليكون الرسول جارحة من
جوارح الحق في ذلك فتقبل نفوسهم من
هذا كما ذكرنا في الحديثية . وحواري
من خلصت محبته للرسول وطالت
صحبته معه او اتصلت قرابته به فاوجب
ذلك انحكاس نصرة دين الله من قلب
النبي على قلبه . قال الله تعالى يا ايها
الذين امنوا كونوا انصار الله كما قال
عيسى بن مريم للحواريين من انصاري
الى الله قال الحواريون نحن انصار الله
فامنت طائفة الآية وقد نظر النبي
صلى الله عليه وسلم بعين بصيرته الى حواري
والشهيد والحواري اثنا عشر ، منهم
الاربعين ، ومنهم الرفيق ، ومنهم النجيب . والنجيب
وقد نوه النبي صلى الله وسلم في حق
الصحابة بشيء كثير من هذه المعاني . عن
علي رضي الله عنه قال رسول الله صلى الله
عليه وسلم ان لكل نبي سبعة نجباء وزراء
اعطيت انا اربعة عشر رجلا من هم قال
انا وابناي ، وجعفر ، وحمزة ، وابوبكر وعمر
ومصعب بن عمير وبلال ، وسلمان
عمار وعبد الله بن مسعود ، وابوذر
المقداد ، وذو الدين يكون الرسول عليكم
شهيدا وكونوا شهداء على الناس وقال صلى
الله عليه وسلم انت اخذنا منها عليك نبي او
صديق او شهيد

وہی کی مدد کو ملائکہ کے مقامات میں سے کسی مقام سے قبول
کر لیتا ہے جس میں حق تعالیٰ نے ماؤں کو سے انتقام لینے
کا ارادہ پیدا کیا ہے اور وہ مقام ایسا ہے کہ رسول پر اس ارادہ کا
نزول ہوتا ہے تاکہ وہ رسول اس انتقام میں خدا تعالیٰ کی
اسباب میں سے ایک سبب ہو پس ان لوگوں کے نفوس ایسے
مقام سے اس ارادہ کو قبول کر لیتے ہیں جیسا کہ حدیثیہ میں ہم
نے ذکر کیا ہے، اور حواری وہ شخص ہے جس کو رسول سے
خاص محبت ہو اور بہت دراز تک رسول کی صحبت میں
رہا ہو یا رسول کے ساتھ اس کی قرابت قریبہ ہو پس خدا تعالیٰ
کے دل سے اس کے دل پر نصرت دین کا انعکاس کرتا ہے، اللہ
تعالیٰ فرماتا ہے اے ایمان والو خدا کے مددگار ہو جاؤ جس طرح
عیسیٰ بن مریم نے حواریوں سے کہا اللہ تعالیٰ کی طرف میرے
مددگار کون ہیں، حواری بولے ہم خدا کے مددگار ہیں پس
ایک گروہ ایمان لایا الآیہ، اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے
حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے حواری ہونے کی بشارت دی
ہے اور شہید اور حواری کی چند قسمیں اور شعبے ہیں ایک ان میں
سے امین ہے اور ایک رفیق ہے اور ایک نجیب ہے اور ایک
نقیب ہے، اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کے فضائل میں
ان امور میں سے بہت کچھ ذکر فرمایا ہے حضرت علی رضی اللہ
عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ
ہر نبی کے لیے سات نجیب وزیر ہوئے ہیں اور مجھ کو چودہ
دیے گئے ہیں ہم نے عرض کیا وہ کون ہیں تو حضرت علی نے
فرمایا میں اور میرے دو بیٹے، اور حضرت حمزہ اور ابوبکر اور
عمر اور مصعب بن عمیر اور بلال اور سلمان اور عمار اور عبد اللہ
بن مسعود اور ابوذر اور مقداد اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تاکہ
رسول تم لوگوں پر گواہ ہو اور تم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
اے عمر تجھ کو خدا نہ چھوڑے کیونکہ تیرے اوپر ایک نبی یا صدیق یا شہید
اللہ ہے انت اخذنا منها عليك نبي او
صديق او شهيد ۞

ومن احوال القلب السُّكر، وهو ان يغلب نور الايمان فى العقل، ثم فى القلب حتى تفوته مصالح الدنيا وحتى يحب ما لا يحبه الانسان فى مجرى طبيعته فيكون شبيها بالسكران المتغير عن سنن عقله وعادته كما قال ابو الدرداء احب الموت اشتياقا لربى واحب المرض مكفر الخطيئتى واحب الفقر تواضعا لربى، وكما يؤثر عن ابى ذر من كراهته للسمان بطبعه وشأنه الغنى والثروة مثل كراهية الامور المستقذرة، وليس فى مجرى العادة البشرية حب هذا القبيل وكراهية ذلك القبيل، ولكنها غلب عليهما اليقين حتى خرجا من مجرى العادة

ومن احوال القلب الغلبة، والغلبة غلبتان، غلبة داعية منبعثة من قلب المؤمن حين خالطه نور الايمان نطرق طفحة متولدة من ذلك النور ومن جبلة القلب فصارت داعية وخاطرا لا يستطيع الامساك عن موجبها وافقت مقصود الشرع اولا، وذلك لان الشرع يحيط بمقاصد كثيرة لا يحيط بها قلب هذا المؤمن فربما ينقاد قلبه لرحمة مثلا وقد نهى الشرع عنها فى بعض المواضع، قال تعالى ولا تأخذكم بهما رأفة فى دين الله وربما ينقاد قلبه للبغض وقد قصد الشرع اللطف مثل اهل الذمة، ومثال هذه الغلبة ما جاء فى حديث عن ابى لبابة بن المنذر حين استشار قريظة ما استنزلهم النبى صلى الله عليه وسلم على حكم سعد بن معاذ فاشار بيده الى حلقه انه الذبح، ثم ندم على ذلك وعلم انه قد خان الله و

اور من جملہ احوال قلب کے ایک سُکر ہے اور وہ یہ ہے کہ نور ایمان عقل پر پھر قلب میں نازل ہو جائے حتی کہ وہ کاروبار دنیا سے جاتا رہے، اور ان چیزوں کو پسند کرنے لگے جنکو انسان بمجرائے طبیعت کے اعتبار سے ناپسند کرتا ہے۔ پس وہ شخص اس شخص کے مشابہ ہوتا ہے جو نشہ کی حالت میں عقل وعادت کے طریقوں سے بدلا ہوا ہوتا ہے۔ جیسا کہ حضرت ابو الدرداء نے کہا تھا کہ میں موت کو خدا تعالیٰ کے شوق ملاقات کی وجہ سے محبوب رکھتا ہوں اور مرض کو اسلئے محبوب رکھتا ہوں کہ میرے گناہوں کا کفارہ ہو جاوے اور مفلسی کو اسلئے پسند کرتا ہوں کہ اس سے خدا تعالیٰ کے ساتھ انکسار پیدا ہو۔ اور حضرت ابوذر کی نسبت مروی ہے کہ وہ اپنی طبیعت سے مال ودولت اور دولتمندوں کو ایسا ناپسند کرتے تھے جیسا کہ لوگ بدبودار چیزوں سے نفرت کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ باتیں بشر کی طبیعت میں نہ تھیں کہ ایسی چیزوں کو ناپسند کرے اور ان چیزوں سے نفرت کرے لیکن ان دونوں اصحاب پر یقین صدرجہ کا غالب تھا جس نے انکو خدا کے ساتھ باہر کر دیا تھا۔

اور منجملہ احوال قلب کے ایک غلبہ ہے، اور اس کی دو قسمیں ہیں ایک غلبہ داعیہ ہے جو قلب مومن میں اس وقت پیدا ہوتا ہے جب اس میں نور ایمان مخلوط ہوتا ہے اور اس سے وہ جھلک ہے اخلاق میں جو اس نور اور حسنت قلبی کے ملنے سے پیدا ہوتے ہیں پس وہ ایک ایسا داعیہ رتصد ہو جاتے ہیں جنکے مقتضی سے انسان رک نہیں سکتا حالانکہ یہ مقصود شرع کے موافق ہوتا ہے اور اس کیوجہ یہ ہے کہ شرع بہت سے ایسے مقاصد کو محیط ہے جنکو قلب مومن محیط نہیں۔ پس کبھی مومن کا قلب کسی رحم پر مجبور ہوتا ہے حالانکہ بعض مواضع میں شرع سے حکم ممنوع ہوتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، تم کو نہ پکڑے ان دونوں کے ساتھ خدا تعالیٰ کے دین میں کچھ مہربانی اور یہ اس وقت، جبکہ کامل طور پر مجبور ہوتا ہے، حالانکہ شرع کو وہاں پہنچنا مقصود ہوتا ہے جیسا کہ کفار اہل ذمہ پر رحم کرنا اس قبیل مثال سے ہے جو حدیث میں ہے کہ سعد بن معاذ کے حکم سے ہی بنو قریظہ کو قتل کیا جانا تھا جب سعد بن معاذ نے بنو قریظہ کو اپنا حلیف پایا تو ابو لبابہ نے جو بنو

رسوله فانطلق على وجهه حتى ارتبا نفسه
في المسجد على عمد من عمده، وقال لا ابرح مكاني
هذا حتى يتوب الله تعالى مما صنعت، وعن عمر
غلبت عليه حمية الاسلام حين اعترض على
رسول الله صلى الله عليه وسلم لما ان اراد
ان يصالح المشركين عام الحديبية فوثب حتى
اتى ابا بكر رضي الله تعالى عنه، فقال له يا ابا بكر رسول
الله صلى الله عليه وسلم، قال بلى قال السنا
بالمسلمين، قال بلى، قال اليسوا بالمشركين، قال
بلى، قال فعلام نعطي الدنية في ديننا، فقال ابو بكر
[illegible] الله ورسوله
[illegible] حتى اتى رسول الله صلى الله
عليه وسلم، وقال له مثل ما قال لابي بكر، وجاب
النبي صلى الله عليه وسلم كما اجاب ابو بكر رضي
الله عنه حتى قال انا عبد الله ورسوله لن
اخالف امره ولن يضيعني، قال وكان عمر
يقول فما زلت اصوم واتصدق واعتق واصلي
من الذي صنعت يومئذ مخافة كلامي الذي
تكلمت به حتى رجوت ان يكون خيرا، وعن
ابي طيبة الجراح حين حجم النبي صلى الله عليه
وسلم فشاربه ودمه وذلك محظور في الشريعة
ولكنه فعله في حال الغلبة فعلم النبي صلى
الله عليه وسلم وقال له قد احتظرت بحظار
من النار وغلبة خوفي اجل من هذا واتم
وهي غلبة داعية الهيبة تنزل على قلبه فلا
يستطيع الامساك عن موجبها، وحقيقة هذه
الغلبة فيضان عجائبي من بعض المعادن
القدسية على قوته الحسية دون القوة العقلية
تنضبط في اذان النفس متشبثة بفنون الادب

کو علوم پر اشارہ کیا جس سے دفع ہونے کی طرف اشارہ ہے پھر وہ اس
بات سے نادم ہوئے، اور انکو یقین ہو گیا کہ میں نے خدا تعالیٰ اور اسکے
رسول کی خیانت کی ہے پھر وہ اسی حال میں پڑے رہے حتی کہ انہوں نے اپنے کو
مسجد نبوی کے ایک ستون سے باندھ دیا۔ اور یہ کہا کہ میں اپنی اس جگہ سے
اس وقت تک نہ ہٹونگا جبتک خدا تعالیٰ اس گناہ کے بارے میں میری
توبہ قبول نہ کریگا اور حضرت عمرؓ سے مروی ہے کہ ان پر حمیت اسلام کی
غالب ہوئی کہ جبکہ نبی صلعم نے حدیبیہ کے سال مشرکین سے مصالحت کرنی چاہی
تو اسوقت نبی صلعم پر اعتراض کرنے اور بگڑ پڑے، یہاں تک کہ حضرت ابوبکر
صدیق کے پاس تشریف لاکر کہنے لگے کہ یا صلعم خدا کے رسول ہیں
انہوں نے فرمایا ہاں ہیں، پھر حضرت عمرؓ نے کہا کیا ہم مسلمان نہیں ہیں
نے فرمایا ہاں ہیں، پھر رسول نے کیا وہ مشرک نہیں ہیں
ہاں ہیں۔ انہوں نے کہا پس کس واسطے ہم اپنے دین میں ذلت قبول
کریں، تب ابوبکر نے فرمایا، اے عمر! رسول اللہ صلعم کی نافرمانی کی
پنے اوپر لازم پکڑیں گواہی دیتا ہوں کہ وہ اللہ کے رسول ہیں
حضرت عمرؓ برابر یہ حالت غالب ہی، یہاں تک کہ رسول اللہ کی خدمت میں
حاضر ہو کر وہی عرض کیا جو حضرت ابوبکر صدیقؓ سے عرض کیا تھا اور
صلعم نے حضرت عمرؓ کو وہی جواب دیا جو حضرت ابوبکرؓ نے دیا تھا
یہاں تک کہ نبی صلعم کو یہ کہنا پڑا کہ میں اللہ تعالیٰ کا بندہ اور اس کا رسول
ہوں میں اسکے حکم کی کبھی مخالفت نہیں کرونگا، اور وہ مجھ کو ہرگز ضائع
نہیں کریگا، راوی کہتا ہے کہ حضرت عمرؓ فرمایا کرتے تھے کہ میں اس روز کے
کلام اور جو شک سے ذکر بہتیرا اس کے کفارہ میں روزے رکھتا رہا صدقہ
دیتا رہا، آزاد کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا اس کی امید ہوئی، اور ابو طیبہ
حجام کے حق میں ہے کہ جب ہون نے نبی صلعم کے پچھنے لگائے تو یہ خون
انہوں نے پی لیا حالانکہ شرعاً خون کا پینا ممنوع ہے لیکن یہ
غلبہ کی حالت میں ہوا۔ اور نبی صلعم نے انکا مقدمہ نہیں فرمایا، اور یہ
فرمایا تو نے آگ سے بہت بچاؤ اور روک کر لیا، اور ایک مقدار ہے
جو اس غلبہ سے زیادہ سبیل المقدار اور زیادہ کامل ہے، اور وہ جو
ن کا غلبہ ہر جزو من کے قلب پر طاری ہوتی ہے پس اسکے مقتضی
چیز کو روکنا ممکن نہیں ہے، اور اس غلبہ کی حقیقت بعض

علیہم الصلوٰۃ والسلام اذا استعدت لفیضان علم الٰہی، ان سبقت القوۃ العقلیۃ منہا علی القوۃ العملیۃ کان ذلک العلم المفاض فراسۃ والہاما، وان سبقت القوۃ العملیۃ منہا علی القوۃ العقلیۃ کان ذلک العلم المفاض عزما واقبالا او نفرۃ وانجذابا، مثال ما روی فی قصۃ بدر من ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لجّ فی الدعاء حتی قال لہ ابوبکرؓ حسبک فقد الححت علی ربک وہو یثب فی الدرع وہو یقول سیہزم الجمع ویولون الدبر، فمن ان الصدیق القی فی قلبہ داعیۃ الٰہیۃ تزہدہ فی الالحاح وترغبہ فی لکف عنہ فعرف النبی صلی اللہ علیہ وسلم بفراستہ انہا داعیۃ حق فخرج مستبشرا بنصرۃ اللہ تعالیٰ الخ الآیۃ، ومثالہ ایضا ما روی فی قصۃ موت عبد اللہ بن ابی حین اراد النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان یصلی علیہ بجبار من الارض فتحرک حتی قمت فی صدرہ وقلت یا رسول اللہ اتصلی علی ہذا وقد قال یوم کذا وکذا کذا وکذا یعدد ایامہ حتی قال تأخر عنی یا عمر انی خیرت فاخترت لو اعلم انی ان زدت علی السبعین یغفر لہ لزدت، ثم نزلت ہذہ الآیۃ ولا تصل علی احد منہم مات ابدا الآیۃ، فعجبت من جرأتی علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعلم، وقد بین عمر الفرق بین الخلتین احسن بیان، فقال فی الخلۃ الاولی فما زالت اصوم واتصدق واعتق الخ، وقال فی الثانیۃ فعجبت لی ولجرأتی، فانظر الفرق بین ہاتین الکلمتین، وبعضہا ایتار لطاعۃ اللہ تعالیٰ علی ما سواہا وطرد ما یعرفہا والنفرۃ عما یشغل عنہا کما فعل ابو طلحۃ الانصاری رضی اللہ عنہ

سے اسکی قوت عملیہ پر علم الٰہی کا فیضان ہوتا ہے۔ نہ قوت عقلیہ پر، اس کی تفصیل یہ ہے کہ جو نفس انبیاء علیہم السلام کے نفوس سے مشابہت رکھتا ہے جب اسمیں علم الٰہی کے فیضان کی استعداد ہوتی ہے تو اگر اس کی قوت عقلیہ کو قوت عملیہ پر سبقت ہوتی ہے تو وہ علم جو اسپر فائض ہوتا ہے فراست اور الہام ہوتا ہے۔ اور اگر اسکی قوت عملیہ کو قوت عقلیہ پر سبقت ہوتی ہے تو وہ علم جو اس پر فائض ہوتا ہے تو وہ علم ارادہ واقبال یا نفرت ہوتا ہے۔ اسکی مثال وہ ہے جو بدر کے قصہ میں مروی ہے کہ نبی صلعم نے دعا میں نہایت مبالغہ کیا یہانتک کہ یہ کہا اے اللہ میں تجھ کو تیرا عہد اور وعدہ یاد دلاتا ہوں الٰہی! اگر تو چاہے تو تیری عبادت نہ کیجائے تب ابوبکرؓ نے آپکا ہاتھ تھام کر یہ کہا کہ بس کیجئے یا رسول اللہ آپ رسول اللہ صلعم آیت پڑھتے ہوئے خیمہ سے باہر نکلے عنقریب کفار کی جماعت کو شکست دیدی جائیگی، وہ پیٹھ پھیر دینگے۔ اس کے معنی یہ ہیں۔ کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دل میں خدا کی طرف سے خواہش پیدا ہوئی کہ نبی صلعم کو الحاح سے روکیں اور اس سے باز رہنے کی رغبت دلائیں۔ اور نبی صلعم نے بھی اپنی فراست سے اس بات کو معلوم کرلیا کہ یہ خواہش خدا کی ہے۔ تب خدا تعالیٰ کی مدد سے فتح کے طالب ہوکر آپ گھر سے باہر نکلے۔ اور اسکی مثال وہ بھی ہے جو عبداللہ بن ابی کی موت کے بارے میں مروی ہے کہ جب نبی صلعم نے اس کے جنازہ کی نماز پڑھنے کا ارادہ کیا۔ تو حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ میں لوٹ کر نبی صلعم کے سامنے آکر کھڑا ہوگیا۔ اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلعم آپ اسکی نماز پڑھتے ہیں حالانکہ اسنے اسدن ایسا کہا تھا اور اسدن ایسا کہا تھا حتی کہ میں نے اسکے دنوں کو گنایا۔ آپ نے فرمایا اے عمر! میرے پاس سے ہٹ جاؤ مجھے اختیار دیا گیا ہے پس میں نے اس بات کو اختیار کیا اور اگر میں جانتا کہ اگر میں ستر سے زیادہ مرتبہ استغفار کرونگا تو اسکی مغفرت ہوجائیگی تو میں ستر سے زیادہ مرتبہ استغفار کرتا۔ پھر آپ پر یہ آیت نازل ہوئی انمیں سے کوئی مرجائے تو کبھی اسکی نماز پڑھو۔ حضرت عمرؓ کہتے ہیں مجھ کو اپنے اوپر اور نبی صلعم پر تعجب ہوا اپنی جرأت کرنے سے تعجب تھا، حالانکہ میں اللہ سے زیادہ واقف تھا، اور حضرت عمرؓ نے ان دونوں غلبوں کے درمیان فرق کو خوب اچھی طرح سے بیان کردیا ہے۔ پس غلبۂ اولی میں فرماتے ہیں میں روزے رکھتا رہا، صدقہ دیتا رہا اور آزاد کرتا رہا اور غلبۂ ثانیہ میں فرمایا کہ مجھے اپنے حال اور اپنی جرأت پر تعجب ہوا۔ پس ان دونوں کلمات میں جو فرق ہے اسکو دیکھنا چاہیئے۔ پس ان میں حمد خدا تعالیٰ کی طاعت

۱؎ ماسوا پر اختیار کرنا اور اسکے مواقع کا دور کرنا، اور ہر چیز میں اسکی طاعت الٰہی سے روکتی ہیں اللہ سے بیزار ہونا۔ منہ

فی حائطه فطرد نفسی و هفق یتردد و لا
یجد مخرجا من کثرة الاغصان و التفافها
فاعجبه ذلك فصار ذلك کفارة لما کان تصدق
بحائطه ؛

ومنها حلیة الخوف حتی یظهر لها زفیر و نعاد
لغرائص، وکان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا صلی
بالليل ازیز کازیز المرجل وقال صلی اللہ علیہ
وسلم فی سبعة یظلهم اللہ تعالی فی ظله یوم
لا ظل الا ظله، ورجل ذکر اللہ تعالی خالیا ففاضت
عیناه، وقال لا یلج النار رجل بکی من خشیة
اللہ حتی یعود اللبن فی الضرع، وکان ابوبکر
رجلا بکاء لا یملك دمعه جید القرآن
وقال جبیر بن مطعم سمعت النبی صلی اللہ
علیه وسلم یقرء الطور حتی بلغ ام هم
الخالقون، فکأنما صدعت قلبی ؛

واما المقامات الحاصلة للنفس من بعد
تسلط نور الایمان علی القلب و تنوره
به فی جمیع [illegible]
فاولها ان ینزل نور الایمان من العقل
المستنور بالعقائد الحقة الی القلب فیرد
یجلی القلب فیتولد بینهما ازجر ینهر النفس
یزجرها عن الخائنات [illegible]
ینهر النفس و یرد علیها و یخذ تبلا بینهما فحر
یتولد بینهما العزم علی ترك المعاصی فی
المستقبل من الزمان فیقهر النفس فیحدث
محاسبة یاوامر الشرع و نواهیه
قال اللہ تبارك و تعالی
و اما من خاف مقام ربه و نهی
النفس عن الهوی فان الجنة هی المأوی

یہ [illegible] رہے تھے کہ اچانک ایک جنگلی کبوتر نر اور مادہ میں اڑ
دوسرے اڑنا شروع کیا اور درختوں کی ٹہنیاں رہنے گمان ہوتی
رہنے کو ہر جانیکا راستہ نہیں ملتا تھا بہت انکو بہت قلق معلوم
ہوں اور اس خیال میں انکو رکعتوں کی تعداد یاد نہیں رہی تو انہوں نے
اس باغ کو صدقہ کر دیا،

اور ازانجملہ غلبۂ خوف ہے جس کے سبب سے آدمی کو رونا آئے اور
اسکا بدن کانپنے لگے، اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب رات میں نماز
پڑھتے تھے تو آپ کے سینہ سے بہ سبب گریہ کے ہانڈی کے جوش کی
طرح آواز محسوس ہوتی تھی، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سات
اشخاص کے بارے میں فرمایا جن کو خدا تعالیٰ اس روز اپنے سایہ
میں رکھے گا جس روز اس کے سایہ کے سوا کوئی اور سایہ نہ ہوگا اور
وہ شخص جس نے اللہ تعالیٰ کو تنہائی میں یاد کیا اور اس کی آنکھیں
بھر آئیں، اور آپ نے فرمایا "جو شخص خوف الٰہی سے رویا ہے وہ
آگ میں نہیں جائیگا جبتک کہ دودھ پستان میں لوٹ کر نہ آئے
اور حضرت ابوبکر صدیقؓ بہت رونے والے شخص تھے قرآن شریف
پڑھتے تھے تو انکی آنکھیں اپنے اختیار میں نہیں رہتی تھیں، جبیر بن مطعم
کہتے ہیں کہ میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ آیت پڑھتے سنا
ام خلقوا من غیر شیء ام هم الخالقون، اس کے سنتے
ہی میرا دل دہل گیا،

اور وہ مقامات جو نفس کو قوت ایمان کے اوپر غالب ہونے اور
اس کی صفات حسیہ کو صفات فاضلہ کے بدلنے کے اعتبار سے
حاصل ہوتے ہیں ان میں سے پہلا مقام یہ ہے کہ ایمان کا
نور جو عقائد حقہ منورہ سے حاصل ہو کر قلب پر آئے اور
حسن نبی کے ساتھ اتصال پیدا کرے جب ان سے ایک
زاجر پیدا ہو جو نفس کو سوء کے برا کام کی خواہشات سے روکے
پھر ان سے ایک ملامت پیدا ہو جو نفس کو مقہور کرے اور اس کو
اپنے قابو میں کرے اور اس کی باگیں پکڑے تاکہ ان کو زمانہ آئندہ
میں گناہ ترک کرنے کا عزم پیدا ہو اور وہ نفس مرتب ہو کر شروع
کرے اوامر و نواہی کی سزا اس کو مطمئن کرے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، اور لیکن

اقول اما قول من خاف فبيان لاستنارة العقل بنور الايمان و نزول النور منه الى القلب وذلك لان الخوف له مبتدأ ومنتهى، فمبتدأه معرفة الخوف منه وسلطونه، وهذا محله العقل ومنتهاه فزع وقلق ودهش، وهذا محله القلب، واما قوله وهي النفس فبيان نزول النور المحاط لوكاسة القلب الى النفس وقهرها اياها وزجره لها ثم انقهارها وانجذابها تحت حكمه، ثم ينزل من العقل نور الايمان مرة اخرى ويزدوج بجبلة القلب فيتولد بينهما الالتجا الى الله، ويقضي ذلك الى الاستغفار والانابة، والاستغفار يفضي الى الصقالة، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان المؤمن اذا اذنب كانت نكتة سوداء في قلبه فان تاب و استغفر صقل قلبه فان زاد زادت حتى يعلو قلبه ذلك الران الذي ذكر الله تعالى كلا بل ران على قلوبهم ما كانوا يكسبون ؛

اقول اما النكتة السوداء فظهور ظلمة من الظلمات البهيمية واستنارة نور من الانوار الملكية، و اما الصقالة فضوء يقع على النفس من نور الايمان، واما الران فحجاب من الصفات البهيمية وكسوف الصفات الملكية زمانا، ثم يتكرر نزول نور الايمان ودفعه الهجس للنفساني فكلما هجس خاطر المعصية من النفس نزل نور الله نور قذف الباطل ومحاه، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ضرب الله مثلا صراطا مستقيما وعن جنبتي

جس شخص نے اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے کا خوف کیا اور نفس کو خواہش سے روکا پس بلاشبہ اس کا ٹھکانا جنت میں ہوگیا

میں کہتا ہوں اللہ تعالیٰ کا یہ قول "من خاف" عقل کے نور ایمان کے ساتھ منور ہونے کا اور اس کی وجہ یہ ہے کہ خوف کے لئے ایک ابتدا ہے اور ایک انتہا ہے پس اس کی ابتدا خدا تعالیٰ کا خوف اور اس کے غلبہ کا معلوم کرنا ہے اور اس کا محل عقل ہے اور اس کی انتہا پریشانی اور اضطراب اور دہشت ہے اور اس کا محل قلب ہے اور اللہ تعالیٰ کا قول "ونهى النفس" اس بات کا بیان ہے کہ یہ نور جو قوت قلب سے مخلوط ہے نفس کی طرف نازل ہوتا ہے اور اس پر غالب ہوتا ہے اور اس کو روکتا ہے پھر نفس اس کا فرمانبردار اور مطیع ہو جاتا ہے پھر عقل سے نور ایمان دوسری مرتبہ قلب کی طرف نازل ہوتا ہے اور جبلت قلب کے ساتھ اتصال پیدا کرتا ہے پھر ان دونوں سے خدا تعالیٰ کی طرف التجا پیدا ہوتی ہے اور وہ استغفار اور توجہ کا سبب بنتی ہے اور استغفار سے دل کے زنگ کی صفائی ہوتی ہے، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن جب گناہ کرتا ہے تو اس کے دل پر سیاہ نقطہ ہو جاتا ہے پس اگر وہ توبہ اور استغفار کرتا ہے تو اس کا دل صاف ہو جاتا ہے اور اگر وہ گناہ کرتا ہے تو [illegible] ہو جاتی ہے یہاں تک کہ تمام دل پر غالب آجاتی ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں ذکر فرمایا ہے کلا بل ران علی قلوبهم ما كانوا يكسبون ؛

[illegible]

الصراط سوى ان لهما ابواب مفتحة و على
الابواب الستور مرخاة و على راس الصراط
داع يقول استقيموا على الصراط ولا تعوجوا
وفوق ذلك داع يدعو كلما هم عبد ان يفتح
شيئا من تلك الابواب قال ويحك لا تفتحه
فانك ان تفتحه تلج . ثم تفسيره فاخبران
الصراط هو الاسلام وان الابواب المفتحة
محارم الله والله وان الستور المرخاة حدود
الله وان الداعي على راس الصراط هو واعظ الله في
قلب كل مؤمن ؛

اقول بين النبي صلى الله عليه وسلم
ان هناك داعيين داعيا على راس الصراط
وهو القرآن، والشريعة الا بزان يدعوان العباد
الى الصراط المستقيم يفسق و الحدود واسب
فوق راس الصراط مرقبة على جهنم
كما انذر به صلى الله عليه وسلم
المتبجس من القلب المتولد من بين
شعبة القلب وانور الذي فوق عليه من
العقل المستنير بنور القرآن
وهو بها لو لا ان رأى برهان ربه
التوبة وصار ملكا راسخة
الشمس

ایک مثال بیان فرمائی کہ ایک سیدھا راستہ ہے اور اس راستہ
کے دونوں جانب اور دیواریں ہیں جن میں کھلے ہوئے دروازے
ہیں اور ان دروازوں پر پردے لٹکے ہوئے ہیں اور اس راستہ
کے سر پر ایک پکارنے والا کہہ رہا ہے کہ راستہ پر سیدھے چلو
اور دائیں بائیں مڑو اور اس پکارنے والے کے اوپر ایک اور پکارنے
والا ہے جو کہ جب کوئی بندہ ان دروازوں میں سے کسی دروازہ
کو کھولنے کا قصد کرتا ہے تو وہ پکارتا ہے کہ تجھ پر افسوس ہے
تو اس دروازہ کو مت کھول اگر تو اس کو کھولے گا تو اس میں گھس جائے گا
پس یہ راستہ تو اللہ کی کتاب ہے اور دیواریں اللہ کی حدود ہیں
اور کھلے ہوئے دروازے اللہ کی حرام کی ہوئی چیزیں ہیں اور
راستہ کے سر پر جو پکارنے والا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے واعظ ہے
جو ہر مومن کے دل میں موجود ہے ؛

میں کہتا ہوں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا کہ
دو پکارنے والے ہیں ایک پکارنے والا راستہ پر ہے اور وہ قرآن کریم ہے
اور شریعت ہے جو بندوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلا رہے ہیں اور
راستہ کے سر پر جو پکارنے والا ہے وہ واعظ اللہ ہے جو ہر مومن
کے دل میں موجود ہے ؛

[illegible]
[illegible]
[illegible]

رجلال الله لا يغيرها مغير سميت حيا
والحياء في اللغة انحجام للنفس
عما يعيبه الناس في العادة فنقل
الشرع الى ملكة راسخة في النفس
تمنع بها بين يدي الله كما يمنع
بالملح في الماء ولا يتقاعد بسببها للخواط
السائلة الى المخالفات ؛

قال صلے الله عليه وسلم الحياء
من الايمان . ثم فسر الحياء فقال
من استحيا من الله حق الحياء فليحفظ
الرأس وما وعى وليحفظ البطن وما
حوى وليذكر الموت والبلى ومن
اراد الاخرة ترك زينة الدنيا فمن
فعل ذلك فقد استحيا من الله حق
الحياء ؛

اقول قد يقال في العرف للانسان المحترس
عن بعض الافعال لضعف في جبلته او
خوف وقد يقال للرجل صاحب المروءة
يرتكب ما يفتضح لاجله وكلا
له حياء . وليسا من
الحياء في شيء . والحياء الذي
النبي صلے الله عليه وسلم
اراد بتعبيره
السبب الذي يجتنبه
الذي يلازمه في العادة
لمحفظ الراس الخ يجب
لمنجسة من ملكة الحياء
عن ترك المخالفات

کہ وہ ایسا انفعال پیدا ہوتا ہے جس کو کوئی تبدیل کرنیوالی
چیز بدل نہیں سکتی اور اس کا نام حیا ہے اور لغت میں عیب کے
معنی نفس کا ان چیزوں سے باز رہنا ہے جن کو لوگ عادۃً معیب
سمجھتے ہیں پھر شریعت نے لغت سے نقل کر کے حیا، اس ملکہ
کا نام رکھا ہے جو نفس کے اندر راسخ ہوتا ہے جس کی وجہ سے
انسان خدا تعالے کے سامنے اس طرح گھلتا ہے جس طرح نمک
پانی میں گھلتا ہے اور اس کی وجہ سے انسان ان خواطر کا پابند
نہیں ہوتا جو مخالف شرع چیزوں کی طرف مائل ہیں، نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا "حیا، ایمان ہے" پھر حیا، کی تفسیر کی اور
فرمایا جو شخص اللہ تعالے سے کامل حیا، کرتا ہے تو اس کو لازم
ہے کہ سر کو اور جو چیزیں سر کے اندر ہیں، ان کی حفاظت
کرے اور پیٹ کی، اور ان چیزوں کی جو اس کے اندر ہیں حفاظت کرے اور موت
اور جو ہونی کو یاد کرے اور جو آخرت کا ارادہ کرے وہ زینت دنیا کو ترک کر دے
پس جس نے ایسا کیا اس نے خدا تعالے سے حق حیا، کی ؛

میں کہتا ہوں عرف میں کبھی اس شخص کو جو اپنی ضعف
کی وجہ سے بعض افعال سے باز رہتا ہے حیادار کہدیتے ہیں
اور کبھی اس آدمی کو جو ایسی باتوں سے بچتا ہے جن سے
اس کا رب مناسب نہیں سمجھتا اور کبھی اس شخص کو جو اپنی
مروت کی وجہ سے ایسا کام کرتا ہے جس کی وجہ سے
وہ رسوا ہوتا ہے حالانکہ یہ سب حیا، نہیں ہے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جس
حیا، کا ارادہ کیا ہے اور جس کی تعبیر فرمائی ہے وہ ایسا سبب ہے
جو ہمیشہ لازم رہتا ہے اور اس کا سبب ان چیزوں کا بچانا ہے
جن کا لازم رہنا عادۃً ضروری ہے مثلاً سر کی حفاظت کرنا
اور پیٹ کی حفاظت کرنا اور ان چیزوں کی حفاظت کرنا جو
منجاسۃ سے ملکہ حیا، کے حصول کے سبب کو بیان کرنا ہے
اور ترک مخالفات کا جو اس کا ارادہ کرے یا کے، اس کے سبب کو
موت کا یاد رکھنا سبب ہے اور دنیا کی زینت کا ترک کرنا اس کے سبب

وقوله من اراد الاخرة بباب بجاورة الذى هو الزهد فان الحياء لا ينفك عن الزهد، فاذا تمكن الحياء من الانسان نزل نور الايمان الصافى خالطه جبلة القلب، ثم انشرح الصدر فصدها عن الشبهات، وهذا هو الورع، قال صلى الله عليه وآله وسلم الحلال بين والحرام بين وبينهما امور مشتبهات لا يعلمها كثير من الناس فمن اتقى الشبهات استبرأ لعرضه ودينه ومن وقع فى المشتبهات وقع فى الحرام وقال دع ما يريبك الى ما لا يريبك فان الصدق طمانينة وان الكذب ريبة، وقال لا يبلغ العبد ان يكون من المتقين حتى يدع ما لا بأس به حذرا لما به بأس ؛

اقول تتعارض فى المسئلة وجهان جيدان اباحة ووجه تحريمها فى اصل ما خذ المسئلة من الشريعة كحديثين متعارضين تاسيسا متخالفين، واما فى تطبيق صورة الحادثة بما تقرر فى الشريعة من حكمى الاباحة والتحريم فلا حرج فى اى الامرين، لعدم تبين الله [illegible] فيه فاذا تحقق نور من الايمان قلب صاحبه القلب، فكشف له حقيقة الاشياء قال بما يزيل به الحجاب الا ترى ان يصدها عما هو بسبيله، وخلى النفس فكها عن طلبه، قال صلى الله عليه وسلم من حسن اسلام المرء تركه ما لا يعنيه ؛

اقول كل شغل بما سوى الله نكتة

ہوتی ہیں جب حیا انسان کے اندر جڑ پکڑ جاتی ہے تو نور ایمان بھی عقل سے قلب پر نازل ہوتا ہے اور جبلت قلب کے ساتھ خلوط ہو جاتا ہے پھر نفس کی طرف اتر کر اس کو شبہات سے روک دیتا ہے اور اسی کو ورع کہتے ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حلال بھی ظاہر ہے اور حرام بھی ظاہر ہے اور ان کے درمیان مشتبہ امور ہیں جن کو بہت سے لوگ نہیں جانتے پس جو شخص شبہات سے بچ گیا اس نے اپنی آبرو اور دین کو بچا لیا اور جو شبہات میں پڑا وہ حرام میں پڑ گیا" اور آپ نے فرمایا "شک والی چیز کو چھوڑ کر غیر شک والی چیز کو اختیار کر کیونکہ صدق اطمینان ہے اور کذب شک ہے" اور آپ نے فرمایا "بندہ متقین کے درجے کو نہیں پہنچتا جب تک کہ ان چیزوں کو جن میں کوئی مضائقہ نہیں ان چیزوں کے خوف سے جن میں مضائقہ ہے نہ چھوڑ دے"

میں کہتا ہوں کبھی ایک مسئلہ میں دو وجہ متعارض ہو جاتی ہیں ایک وجہ اباحت کی ہوتی ہے اور ایک وجہ تحریم کی، یا وہ ہے جیسے دو حدیثیں متعارض یا دو قیاس مخالف ہوتے ہیں، یا وہ تعارض حادثہ کی نسبت کے اس اباحت و تحریم کے حکم کے جو شریعت میں مقرر ہے مطابق کرنے میں ہوتا ہے پس ایسے وقت میں خدا تعالیٰ اور بندہ میں بغیر اس چیز کے ترک کرنے کے جس میں اشتباہ ہے بیں اس کے اختیار کرنے کے صفائی نہیں ہوتی، پس جب ورع پایا جاتا ہے تو نور ایمان بھی نازل ہوتا ہے جبلت قلب اس کو مخلوط ہو جاتی ہے پھر جو چیز حاجت کے ہیں اس پر منکشف ہو جاتی ہے کیونکہ وہ چیزیں اس کو مقصود اصل سے روکتی ہیں پھر نور نفس کی طرف نازل ہوتا ہے اور ایسی چیزوں کی طلب سے نفس کو باز رکھتا ہے، نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسلام کی خوبی اس میں ہے کہ بیفائدہ چیزوں کو چھوڑ دے۔ میں کہتا ہوں خدا تعالیٰ کے علاوہ ہر مشغل نفس

سوداء فی مزاۃ النفس لان مالا بد لہ منہ فی حیاتہ ذا کان بیبۃ البلاغ معفو عنہ واما سوی ذلک فوعظ اللہ فی قلب المؤمن یامر بالکف عنہ، قال صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الزھادۃ فی الدنیا لیست بتحریم الحلال ولا اضاعۃ المال ولکن الزھادۃ فی الدنیا ان لا تکون بما فی یدک اوثق منک بما فی ید اللہ، وان تکون لی ثواب المصیبۃ اذا انت اصبت بھا ارغب منک فیھا لو انھا ابقیت لک ۔

اقول قد یحصل للزاھد فی الدنیا غلبۃ تحملہ علی عقائد وافعال ما ھی محمودۃ فی الشرع فمالیس بمحمود، فبین النبی صلی اللہ علیہ وسلم من محال الزھد ما ھو محمود فی الشرع وما لیس بمحمود، فالرجل اذا انکشف علیہ قبح الاشتغال بالزاھد علی الحاجۃ فکرھہ کما یکرہ الاشیاء الحقارۃ بالطبع ربما یؤدیہ ذلک الی التعمق فیہ فیعتقد مؤاخذۃ اللہ علیہ فی صرح الشریعۃ وھذہ عقیدۃ باطلۃ لان الشرع نازل علی دستور الطبع البشریۃ، والزھد نوع انسلاخ عن الطبیعۃ البشریۃ وانما ذلک امر اللہ فی خاصۃ نفسہ تکمیلا لمقامہ ولیس بتکلیف شرعی، وربما یؤدیہ الی اضاعۃ المال والرمی بہ فی البحار والجبال، وھذہ غلبۃ لم یعتبرھا الشرع ولم یعتبرھا منصۃ لظھور احکام

آمیز پرسیدہ وعجب ہے بجز ان اشخاص کے جو زندگی میں ضروری ہیں جبکہ اس رت سے ان میں مشغول ہو کہ وہ منزل مقصود تک پہنچانے والی ہیں تو ان کے لئے سعی ہے اور ان کے علاوہ جتنی چیزیں ہیں تو اللہ تعالیٰ کا واعظ ہر مومن کے قلب میں ہوتا ہے ان سے منع کرتا ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا کا زہد حلال کو حرام کرنے میں اور مال کو ضائع کرنے میں نہیں ہے بلکہ دنیا کا زہد یہ ہے کہ جو چیز تیرے ہاتھ میں ہے اس کا تجھ کو اس چیز سے زیادہ بھروسہ نہ ہو جو خدا تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اور یہ کہ جب تجھ کو کوئی مصیبت پہنچے تو اس مصیبت کے ثواب میں اگر وہ مصیبت تیرے لئے باقی رکھی جائے تو تجھ کو زیادہ رغبت ہو۔

میں کہتا ہوں زاہد کو کبھی دنیا میں ایک ایسا غلبہ حال ہوتا ہے جس سے وہ ان عقائد وافعال پر آمادہ ہوتا ہے جو شریعت میں محمود ہیں اور ان عقائد وافعال کو ترک کرتا ہے جو محمود نہیں ہیں پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے زہد کا موقع بیان کر دیا کہ یہ شریعت میں محمود ہے اور یہ غیر محمود ہے پس جب کسی شخص پر حاجت سے زیادہ چیزوں میں مشغول ہونے کی قباحت منکشف ہو جاتی ہے اور وہ ان چیزوں کو ایسا برا سمجھتا ہے جیسے اپنے مقتضاء طبع کے اعتبار سے عمر رسیدہ لوگ بعض اشیاء کو برا سمجھتا ہے تو بسا اوقات وہ شخص ان چیزوں میں تعمق کرتا ہے یہاں تک کہ اس کو اس بات کا اعتقاد ہو جاتا ہے کہ ظاہر شرع کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ اس سے مواخذہ کرے گا حالانکہ یہ عقیدہ باطل ہے کیونکہ شرع طبائع بشری کے دستور کے موافق نازل ہوئی ہے اور زہد ایک قسم کا طبیعت بشری سے الگ ہونا ہے اور وہ خاص اسکے نفس کے لئے بہ نظر اسکے مقام کی تکمیل کے حکم الٰہی ہے اور وہ تکلیف شرعی نہیں ہے اور کبھی کبھی وہ مال کے ضائع کرنے پر آمادہ کر دیتا ہے اور وہ دریاؤں اور پہاڑوں میں اس مال کو پھینک دیتا ہے اور یہ ایسا غلبہ ہے جس کو شریعت صحیح نہیں کہتی اور نہ ہی شرع نے اس غلبہ کو احکام شرع کے ظاہر ہونے کا سبب قرار دیا ہے کیونکہ شرع نے جس کو احکام شرع کے

الرهط بل لكل واحد منهم شغل يعنيه
شيئان احدهما الزاهد الذي يحصل
بعد فراغه في طلبه اعتمادا على ما وعد
الله من الثواب في الآخرة وفي كليهما الغنى لذي
من يعلم ان ما يفوته لنفسه ولا يتأسف
عليه ايما تأسف والصابرين انفقوا
واعلم ان النفس مجبولة على اتباع
الشهوات فلا تزال على ذلك الا ان يقهرها
نور الايمان وشوقول يوسف عليه
السلام وما ابرئ نفسي ان النفس لامارة
بالسوء الا ما رحم ربي فلا يزال المؤمن
يجاهد نفسه في هذه الخصلة يستفتي
قلبه والله يكفيه حتى راقبة نفسه تقف
في الله وتذكر جبلال الله وعظمته وما
اعد للمطيعين من الثواب والمعاصين من
العقاب فانفتح من قلبه وعقله خاطر
حق بان مع خاطر الباطل فتصور كان لم
يكن شيئا مذكورا الان يقذف بين
الخاطرين والمسئلة فيه غير قديمين وقد
بين النبي صلى الله عليه وسلم مثل
بين الخاطرين فقال خاطر من الحق
خاطر الباطل وهيهات نفس لدنية اذا
كانت مصممة متادبة باداب الدين
منورة بنور الايمان ويقين عرفت ان
من ذكرت عصمة بيته بما صورت
في هذه الخصلة والجود من مثل
جنتين من حديد احداهما سابغة تقي
الاخرى ضيقة قال صلى الله عليه وسلم

ظاہر ہونے کا مقام گردانا ہے وہ دو چیزوں میں ایک اور
کو جو حاجت سے زیادہ ہے اور اس شخص کو جو
حاصل نہیں ہوئی تو وہ شخص اس کے طلب کرنے کی
کوشش نہ کرے اللہ اس کے وعدہ ثواب پر اعتماد کرکے اور
دنیا میں جو تکلیف پہنچی آخرت میں اس کا ثواب ملنا، دوسرا
یہ ہے کہ جو چیز اس کے ہاتھ سے جاتی رہے تو اپنے دل کو اس
کے پیچھے نہ لگائے اور نہ اس پر افسوس کرے بلکہ اس وعدہ
الٰہی پر یقین کرے جو صابروں اور فقیروں کے لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے
واضح ہو کہ نفس کی یہ جبلی بات ہے کہ وہ خواہشات کی پیروی
کرتا رہتا ہے یہانتک کہ نور ایمان اس میں ظاہر ہو جیسا کہ حضرت
یوسف علیہ السلام فرماتے ہیں ہیں اپنے نفس کو بری نہیں کرتا
بیشک نفس برائی کا حکم دیتا ہے مگر جس پر میرا رب رحم کرے
پس مؤمن تمام عمر نور ایمانی کا نزول طلب کرنے میں نفس سے مجاہدہ
کرتا رہتا ہے پس جب کوئی نفسانی خواہش جوش میں آتی ہے تو
اللہ کی طرف رجوع کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے جلال اور اس کی
عظمت کو اور فرمانبرداروں کے لئے ثواب اور نافرمانوں کے
لئے جو عذاب مقرر کیا ہے اس کو یاد کرتا ہے پس اس کے قلب
اور نفس سے یک بیک خیال حق پیدا ہوتا ہے جو باطل خیال کو دفع
دیتا ہے اور وہ باطل خیال گویا کبھی تھا ہی نہیں اور معدوم ہو جاتا
ہے مگر یہ کہ صاحب ہوش اس کے سرے سے غور کرنے والے ہیں
بڑا فرق ہے، نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے دونوں خاطروں
کی باہم مختلف مثال دی خیال حق کا خیال باطل پر غلبہ اور نفس کا
حق کے لئے فرمانبردار ہونا جبکہ نفس مطمئنہ ہو اور اس عقل کے
آداب سے مؤدب ہو جو نور ایمانی سے منور ہو رہی ہے
اور نفس کا حق سے بغاوت کرنا اور اس سے سرکشی
اور جبکہ نفس امارہ سرکش ہو جائے اور حدود شرع
میں نہ رہے کی دو مثالوں کی مثال دیگر کہ ان میں سے
ایک ٹھیک ٹھیک اور دوسری تنگ ہے بیان فرمایا ہے
نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بخیل اور صدقہ دینے والے

مثل البخیل والمتصدق کمثل رجلین علیہما جبتان من حدید وقد اضطرت ایدیہما الی ثدیہما وتراقیہما فجعل المتصدق کلما تصدق بصدقۃ انبسطت عنہ وحتی تعفو اثرہ والبخیل کلما ہم بصدقۃ قلصت واخذ کل حلقۃ بمکانہا۔

اقول الرجل الذی اطمأنت نفسہ وجبت، وکسبا لخاطر الحق بمنک نفسہ، یظہر ہا ازل ما یرید وہو الرجل الذی عصت نفسہ وانت لخاطر الحق تروضہا بل ینبو، وتدبیر اللہ تعالی فی القرن الاعظم تنویر العقل سرور الدین وتوجہ علی النفس حیث قال ان الذین اتقوا اذا مسہم طائف من الشیطان تذکروا فاذا ہم مبصرون۔

اقول الشیطان لیتشرف علی باطن الانسان من قبل کوۃ شہوۃ النفس فیدخل علیہ داعیۃ المعصیۃ فان تذکر جلال ربہ وخشع لہ تولد منہ نور فی العقل وہو الابصار ثم یتعدی الی القلب والنفس فیدفع داعیۃ ویطرد الشیطان وقال اللہ تعالی فی اولیاء الذین اذا اصابتہم مصیبۃ قالوا انا للہ وانا الیہ راجعون اولئک علیہم صلوات من ربہم ورحمۃ وہم المہتدون۔

اقول قولہ تعالی ان الذین اتقوا اشارۃ الی نزول خاطر الحق، وقول صاحب الشرع رحمۃ اشارۃ الی برکات یبصر بہا بصیرۃ من نور اللہ نفس وتشبہ

مثال ان دو شخصوں کی سی ہے جو لوہے کی زرہیں پہنے ہوئے ہیں اور ان دونوں نے ہاتھ سینے اور ٹخنے کی طرف جکڑے ہوئے ہیں پس صدقہ کرنے والا جب کچھ صدقہ کرتا ہے تو وہ زرہ پھیل جاتی ہے، اور بخیل جب صدقہ کرنے کا قصد کرتا ہے تو وہ زرہ تنگ ہو جاتی ہے اور ہر کڑی اپنی جگہ پکڑ لیتی ہے،

میں کہتا ہوں جس شخص کا نفس کسی طرح سے یا کسی طرح سے مطمئن ہو جاتا ہے تو خاطر حق ظاہر ہوتے ہی، اس کے نفس کا مالک ہو جاتا ہے اور [illegible] رغبت ہو جاتا ہے اور جس شخص کا نفس خاص اور [illegible] ہے تو خاطر حق [illegible] بلکہ اس سے دور ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے [illegible] میں حق کا نور بیان سے منور ہونے اور [illegible] کا نفس پر فیضان ہونے کو [illegible] فرمایا ہے، فرمایا ہے [illegible] لوگوں کی جب شیطان کی طرف سے پھرنے والی [illegible] ہوشیار ہو جاتے ہیں تو [illegible] ان کی بصیرت کھل جاتی ہے

میں کہتا ہوں شہوت نفس کے [illegible] باطن پر جھانکتا ہے اور [illegible] میں معصیت کی [illegible] پھر [illegible] بندہ جلال کو یاد کرکے ڈر جاتا ہے اس سے [illegible] پیدا ہوتا ہے [illegible] نور عقل اور بصارت ہے پس اس خواہش کو [illegible] اور نفس کی [illegible] پس [illegible] شیطان کو دفع کر دیتا ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے [illegible] اور خدا کی خوشنودی [illegible]

میں کہتا ہوں [illegible] کا قول [illegible] کے نزول خاطر حق کی طرف اشارہ ہے اور [illegible] کا قول [illegible] برکات کی طرف اشارہ ہے [illegible] نور اللہ سے بصیرت نفس [illegible]

بالملكوت، وقال تعالى ما اصاب من مصيبة الا باذن الله ومن يؤمن بالله يهد قلبه، اقول قول باذن الله اشارة الى معرفة القلب، وقوله ومن يؤمن بالله اشارة الى تردد الخاطر من العقل الى القلب والنفس، ومن احوال النفس الغيبة وهي ان تغيب عن شهواتها كما قال عامر ابن عبد الله ما ابالي امرأة رأيت ام حائطا وقيل للاوزاعي رأيتك اليوم في السوق، فقال افزرتاهم، ومن احوالها الحق، ومنها التعجب عن الاكل والشرب، ومنها الاعراض عن الشهوات، ومنها ان لا تغيب شيئا من الاشياء الا احبت نفسها الى جانب العقل ومتلاء العقل بنور الله تعالى، واجل من هذا واتم ان ينزل نور الله الى النفس فيقوم مقام الاكل والشرب، وهو قول صلى الله عليه وسلم اني لست كهيئتكم اني ابيت عند ربي يطعمني ويسقيني.

واعلم ان النفس متوسط بين العقل والنفس فقد ينسب اليه جميع المقامات او اكثرها اليه، وقد ورد على هذا الاستعمال آيات واحاديث كثيرة فلا تغفل عن هذه النكتة.

واعلم ان مدافعة نور الايمان لكل نوع من دواعي النفس البهيمية والقلب السبعي بيسر وقد يعسر، فمن يحب الله سبحانه ويسعى بسعي كل ذلك ووصفه في واحصل للعقل ملكة في انقاد الخواطر الحق منه وللنفس ملكة في قبول تلك

اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "اور کوئی مصیبت نہیں پہنچتی مگر خدا تعالیٰ کے حکم سے اور جو شخص خدا تعالیٰ پر ایمان لاتا ہے خدا تعالیٰ اس کے دل کو ہدایت دیتا ہے" الآیہ۔

میں کہتا ہوں اللہ تعالیٰ کا قول "باذن اللہ" تقدیر کی معرفت کی طرف اشارہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا قول "ومن یؤمن باللہ" عقل سے قلب اور نفس کی طرف خاطر حق کے مائل ہونے کی طرف اشارہ ہے اور منجملہ احوال نفس کے غیبت ہے اور اس کے یہ معنی ہیں کہ نفس اپنی خواہشات سے غائب ہو جائے جیسا کہ عامر بن عبداللہ کہتے ہیں مجھے کچھ تو نہیں ہوا میں نے عورت کو دیکھا یا دیوار کو اور اوزاعی سے کسی نے کہا کہ ہم نے تمہاری بازار میں دیکھا انہوں نے فرمایا کیا وہ رستہ تھی؟ اور منجملہ احوال نفس کے کھانے پینے سے اس کا بے پروا ہو جانا ایک وقت تک جس میں عادۃً کھانے پینے کی بے خبر نہیں رہ سکتا اس وجہ سے کہ اس کا نفس عقل کی جانب متوجہ ہو گیا ہے اور اس کی عقل نور الٰہی سے لبریز ہو گئی ہے اور اس سے بڑھکر اور کامل یہ ہے کہ نور الٰہی نفس کی طرف نازل ہو کر کھانے اور پینے کے قائم مقام ہو جائے چنانچہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تمہاری مانند نہیں ہوں میرا پروردگار میرے پاس شب بسر کرتا ہوں وہ مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے"

واضح ہو کہ قلب عقل اور نفس کے مابین ہے پس کبھی عقل کے طور پر جمیع مقامات یا اکثر مقامات کو قلب کی طرف منسوب کر دیتے ہیں اور اس استعمال پر آیات اور احادیث کثیرہ وارد ہیں پس اس نکتہ سے تو غافل نہیں ہونا چاہئے۔

